T01-17Jun2026 FAZAL/ED: Shakeel 12:40 pm

# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

***OFFICIAL REPORT***

Wednesday, the June 17, 2026
(362nd Session)
Volume XVII, No. 05
(Nos.)

*Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad*

| | |
|---|---|
| Volume XV | SP.XV (07)/2026 |
| No. 05 | 04 |

# Contents


1. Recitation from the Holy Quran ........ 1
2. Recitation of Naat ........ 1
3. Leave of Absence ........ 2
4. Motion under Rule 194(1) moved by Chairman, Standing Committee on Law and Justice regarding [The Pakistan Psychological Council Bill, 2025] ........ 3
5. Motion under Rule 194(1) moved by Chairman, Standing Committee on Law and Justice regarding [The Legal Practitioners and Bar Councils (Second Amendment) Bill, 2025] ........ 3
6. Presentation of report of the Standing Committee on Cabinet Secretariat regarding decision of the Government to appoint Principal Accounting Officers from private sector ........ 4
7. Further Discussion on Finance Bill 2026-27 ........ 7
    - Senator Muhammad Abdul Qadir ........ 7
    - Senator Abid Sher Ali ........ 12
    - Senator Mohammad Azam Khan Swati ........ 20
    - Senator Abdul Wasay ........ 23
    - Senator Poonjo ........ 28
    - Senator Hamid Khan ........ 34
    - Senator Shahzaib Durrani ........ 39
    - Senator Saifullah Abro ........ 45
    - Senator Hidayatullah ........ 56
    - Senator Dost Ali Jeesar ........ 61
    - Senator Kamil Ali Agha ........ 66
    - Senator Fawzia Arshad ........ 75
    - Senator Rana Mehmood-ul-Hassan ........ 80

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Wednesday, the June 17, 2026

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at forty-three minutes past twelve in the noon with Mr. Chairman (Syed Yousaf Raza Gilani) in the Chair.

----------------

## Recitation from the Holy Quran

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

فَاَثَابَهُمُ اللّٰهُ بِمَا قَالُوْا جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَذٰلِكَ جَزَآءُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۸۵﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا
بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۸۶﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحَرِّمُوْا طَيِّبٰتِ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ
الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۸۷﴾ وَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا ۪ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ﴿۸۸﴾

ترجمہ: تو اللہ نے ان کو اس کہنے کے عوض (بہشت کے) باغ عطا فرمائے جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں وہ ہمیشہ ان میں رہیں گے اور نیکو کاروں کا یہی صلہ ہے۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہ جہنمی ہیں۔ مومنو! جو پاکیزہ چیزیں اللہ نے تمہارے لیے حلال کی ہیں ان کو حرام نہ کرو اور حد سے نہ بڑھو۔ بے شک اللہ حد سے بڑھنے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔ اور جو حلال طیب روزی اللہ نے تم کو دی ہے اسے کھاؤ اور اللہ سے جس پر ایمان رکھتے ہو ڈرتے رہو۔ وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین۔ (سورۃ المائدہ: آیات 85 تا 88)

## Recitation of Naat

اللہ اللہ شاہِ کونین جلالت تیری

فرش کیا، عرش پہ جاری ہے حکومت تیری

تو ہی ہے ملکِ خدا، ملکِ خدا کا مالک

راج تیرا ہے زمانے میں حکومت تیری

دیکھنے والے یہ کہتے ہیں کہ اللہ اللہ

یاد آتا ہے خدا دیکھ کے صورت تیری

اللہ اللہ شاہِ کونین جلالت تیری

**Leave of Absence**

Mr. Chairman: Senator Dilawar Khan has requested for the grant of leave for the 10th June, 2026 during the current session due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Mohammad Ishaq Dar has requested for the grant of leave for the 16th June, 2026 during the current session due to official engagement. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Faisal Javed has requested....

(اس موقع پر ایوان میں اذان ظہر سُنائی دی)

(جاری ہے-----T02)

**T02-17Jun2026 Rafaqat Waheed/Ed: Shakeel 12:50 noon**

(اس موقع پر ایوان میں اذانِ ظہر سنائی دی)

Mr. Chairman: Senator Faisal Javed has requested for the grant of leave from 17th to 19th June, 2026 during the current session due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Mashal Azam has requested for the grant of leave for 12th June, 2026 during the current session due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Saadia Abbasi has requested for the grant of leave for 17th June, 2026 during the current session due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Anusha Rahman Ahmad Khan has requested for the grant of leave for 11th and 15th to 21st May, 2026 during the 361st session due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Farooq Hamid Naek, Chairman, Standing Committee on Law and Justice may move Order No.2.

**Motion under Rule 194(1) moved by Chairman, Standing Committee on Law and Justice regarding [The Pakistan Psychological Council Bill, 2025]**

Senator Farooq Hamid Naek: Thank you sir. I hereby move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on a Bill to establish the Pakistan Psychological Council [The Pakistan Psychological Council Bill, 2025], introduced by Senator Kamran Murtaza on 1st December, 2025, may be extended for a period of sixty days with effect from 29th June, 2026.

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Order No.3 stands in the name of Senator Farooq Hamid Naek.

**Motion under Rule 194(1) moved by Chairman, Standing Committee on Law and Justice regarding [The Legal Practitioners and Bar Councils (Second Amendment) Bill, 2025]**

Senator Farooq Hamid Naek: Thank you sir. I hereby move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012,

that the time for presentation of report of the Committee on a Bill further to amend the Legal Practitioners and Bar Councils Act, 1973 [The Legal Practitioners and Bar Councils (Second Amendment) Bill, 2025], introduced by Senator Shahadat Awan on 1st December, 2025, may be extended for a period of sixty days with effect from 29th June, 2026.

Mr. Chairman: I now put the motion to the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Order No.4 stands in the name of Senator Rana Mahmood ul Hassan, Chairman, Standing Committee on Cabinet Secretariat. He may move the Order.

سینیٹر رانا محمود الحسن: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! شکریہ۔

**<u>Presentation of report of the Standing Committee on Cabinet Secretariat regarding decision of the Government to appoint Principal Accounting Officers from private sector</u>**

Senator Rana Mahmood ul Hassan: I, Chairman, Standing Committee on Cabinet Secretariat, hereby present report of the Committee on a Calling Attention Notice moved by Senators Zamir Hussain Ghumro and Jan Muhammad on 14th November, 2025, regarding decision of the Government to appoint Principal Accounting Officers from private sector in violation of relevant law.

Mr. Chairman: Report stands laid. Rana Mahmood ul Hassan sahib, move Order No.5.

Senator Rana Mahmood ul Hassan: I, Chairman, Standing Committee on Cabinet Secretariat, hereby present report of the Committee on the subject matter of Starred Question No. 31, regarding civil service examination, asked by Senator Anusha Rahman Ahmad Khan, on 11th March, 2025.

Mr. Chairman: Report stands laid. Danesh Kumar sahib.

سینیٹر دنیش کمار: جناب! یہ ایک بہت بڑا issue ہے۔ کل قومی اسمبلی کے اجلاس میں ایک MNA صاحب نے ایوانِ بالا کے سینیٹرز پر طنز کیا ہے۔ انہوں نے طنزیہ کہا ہے کہ سینیٹرز بنے بنائے ہوئے دانشور ہوتے ہیں۔ ان کو الیکشن لڑوائیں، انہیں لگ پتا جائے گا کہ عوام جوتے کیسے مارتے ہیں، حساب کیسے لیتے ہیں۔ انہوں نے الیکشن لڑنا نہیں، حلقوں میں جانا نہیں، سوٹ پہن کر آجاتے ہیں۔

Mr. Chairman: This is their personal thinking.

سینیٹر دنیش کمار: نہیں جناب! سارے سینیٹرز کو کہا ہے۔ آپ custodian of the House ہیں۔ انہوں نے سارے سینیٹرز کی ناک کاٹی ہے۔ وہ سینیٹر اورنگزیب صاحب کے بارے میں بات کر رہے تھے مگر انہوں نے تمام سینیٹرز کا کہا ہے۔ یہ ایک بہت تشویش والی بات ہے۔ کسی کو حق حاصل نہیں کہ وہ ایوان بالا کے تمام اراکین کے متعلق اس طرح مخاطب ہو کر بات کرے۔

Mr. Chairman: Law Minister was present in the House.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: بٹ صاحب! ایک سیکنڈ، میں جواب دے لوں پھر آپ بھی بات کر لیں۔ میں نے بالکل reply کیا تھا اور اسی tone میں جو مناسب طریقہ تھا۔ یہ کسی کی ذاتی رائے ہے، ایوان کی رائے نہیں تھی۔ ایک رکن قومی اسمبلی کی ذاتی رائے تھی۔ انہوں نے اسے اس طرح سے structure کیا، میں وہاں پر موجود تھا اور میں نے انہیں پھر confront بھی کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ چونکہ انہوں نے حلقوں میں نہیں جانا ہوتا تو شاید وہ جو باریکیاں ہیں اور جو عوام کا pressure ہے، اسے محسوس نہیں کرتے۔ اگر آپ کو حلقوں میں جانا پڑے تو آپ کو لگ پتا جائے۔ میں نے خیر اس کا جواب کسی اور پیرائے میں دیا اور انہیں ساتھ یہ بھی کہا کہ benchmarks مختلف ہیں اور آئین کے framers نے اسی لیے اس ہاؤس کی ہیئت اور اس کی composition مختلف رکھی ہے۔ میرے خیال میں اس حد تک کسی کو بات نہیں کرنی چاہیے لیکن میرا خیال ہے کہ یہ کوئی ایسی institutional لڑائی نہیں ہے۔ اسی وقت اس کا جواب دے دیا گیا تھا۔

Mr. Chairman: This is a personal opinion.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: یہ personal opinion تھا اور اس کا جواب بھی دے دیا گیا۔

Mr. Chairman: And he is not here to defend himself.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: میں اس حوالے سے یہ ضرور کہنا چاہوں گا کہ الحمدللہ، پاکستان کو جو ایران امریکا conflict ختم کرانے میں جو عزت ملی ہے، الحمدللہ، وزیراعظم پاکستان کی سربراہی میں، فیلڈ مارشل صاحب کی کوششوں سے، اس کے جو دو pivotal roles ہیں، وہ لیڈر

آف دی ہاؤس، سینیٹر اسحاق ڈار اور ہمارے وزیر داخلہ، سینیٹر محسن نقوی نے ادا کیے ہیں۔We must appreciate their efforts. یہ جو ٹائیاں لگانے والے بابو ہیں، یہی سارے راستے کھول رہے ہیں۔ آج کا جو بجٹ ہے، پاکستان کے مشکل ترین معاشی حالات میں، میں نہیں کہتا کہ سب اچھا ہو گیا ہے، ان حالات میں ایک comparatively اچھا بجٹ دینے والا سینیٹر اور نگزیب بھی اسی ہاؤس کا نمائندہ ہے۔ میرے خیال میں ہمیں اس حوالے سے کسی کی بات پر کان نہیں دھرنے چاہیئیں۔We must appreciate our colleagues.

Mr. Chairman: There are six or seven Federal Ministers from this House.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! میں تو آپ کا حصہ ہوں اور آپ سب کی مہربانیوں سے میں آج reiterate کروں گا کہ 26ویں اور 27ویں آئینی ترمیم کرکے جو پارلیمان کا وقار بحال کیا گیا ہے اور اداروں کو اپنی حدود میں رہ کر کام کرنا ہے، وہ بھی اسی ہاؤس کے ایک رکن نے آپ کے ساتھ مل کر کیا ہے۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جی علی ظفر صاحب۔

سینیٹر سید علی ظفر: میرے خیال میں جو اعتراض تھا، اس کی bottom-line یہی ہے کہ شاید ٹائی کوٹ پر ان کو اعتراض تھا۔

(T03 پر جاری ہے)

T03-17June2026 Abdul Razique/Ed: Shakeel 01:00 p.m.

جناب چیئرمین: جی علی ظفر صاحب۔

سینیٹر سید علی ظفر: جناب، سینیٹر دنیش کمار صاحب کا جو اعتراض تھا، شاید اس کا bottom line tie and coat والی بات پر تھا۔ یہ ان کا personal comment تھا۔and we let it pass. شکریہ۔

جناب چیئرمین: جی، بٹ صاحب۔

سینیٹر ناصر محمود: جناب، یہ ایم این اے جو بھی ہے، انہیں بڑا شوق تھا یہ سب کہنے کا تو میں انہیں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ ایم این اے کو محلے میں جوتے اس وجہ سے پڑتے ہیں کیونکہ انہوں نے لوگوں سے وعدے کیے ہوتے ہیں کہ وہ ان کے یہ، یہ کام کریں گے۔ جب وہ کام نہیں کرتے تو انہیں جوتے پڑتے ہیں۔ ہم سینیٹر ہیں اور پارٹی جب یہ دیکھتی ہے کہ یہ بندہ ساری چیزیں qualify کرکے ایک senior بن گیا ہے تو پھر ہمیں سینیٹ میں بھیجتے ہیں۔ ہم party policy follow کرتے ہیں۔ ایم این اے کو اس وجہ سے جوتے پڑتے ہیں کیونکہ جب وہ صبح و شام محلے

میں جاکر وعدے کرتا ہے میں یہ کروں گا تو وہ کروں گا تو اس کے بعد لوگ اسے کہتے ہیں کہ ادھر آؤ اور جواب دو تو وہ جوتے کھانا deserve کرتا ہے۔ اگر اسے سوٹ نہیں ملتا تو میں اسے لے دیتا ہوں۔ This is very bad کہ انہوں نے سب سینیٹر صاحبان کو ایسے کہا ہے۔ اسے معافی مانگنی چاہیے ورنہ ہم ہر جگہ کھڑے ہو کر یہ کہیں گے کہ ایم این اے کو جوتے کیوں پڑتے ہیں۔

Mr. Chairman: Take your seats, please.

*(Interruption)*

Mr. Chairman: Yes, Law Minister.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: وہ کوئی Resolution بھی نہیں تھی بلکہ صرف ایک comment تھا۔ ہم بھی comments کرتے رہتے ہیں۔ دل بڑا کریں اور چھوڑیں۔ آپ نے جس طرح اپنے دل کی بات کر لی اسی طرح انہوں نے اپنی بات کر لی۔

Mr. Chairman: This is a non-issue. I have resigned as an MNA, and I am here as a Senator.

*(Desk thumping)*

Mr. Chairman: I welcome former Senator Aurangzaib Khan from KP in the House.

*(Desk thumping)*

Mr. Chairman: Yes, Senator Muhammad Abdul Qadir.

## **Further Discussion on Finance Bill 2026-27**

### **Senator Muhammad Abdul Qadir**

سینیٹر محمد عبدالقادر: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اللھم صلی علیٰ محمد والہ آل واصحاب محمد۔ شکریہ، جناب چیئرمین! ہمارا بجٹ سیشن چل رہا ہے and it is a longstanding tradition of the Parliament and this House کہ جب بھی بجٹ پیش کیا جاتا ہے تو Treasury benches اسے support کرتی ہے اور Opposition benches اسے criticize کرتی ہے۔ You know criticism is easy and making objections even easier لیکن یہ difficult ہے کہ ہم creative بنیں اور ایسی suggestions دیں جس سے وہ مسائل حل ہوں۔ اس حکومت نے جو بجٹ پیش کیا ہے، وہ سخت اور tense economic conditions میں کیا ہے لیکن جو macroeconomic indicators بہتر ہوئے ہیں، ان کا ذکر کرنا بہتر ضروری ہے۔ آج سے

دو، تین سال پہلے پاکستان میں tax-to-GDP ratio 8 per cent تھا۔ اس حکومت نے اسے increase کیا ہے اور اب tax-to-GDP ratio 10.2 per cent تک پہنچ جائے گا۔ پچھلے دو سالوں میں 7 billion dollars for each year زیادہ revenue اکٹھا کیا گیا ہے یعنی پچھلے دو سالوں میں FBR نے 14 billion dollars زیادہ revenue اکٹھا کیا ہے۔ Although جو ہمارے comparative ممالک ہیں، وہاں tax-to-GDP ratio اس سے higher ہے لیکن اس سے ایک ٹھیک direction کی طرف سفر شروع ہوا ہے۔ اس حکومت نے policy rate 22 per cent سے کم کرکے 11 per cent تک لائی ہے، اسے half کیا ہے اور جس سے اب businessman and industrialist قرضہ لے کر اپنی economic activity شروع کرتے ہیں اور انہوں نے policy rate control کیا ہوا ہے۔ اس حکومت نے ایک بہت ہی important factor پر کام شروع کیا ہے جس میں ہماری intelligence agencies کا بھی role ہے اور میں انہیں congratulate کرتا ہوں کہ پچھلے دو، تین سال سے foreign exchange rate control رکھا ہوا ہے۔ ہم نے پچھلے دس سالوں یا اس سے زیادہ میں foreign exchange rate میں 15 سے 20 فیصد increase دیکھا تھا لیکن ہم یہ امید کرتے ہیں کہ وہ اسی طرح dollar smuggling and dollar black market کو focus میں رکھیں گے کیونکہ ہمارا کوئی سوا سوارب ڈالر کا قرضہ ہے تو جب ڈالر 10 روپے بڑھتا ہے تو ملک کو 1200 ارب روپے کا نقصان ہوتا ہے۔ ہماری imports 60 to 70 billion dollars کی ہیں تو جب ڈالر 10 روپے بڑھتا ہے تو اس سے ملک کو 600 سے 700 ارب روپے کا نقصان ہوتا ہے۔ ڈالر کی price control ہونے سے بہت ساری imported items کی price بھی control میں رہی ہے۔

اس کے علاوہ ان کی پالیسی کی وجہ سے current account میں improvement آئی ہے۔ Stock market نے اچھا perform کیا ہے۔ Fiscal deficit narrow down کیا گیا ہے اور foreign remittances بھی کافی بہتر ہوئی ہیں۔ ایک اور important macroeconomic indicator inflation ہے اور ہم نے دیکھا کہ ملک میں یہ 29 سے 30 فیصد کے level کو بھی touch کیا۔ جب کسی economy میں inflation دو یا تین سال رہتی ہے تو اس کے بعد inflation automatically کم ہو جاتی ہے لیکن انہوں نے اس پر کام کیا اور inflation control کی۔ 2025 کے شروع میں inflation 0.5 or 1 per cent رہی لیکن ابھی آ کر اسے double digits touch کیا لیکن اگر آپ average نکالیں تو it is 7 to 8

اس پرFinance Minister and Prime Ministers’ team ہم یہ امید کرتے ہیں اگلے سال بھی ہمارے per cent.
اسی طرح کام کرے گی کیونکہ international standards کے مطابق ہمارے ملک میں تقریباً 44 per cent لوگ below
poverty line ہیں جن کی per day income 2.5 or 3 dollars ہے یعنی پورے مہینے ان کی income 75 to 80
dollars ہے اور انہوں نے پورا مہینہ انہی dollars کے ساتھ گزارنا ہوتا ہے۔ اگر مہنگائی اسی طرح رہتی ہے تو ان 11 کروڑ لوگوں کی
زندگیاں شدید مشکلات کا شکار ہو جاتی ہیں۔ اگر ہم سے کہا جاتا ہے کہ ہم نے پورے مہینے کا بجٹ 20 سے 25 ہزار روپے میں بنانا ہے تو یہ کتنا مشکل
ہے and it is almost impossible.

اس کے ساتھ، ساتھ میں یہ بھی کہنا چاہوں گا کہ کچھ چیزوں پر ہمارے ملک نے ضرور کام کرنا ہے۔ آپ یہ دیکھیں کہ ہمارا ملک 250
million آبادی والا ملک ہے لیکن آج بھی اس کی total exports 30 billion dollars ہیں۔ اگر ہمارے پاس 35 to 40
billion dollars remittances نہ ہوں تو شاید ہم ایک سال بھی نہ گزار سکیں۔ اس کے مقابلے میں آپ دیکھیں کہ نیوزی لینڈ جو
صرف 5 million آبادی والا ملک ہے، اس کی exports 80 billion dollars ہیں۔ Belgium جو 11.8 million لوگوں
کا ملک ہے، اس کی exports 400 billion dollars ہیں۔ Vietnam جو ایک جنگ اور مشکل حالات سے گزرنے والا 100
million لوگوں کا ایک ملک ہے، اس کی بھی exports 400 billion dollars ہیں۔ بنگلہ دیش جو ہم سے 1971 میں علیحدہ ہوا، آج
اس کی exports 62 billion dollars ہیں۔ یہ تو ہمارے لیے comparison میں ایک بہت ہی مشکل صورت حال ہے کہ وہ ہم
سے علیحدہ ہوئے اور آج ڈالر ان کے 110 ٹکا کا ہے اور ہمارے ہاں ایک ڈالر 275 یا 280 روپے کا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ comparison
میں ابھی ہمارے پاس بہت کام کرنا باقی ہے۔ دیکھیں میری نظر میں حکومت اور Prime Minister کو تمام Parliamentarians کو
چاہے وہ Government کا حصہ ہوں یا Opposition کا، اپنی economic team میں شامل کرنا چاہیے۔ ہمارے ملک سے I.T
exports کم از کم 30 billion dollars تک آرام سے جا سکتی ہیں۔ ہمارے ملک سے medicines export ہو سکتی ہیں۔ ہمارے
ہمسایہ ملک انڈیا کی medicine exports 100 billion dollars سے زیادہ ہیں جبکہ ہماری تمام exports ملا کر 30 billion
dollars ہیں۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہمارے پارلیمانی نظام کو improve کرنا چاہیے۔۔۔ (جاری T04)

سینیٹر محمد عبدالقادر : ہمارے ہمسایہ ملک کی medicine کی export سے 100 billion dollar زیادہ ہے، جبکہ ہماری تمام export ملا کر 30 billion dollar ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہمارے پارلیمانی نظام کو improve کرنا چاہیے۔ جو ہمارے ممبرز ہیں، ہمارے MNA ہیں، ہمارے Parliamentarians ہیں، ان کو حکومت کے اندر اہم ذمہ داریاں دینی چاہیے، تاکہ وہ اپنے اپنے حلقوں اور علاقوں میں ان چیزوں پہ کام کریں۔اور جتنی youth ہے، پاکستان اس وقت ایک youth bulge سے گزر رہا ہے۔ ہمارے پاس 15 years اور 35 years کے درمیان تقریباً 60 % population ہے۔ جناب چیئرمین، یہ ہمارا positive weapon بھی ہو سکتا ہے، اور یہ ہمارے لیے ایک negative weapon بھی بن سکتا ہے۔ اگر ہم نے اپنی youth کو صحیح guide کیا، صحیح رہنمائی کی، اور ان کو درست channelize کیا، تو یہ ہماری GDP میں ایک positive role play کرے گا۔اور اگر ہم نے، جناب چیئرمین، جس طرح اس وقت حکومت کا رویہ ہے، یا پچھلی حکومتوں نے اس چیز پہ کوئی importance نہیں دی، اپنی youth کو، جو 60% اس population کا حصہ ہے۔اگر اس کو صحیح رہنمائی نہ دی گئی، تو یقین کریں کہ یہ ہمارے لیے ایک بہت بڑا مسئلہ پیدا کرے گا، جس کو بعد میں ہم سنبھال نہیں سکیں گے۔

یہ بالکل اسی طرح ہوگا جیسے ہمارے ہاں دہشت گردی شروع ہوئی تھی۔ ہم نے اس کو light لیا، لیکن آج دہشت گردی کی یہ حالت ہے کہ پورا بلوچستان اس کی لپیٹ میں ہے، پورا KPK اس کی لپیٹ میں ہے، اور کوئی دن ایسا خالی نہیں جاتا کہ terrorist ہماری forces ، ہماری agencies، ہمارے بھائیوں اور ہماری بہنوں پہ حملے نہ کریں۔اسی طرح، میں حکومت کی توجہ دلوانا چاہتا ہوں کہ یہ جو youth bulge ہے، اس پر خاص توجہ دی جائے، اور اس پر اپنی concentration خاص کی جائے کہ اس کو ایک positive weapon بنایا جائے۔ اپنے GDP growth میں ان کو شامل کریں، اور رہنمائی کر کے ان کو اچھے businesses ، بہتر corporate ideas دیں، اور government ان کی help کرے۔

جناب چیئرمین: آپ wind up کریں۔

سینیٹر محمد عبدالقادر : سب نے کل 20-20 منٹ تقریر کی ہے، مجھے دو چار منٹ اور دے دیں، تھوڑے سے لوگ ہیں۔ جناب چیئرمین صاحب ! میں یہ آپ کو بتاتا ہوں کہ میرے نزدیک، میں نے پہلے بھی اس floor پر کہا تھا اور اب دوبارہ کہتا ہوں minister صاحب بیٹھے

ہیں، ہمارے ملک کے major problems میں ایک one of the biggest issue is energy ہے۔اور energy میں—power electricity جناب چیئرمین! اس سال ہم 1800 ارب روپے capacity charges دیں گے۔ ہم کتنے capacity charges دیں گے؟ 1800 ارب روپے۔ ہمارا health کا budget اور education کا budget ہے کوئی 40 ارب اور کوئی 70 ارب رکھا گیا ہے، although it is devolved subject جو squeezed provinces نے اپنا رکھا ہوا ہے، جبکہ پورے پاکستان کا development fund ایک ہزار ارب ہے، لیکن capacity charges میں ہم 1800 ارب روپے دے رہے ہیں۔ میں یہ کہتا ہوں کہ جو بجلی ہمیں دی جارہی ہے، اس میں صرف 33% بجلی کی cost ہے، جبکہ 67% capacity charges یا IPP'S کی مد میں ہم سے لیے جا رہے ہیں۔ اور IPP'S وہ mafia ہیں جو چاہے PTI کی government ہو، PML-N کی government ہو، PPP کی government ہو یا پرویز مشرف کی government ہو، سب کو bulldoze کر دیتے ہیں۔

میں حکومت کو یہ challenge کرتا ہوں کہ آپ ان کا forensic audit کروا کر دکھائیں۔ ایک چھوٹی سی مثال دیتا ہوں کہ a Turkish power company Karkey نے ہمارے خلاف چھ ارب dollar کا award لیا تھا۔ حکومت پاکستان نے اس پر ایک officer ، عرفان رانے صاحب، کو تعینات کیا۔ جب انہوں نے اس case کو investigate کیا تو اس award کی basis میں کچھ problems اور corruption کے عناصر سامنے آئے، جس کی وجہ سے وہ چھ ارب dollar کا award مکمل طور پر واپس ہو گیا۔ تو میرا مقصد یہ ہے کہ اگر ہم نے IPP'S سے agreements کر بھی لیے ہیں، تو یہ کوئی ناقابلِ حل مسئلہ نہیں ہے۔ جناب چیئرمین، ایک اور مسئلہ یہ ہے کہ چار چار، چھ چھ ہزار ارب والی ministries میں ہم officers کو بار بار change کرتے رہتے ہیں۔ پچھلے 10 سال میں شاید سات power کے secretary بدلے ہوں گے، اور تقریباً چھ petroleum کے secretary بدلے ہوں گے۔ تو آپ بتائیں کہ چھ چھ ہزار ارب اور پانچ پانچ ہزار ارب کے سالانہ turnover کے کام۔۔۔

جناب چیئرمین: آپ wind up کریں۔ 13 منٹ ہو گئے ہیں۔

سینیٹر محمد عبدالقادر :اس ملک کے future کا معاملہ ہے۔ بجلی کی وجہ سے غریب سے غریب آدمی بھی رل رہا ہے اور امیر سے امیر آدمی بھی پریشان ہے۔ ہماری industry کیوں تباہ ہے؟ ہماری export کیوں کم ہے؟ ہمارے import کیوں زیادہ ہیں؟ یہ سب کچھ

ہماری energy اور electricity کے مسائل کی وجہ سے ہے۔اور IPP'S کی حالت یہ ہے کہ جب پاکستان میں solarization ہو رہی تھی، اور ہم نے international contracts sign کیے ہوئے ہیں کہ 2040 تک renewable energy کا 95%ہدف حاصل کرنا ہے اور 2030 تک 65% clean energy پر جانا ہے، تو IPP'S نے وہ policy جو خود حکومت سے approve کروائی تھی،اسے reverse کروادیا۔نو روپے کا unit IPP'S کہتا ہے کہ آپ solar سے لیں، جبکہ اپنا unit وہ 50 روپے میں بیچتے ہیں۔ جناب چیئرمین، اگر ہم نے آج ان mafias کو control نہ کیا، تو اس سال 1800 ارب، اگلے سال 1900 ارب، اور اس سے اگلے سال 2000 ارب دینا پڑے گا۔حالت یہ ہے کہ ہم صوبوں سے development کے پیسے واپس مانگ رہے ہیں۔ پچھلے دو تین سالوں میں ہم ہر سال آٹھ آٹھ، نو نو ہزار ارب روپے قرض لے رہے ہیں، اور پچھلے چار سال میں ہمارا 40 ہزار ارب روپے کا قرض increaseہوا ہے۔اس کی وجہ یہی power generation کا نظام اور یہ mafia ہے، جو پورے ملک کو آگے بڑھنے نہیں دیتا۔اس کے علاوہ بھی کافی باتیں ہیں۔ دو تین point میں مختصر عرض کرتا ہوں کہ پچھلے 20-30سال سے advances to deposit ratioبینکوں کا ہمارے ملک میں 30-40% ہے، تقریباً 35%۔ جبکہ India میں 80%، بنگلہ دیش میں 85%،اور دیگر ممالک میں 90%تک ہے۔یہ وہ پیسہ ہے جو بینکوں نے عوام کو business کے لیے دینا ہوتا ہے۔اگر ملک میں بینک پیسہ دے گا، لوگ انڈسٹری لگائیں گے، businessبڑھے گا، taxجمع ہوگا، لیکن بینک اپنا زیادہ تر پیسہ حکومت کو دیتے ہیں، اور باقی بڑے شہروں کے بڑے corporate لوگوں ان کو دے دیتے ہیں۔

Mr. Chairman: Thank you! Now I give the floor to honorable Senator Abid Shel Ali sahib.

**Senator Abid Sher Ali**

سینیٹر عابد شیر علی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، بہت شکریہ جناب چیئرمین، آپ نے مجھے وقت عنایت فرمایا۔ میں آج وفاقی بجٹ، جو economic survey 2026پر گفتگو کرتے ہوئے میں وزیراعظم شہباز شریف صاحب کی کاوشوں کو سراہتا ہوں کہ ملک کی باگ ڈور انہوں نے اس وقت سنبھالی جب لوگ پاکستان کو سری لنکا بنانے کی بات کر رہے تھے، جب لوگ پاکستان کو Grey listمیں ڈالنے کی بات کر رہے تھے، اور وزیراعظم شہباز شریف نے اپنی پوری انتھک محنت کے ساتھ پچھلے چار سال جو ڈوبتی ہوئی ناؤ تھی پاکستان کی اسے سنبھالا دیا۔بہت

سی باتیں سنیں ہیں، اور اس پر بہت سی تنقید بھی ہے ظاہر ہے، تنقید کرنے والے اچھی چیز پر بھی تنقید کرتے ہیں۔اس کے علاوہ، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر صاحب کو، نائب وزیراعظم سینیٹر اسحاق ڈار صاحب کو، اور وزیر داخلہ جناب محسن نقوی صاحب کو بھی مبارکباد پیش کرتا ہوں، جنہوں نے پاکستان کے وقار، سلامتی اور استحکام امن کے لیے اپنا کردار ادا کیا۔ جناب چیئرمین، بجٹ پر یہ لوگ اعداد و شمار پر بات کرتے ہیں، لوگوں کو کم سمجھ آتی ہے، میری زبان شاید جلدی سمجھ آجائے۔۔ (جاریT05)

T05-17JUN2026 Taj/Ed. Shakeel 01:20 p.m.

سینیٹر عابد شیر علی: (جاری) یہ لوگ اعداد و شمار سے بات کرتے ہیں، لوگوں کو کم سمجھ آتی ہے، میری زبان شاید جلدی سمجھ لیں۔ جناب چیئرمین! 2014 میں جب وزیراعظم نواز شریف نے حکومت سنبھالی تو ملک 18 سے 20 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ ہوتی تھی۔ مہنگائی، بے روزگاری، بدامنی، دہشت گردی پاکستان میں ہر جگہ چھائی ہوئی تھی۔ اس وقت پاکستان کے غریب لوگوں کو ایک روپے 50 پیسے فی یونٹ بجلی ملتی تھی۔ صنعتکاروں کو 14.50 per unit بجلی ملتی تھی۔ چینی 45 روپے کلو تھی۔ ڈالر 100 روپے کا تھا۔ پٹرول کی قیمت بھی 100 روپے سے کم تھی۔ معاشی خوشحالی تھی اور پاکستان ترقی کی راہ پر گامزن تھا۔ پھر اچانک ایک تبدیلی آئی کہ عمران خان آئے گی، ڈالر لائے گی۔ عمران خان آئے گی، آئی ایم ایف کے منہ ڈالر مارے گی۔ عمران خان آئے گی، دو کروڑ نوکریاں لائے گی۔ عمران خان آئے گی، ملک میں استحکام لائے گی۔ عمران خان آئے گی، دہشت گردی کا خاتمہ کرے گی۔ عمران خان آئے گی، سونامی لائے گی۔ عمران خان آئے گی، پتا نہیں کیا کچھ لائے گی۔ جناب چیئرمین! عمران خان آئی، آئی ایم ایف کے قرضے بڑھے۔ یہ وہ ٹیم تھی جو کہتے تھے کہ میرے پاس 100 بندوں کی معاشی ٹیم ہے۔ یہ ارسطو اسد عمر صاحب لے کر آئے۔ ارسطو نے ڈالر کی جمپ لگوائی۔ ارسطو نے اس وقت دودھ کا رکھا بلا ندیم بابر کو بٹھا دیا، وہاں پر جس کا اپنا IPP تھا، جو کرپشن کا بے تاج بادشاہ تھا شہزاد اکبر کو لا کر احتساب کے ادارے میں بٹھا دیا۔ ارسطو کی فلاسفی فیل ہوئی۔ پھر جناب حفیظ شیخ کو لے آئی۔ حفیظ شیخ صاحب فیل ہوئے تو شوکت ترین صاحب کو لے آئے۔ شوکت ترین صاحب فیل ہوئے تو حماد اظہر کو لے آئے۔ جناب چیئرمین! اڑھائی سال میں پہلی حکومت تھی جس نے اپنے چار وزراء خزانہ کو بدلا۔ ان لوگوں نے بجلی ایک روپے 50 پیسے سے 37 روپے 50 پیسے کر دی۔

جس شہباز شریف نے اپنی انتھک محنت سے قطر کے ساتھ ایل پی جی کی ڈیل کی، اپنے پاور پلانٹ چلانے کے لیے، اس شہباز شریف کا نام تاریخ میں رقم کیا جائے گا۔ جس نے ریکارڈ 22 مہینے کے اندر 3600 میگاواٹ بجلی گیس سے پیدا کی۔ بھکی، بلوکی اور حویلی بہادر شاہ، تین پاور پلانٹ لگائے۔ دیامر بھاشا ڈیم، جس کی چار مرتبہ inauguration ہوئی، جنرل پرویز مشرف سے لے کر لیکن کام میاں محمد نواز شریف کے

دور میں شروع ہوا۔ داسو ڈیم اس کے دور میں شروع ہوتا ہے۔ نیلم جہلم جو کرپشن کی آماجگاہ بنا ہوا تھا، اس ڈیم کی تعمیر اور اس کا افتتاح محمد نواز شریف کے دور میں ہوا تھا۔ پاکستان میں 18 سے 20 گھنٹے کی لوڈ شیڈنگ کو ختم کرنے کا نام نواز شریف تھا اور اس ہنستے ہوئے پاکستان کو تبدیلی کے نام پر اجاڑ دیا گیا۔ ان لوگوں نے کرپشن کو متعارف کروایا۔ ان لوگوں نے پاکستان کی معیشت کو بہتر کرنے کی بجائے نواز شریف کے جیلوں میں ایئر کنڈیشن اتارنے کو ترجیح دی۔ انہوں نے ملک چلانے سے پہلے، بہتر کرنے سے پہلے یوسف رضا گیلانی صاحب کے خاندان، زرداری صاحب کی فیملی کو پکڑنے کو ترجیح دی۔ انہوں نے مریم نواز شریف صاحبہ کو کراچی کے ہوٹل سے پکڑنے کو ترجیح دی۔ ان کو ملک کے لیے یہ نیت کہاں ملنے کو۔ ان کی تبدیلی نے، میڈم زرقا میری بہن ہے، کل وہ بھی بات کر رہی تھی اور چار سینے چڑھا کر باتیں کرتی تھی۔ او بھئی! چینی چور تو آپ تھے۔ چینی کا scandal آپ کے دور میں آیا۔ غریب، مزدور آدمی کو دو تین روپے کی روٹی ملتی تھی، آپ لوگوں نے مہنگی کر کے اس کو پندرہ روپے سے سولہ روپے کیا۔ آپ لوگوں کے دور میں آٹے کا scandal آیا۔ آج یہاں پر آپ سینے چڑھاتے ہیں، ہمیں بتاتے ہیں Form 45 اور Form 47. فیض حمید کو آپ کا باپ لے کر آیا تھا جس نے الیکشن میں دھاندلی کے ریکارڈ پیدا کیے۔ جس نے مسلم لیگ (ن) کی جیتی ہوئی سیٹیں راتوں رات بدل کر آگے پی ٹی آئی کے MPAs, MNAs سے جہاز بھر کر انہوں نے بندر بانٹ لگا دی۔ جناب چیئرمین! مانا کہ آ گئے تھے، جس طرح بھی آ گئے تھے، ایک page پر آئے تھے۔ عدلیہ ان کو لے کر آئی، اس وقت کے مجرم چیف جسٹس ثاقب نثار اور اس کی پوری ٹیم، جنہوں نے پاکستان کا معاشی قتل کیا، ان چوروں اچکوں کو جو قانون کے محافظ بنے بیٹھے تھے۔ پی ٹی آئی کی B team بن کر ملک کا معاشی قتل کر دیا جس کی وجہ سے آج ڈالر کی اڑان، پٹرول کی اڑان، کوئی چیز قابو میں نہیں آتی کیونکہ یہ لوگ بقول ان کے وزیر داخلہ شیخ رشید، کہ ہم ایسا ٹھوکا ہے کہ یہ ملک نہیں چلا سکتے۔ بھئی! اسی ملک نے آپ کو عزت دی۔ آپ کے دور میں ہرا پاسپورٹ ایسے گیا، شہباز شریف صاحب، جنرل عاصم منیر صاحب، ان کے دور میں دیکھیں، آپ نے انڈیا میں کشمیر کا سودا کیا۔ آپ نے ان کے آگے گھٹنے ٹیکے۔ آپ نے ابھی نندن کو چھوڑا۔ آپ نے قومی وقار کو ضرب دی۔ کہتے تھے کہ ہم کیا جنگ لڑیں ہمارے پاس تو جہازوں میں تیل نہیں ہے۔ اب کہاں سے ٹینکوں میں تیل آ گیا؟ اب کہاں سے جہازوں میں تیل آ گیا؟ آپ اس وقت کے بزدل حکمران تھے۔ آج کا حکمران محمد شہباز شریف ہے۔ آج کا جنرل عاصم منیر ہے۔ کوئی وہ لوگ نہیں ہیں جو دو نمبری کر کے آئے اور پاکستان کا بیڑا غرق کر کے چلے گئے۔ بھائیو! آپ لوگ تو آئے تھے ڈالر لانے کے لیے، جلوس نکالنے کے لیے، گالی گلوچ کرنے کے لیے، ان کی باہر بڑی بریگیڈ پڑی ہے۔ بتائیں کہ ان کے دور میں کتنے لوگ آئے۔ خیبر پختونخوا میں ایک دہائی سے زیادہ ان کی حکومت ہے۔ آج۔ خیبر پختونخوا کے حالات دیکھیں، دہشت گردی کی آماجگاہ بنا ہوا ہے۔ وہاں پر ہماری security forces پر حملہ کیا جاتا ہے۔

ہمارے جوانوں کو شہید کیا جاتا ہے۔ یہ کرپشن کے بے تاج بادشاہ اس وقت پچاس روپے کی ہیلی کاپٹر کی ride دیتے تھے۔ یاد ہے یا نہیں، یا میں آپ لوگوں کو یاد کراؤں۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر عابد شیر علی: نہیں یاد، آپ اس وقت دودھ پیتی ننھی بچی تھی، آپ کو کیا پتا۔ آپ کو نہیں پتا۔ فرح گوگی کی طرف بھی آؤں گا۔ میں ابھی سلائی مشینوں پر بھی آؤں گا۔ جو آپ money trail مانگی تھی۔۔۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Please address the Chair.

جناب چیئرمین! میں آپ سے ہاتھ جوڑتا ہوں۔ سینیٹ کے لوگوں سے پیسے لے کر اس کے دماغ کا علاج تو کروائیں۔ میں مذاق نہیں کرتا۔ مجھ سے پیسے لے لیں، میں مفت علاج کرواتا ہوں۔ میں اس کا لاہور میں علاج کرا دیتا ہوں۔ چیئرمین صاحب! میں اتنا زیادہ وقت لوں گا جتنا یہ بولیں گے۔

جناب چیئرمین: آپ wind up کرنا شروع کر دیں۔

سینیٹر عابد شیر علی: جناب چیئرمین! 9 مئی کا واقعہ آیا۔ انہوں نے پاکستان کی قومی سلامتی کے اداروں پر حملہ کر دیا۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر عابد شیر علی: میری مرضی۔ آپ نے اپنے پھوپھا جان کی تصویر لگائی ہے۔ آپ نے اس منحوس آدمی کی تصویر لگائی ہے۔ میں نے آپ کو بولا؟

(مداخلت)

Mr. Chairman: Please order in the House.

سینیٹر عابد شیر علی: یہ پاکستان کا غدار جس نے کشمیر کا سودا کر دیا، منحوس کی تصویر لگائی، جس نے پاکستان کی نسلوں کا بیڑا غرق کر دیا، اس نحوست کی تصویر لگائی۔۔۔

Mr. Chairman: Please address the Chair.

سینیٹر عابد شیر علی: جناب چیئرمین! پلیز،ان کو چپ کرائیں۔ یہ گھروں میں بولتی ہیں، یہاں پر بھی بولتی ہیں۔ پتا نہیں کیا بنے گااس قوم کا۔ پتا نہیں آگے نسلیں کیسے چلیں گی۔ 9 مئی کا واقعہ۔ کہتے ہیں کہ ہمیں کیا پتا۔ چیئرمین صاحب! ماشاءاللہ آپ کی بھی تین نسلیں سیاست میں ہیں۔ آپ ملک کے وزیراعظم بھی رہے ہیں۔ ماشاءاللہ آپ قومی اسمبلی کے سپیکر بھی رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو چیئرمین سینیٹ اور صدر پاکستان بھی بنایا۔

(جاری۔۔۔T06)

**T06-17June2026 Ali/Ed: Shakeel 01:30 pm**

سینیٹر عابد شیر علی: (جاری ہے)اللہ تعالیٰ نے آپ کو چیئرمین سینیٹ اور صدر پاکستان بھی بنایا، کیا آپ نے کبھی اس طرح کی سیاست اپنے پورے career میں دیکھی ہے؟ کیا آپ نے دیکھا کہ کس طرح لوگوں کو target کیا جاتا ہے، اداروں پر حملہ کیا جاتا ہے، سیکیورٹی اہلکاروں اور کمانڈروں کے گھروں پر حملہ کیا جاتا ہے۔ کبھی دیکھا تھا آپ نے؟ کبھی آپ نے اپنے دور میں دیکھا تھا کہ کوئی باہر جائے، تو ان کو گالیاں دیں؟ آپ اپنے social media کے ذریعے فوج کو گالیاں دیں، GHQ پر حملہ کرنے کی سازش کریں، پھر آپ کے وزراء تڑی لگاتے تھے۔ پھر کوئی wheelchair پر آ کر رویا، کوئی فلاں جگہ پر۔ آپ تو بیماریوں کے مذاق اڑاتے رہے۔ کلثوم نواز صاحبہ کے علاج کے دوران hospital کے باہر آپ video بناتے رہے، شرم نہیں آتی آپ لوگوں کو؟ آپ پھر ہمیں کہتے ہیں کہ جی، علیمہ خان کے ساتھ یہ ہو گیا۔

آپ money trail لائیں نا، کیسے وہ سلائی مشینوں سے ارب پتی بن گئیں؟ وہ جو آپ کی Namal University ہے، امریکہ سے پیسے کیسے Dubai transfer ہوئے؟ کیسے London میں properties خریدی گئیں؟ میں بتاؤں؟ میرے پاس record ہے۔ آپ لوگوں نے ملک کا ستیاناس کر دیا۔ آپ کے ساتھ کیا budget میں بحث کریں؟ کیا آپ کو اعداد و شمار یاد ہیں؟آپ کر سکتے تھے جب پاکستان کے لوگوں کو 1.5 روپے کی بجلی دی جاتی تھی؟ 18 گھنٹے کی، 20 گھنٹے کی load shedding کو نواز شریف نے آ کر اس gap کو bridge کیا۔ آپ نے اس نظام کا بڑا بیڑا غرق کر دیا اور اوپر سے شہباز شریف کے بہترین پنجاب پر بزدار صاحب کو لا کر بٹھا دیا۔ ماشاءاللہ، ان کی کیا policy ہے؟ واہ! ان کی کیا team ہے؟

جناب چیئرمین آپ ماشاءاللہ وزیراعظم تھے، ملتان کو آپ نے کیسا خوبصورت بنایا۔ آپ نے bridges بنائے، آپ نے D.G. Khan تک سڑکیں بنوائیں، کام نظر آیا۔ انہوں نے کیا کیا؟ مجھے دکھ ہے کہ یہ لوگ تنقید کر رہے ہیں جو standing Committees

میں نہیں بیٹھتے، جو صرف ایک تصویر کے گرد گھومتے ہیں، باقی 26 کروڑ عوام کی انہیں کوئی فکر نہیں۔ تبدیلی لائے تھے تو پھر ملک کو crisis سے نکالتے، نہ کہ heroin کے cases بناتے۔ زرداری صاحب کی بہن کو آپ نے ہتھکڑیاں لگائیں، چاند رات کو۔ آپ کی ماں بہن، آپ کی ماں بہن ہے؛ باقی کسی کی کوئی نہیں ہے؟ budget پر ان کے ساتھ کیا بحث کروں؟

میڈم زرقا نے کل بڑی باتیں کی ہیں، میڈم جی آپ کی تو حکومت رہی ہے۔ ماشاء اللہ، جوتی بھی اچھی، کپڑے بھی اچھے۔ آپ نے کل کہا کہ لوگوں کے پاس پیسہ نہیں ہے؛ پھر آپ کے پاس کیسے آ جاتا ہے؟ معذرت کے ساتھ، بڑی عزت ہے آپ کے ساتھ۔ لوگوں کے پاس پینے کا پانی نہیں ہے، آپ coffee پی رہی ہیں یہاں پر۔ یہ coffee پی رہی ہیں، یہ چائے پی رہی ہیں، مزے کر رہی ہیں۔ میڈم صاحبہ ! ماشاء اللہ، آپ کھاتی پیتی ہیں، ہم نے کب کہا کہ آپ رزق حلال نہیں کماتیں۔ لیکن میری بات تو سنیں۔ اچھی طرح سے بات کر رہا ہوں۔

Mr. Chairman: Try to wind up.

سینیٹر عابد شیر علی: آپ میری بہن ہیں، میں آپ سے ہاتھ جوڑ کر بات کر رہا ہوں۔ میں نے صرف آپ کی تقریر کی تائید کی ہے۔

جناب چیئرمین: پانی یا کوئی چیز ایوان میں نہیں آ سکتی۔

سینیٹر عابد شیر علی: اب ترسیلات بڑھ گئیں ہیں، imports بڑھ گئیں ہیں۔ میں نے آپ سے اپنی گزارشات کیں ہیں۔ میں نے تو ابھی بات کی ہے، پولٹری فارم بھی بند کریں گے۔

Mr. Chairman: Order in the House.

سینیٹر عابد شیر علی: آپ خواب میں آئیں تھیں۔ آپ میری بہن ہیں، ذرا بات سن لیا کریں۔

Mr. Chairman: Please wind up.

سینیٹر عابد شیر علی: میں یہاں پر اعداد و شمار پیش کر سکتا تھا، لیکن میں بھینس کے آگے بین نہیں بجاتا۔

Mr. Chairman: Please wind up, Order in the House.

(مداخلت)

جناب چیئرمین: جب آپ کی باری آئے تو جواب دیں۔

سینیٹر عابد شیر علی: آپ کو لاہور میں ضرور check کراؤں گا، free میں check کراؤں گا، مریم نواز شریف نے بہت سارے ہسپتال بنوائے ہیں، ایک mental hospital بھی ہے۔

Mr. Chairman: Please address the Chair and wind up it. Only half a minute.

سینیٹر عابد شیر علی: میں آپ کا بہت احترام کرتا ہوں، آپ مجھے کہیں گے تو میں ابھی ختم کر دوں گا۔

جناب چیئرمین: وہ تو ٹھیک ہے۔ دیکھیں، بہت سارے لوگ ہیں۔

سینیٹر عابد شیر علی: آپ کا،آپ کی seatکا بے حد احترام ہے۔

سینیٹر عابد شیر علی: بولنے دیں گے تو میں بات کروں گا۔

Mr. Chairman: Please wind up.

(مداخلت)

سینیٹر عابد شیر علی: میں ایک دو منٹ لوں گاwind up کرنے کے لیے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: آپ بیٹھیں، آپ تشریف رکھیں، wind up کریں۔

سینیٹر عابد شیر علی: یہ سارے جہاز ہی ہیں، پتہ نہیں کیا کھا پی کے آتے ہیں۔ مجھے ان کی کچھ سمجھ نہیں آتی۔

جناب چیئرمین: آپwind up کریں۔

سینیٹر عابد شیر علی: یہ واقعی جہاز ہی ہیں۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Order in the House.

سینیٹر عابد شیر علی: میرا اور آپ کا بے حد احترام کا رشتہ ہے۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Please wind up, now I give the floor.

سینیٹر عابد شیر علی: ایک منٹ، میں wind up کر رہا ہوں۔ میری درخواست ہے کہ آپ House in Order کر دیں۔

جناب چیئرمین: میں کروالوں گا،آپ wind up کریں۔

(مداخلت)

سینیٹر عابد شیر علی: میں اب کہوں کہ علیمہ خان چور، تو کیا فائدہ؟ میں کہوں کہ عمران خان چور، تو کیا فائدہ ہے؟ میں کہوں آپ چور، کیا فائدہ ہے؟ میں نہیں کہتا چور؛ دنیا کہہ رہی ہے۔

جناب چیئرمین: آپ مجھے address کریں۔ جی، ختم کریں۔

سینیٹر عابد شیر علی: آخری ایک منٹ، میری درخواست ہے کہ cross subsidy کو ختم کرنا چاہیے۔ جو صوبوں کی بجلی کی چوری کا مسئلہ ہے،اس کو اچھی DISCO, distribution company پر نہیں ڈالنا چاہیے۔ اگر کسی DISCO میں 47%, 50%, 60% چوری ہے، تو اس کا زور فیصل آباد کی industry پر نہیں ڈالنا چاہیے اور کوئی وزیر صاحب تو موجود نہیں، چلیں خود ہی note کر لیتے ہیں، حق کی کرنی چاہیے؛ اس میں کون سی بات ہے؟ پوری row خالی ہے، کوئی وزیر تو بیٹھا ہی نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: Officers بیٹھیں ہیں اور note بھی کر رہے ہیں۔

سینیٹر عابد شیر علی: Officers بیچاروں کی duty ہے۔ جناب! اس کے لیے cross subsidy کو ختم کریں۔

جناب چیئرمین: آپ ادھر دیکھیں۔

سینیٹر عابد شیر علی: تمھیں تو تمہارا گھر والا بھی نہیں سنتا۔ وہ بھی کان میں روئی دے کر سوتا ہوگا۔ آپ اتنا غصہ نہ کریں، ٹھنڈی رہیں۔

Mr. Chairman: Senator Sahib, please address the Chair.

سینیٹر عابد شیر علی: آپ مجھے غصہ نہ دلائیں۔ جناب چیئرمین! میں آپ کے احترام میں، جو آپ فرمائیں، میں آپ کی بات پر لبیک کرتا ہوں۔ آپ حکم کریں۔

Mr. Chairman: Thank you, please have a seat. Now I give the floor to Swati Sahib. (Continue on.....T07)

Mr. Chairman: (Continued…) Thank You. Please be seated. Now I give the floor to Swati *Sahib*.

*(Interruption)*

جناب چیئرمین: میں ترتیب سے چل رہا ہوں۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: No, I agree with you. Please.

**Senator Mohammad Azam Khan Swati**

Senator Mohammad Azam Khan Swati: إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ Mr. Chairman! I heard very thoughtful, very inspiring speeches from my esteemed colleagues with facts and figures on the current budget. I have chosen a different pattern. Rather than reiterating their facts, their figures, justify or reject this particular budget, I will start my debate with a poetic verse, or what you call it شعر, where it encompasses the ruler's magic as well as the precarious condition of their subjects, the common people of Pakistan.

خواب سے بیدار ہوتا ہے ذرا محکوم اگر

پھر سلا دیتی ہے اُس کو حکمران کی ساحری

Mr. Chairman, this particular budget is not consist of figures, expenditure, tax, whether it is surplus or deficit. We should proceed this particular budget, the hope and the struggle of the people who've been burdened because of this budget. It should address our labor class, it should address our poor segment of society and it should lead how to resolve the issues confronted by more than 50% of our population. It should address the genuine taxpayers who are shedding their blood so our economy could run.

Mr. Chairman, I still remember in 60s, where Pakistan was leading all the other developed countries. People would come to Karachi and learn from us. Look at our PIA, our steel mill, look at our universities. All these gulf rulers would come to Karachi for their education. We had the glory. The prosperous Pakistan moving towards prosperity and one I contrast and compare.

In 1960, the South Korean total exports were fifty-five hundred thousand dollars, five hundred thousand dollars. In 1960 we had exports of two billion US dollars. In 80s, I have seen myself in China where the bicycle was dominated in Beijing. Their food was rationed. They would get their meat with coupons and look at it with the very leadership, in one generation history tells us that China has become the most powerful industrial base of the present world. Millions and billions of people out of the poverty line being lifted and look at what we had. We had Karachi Airport that was one of the busiest airports in South Asia. The jurists and judges that we produce, look at they are carnelious, Ajmal Mian, Tufail Ali Abdul Rehman, Bhagwan das. There are the icons, the heroes of Pakistan.

On the economic side, Pakistan inherited Mahboob ul Haq, Dr. Ishrat and today's Higher Education Architects, we have witness and seen Dr. Atta ur Rehman. Why I am calling all these heroes and icons today in this August House because this is our history, this is our legacy that we should cherish and take our country to that.

It is because we failed ourselves. It is not because of the resources, it is not because we didn't have the talent but it is because we didn't have the needed leadership. That is the reason today that millions and millions of people like me that not only support Imran Khan but we love him, we adore him and we follow him.

*(At this stage, Mr. Deputy Chairman, Senator Syeedal Khan presided over the proceedings of the House)*

Mr. Chairman, Mr. Imran Khan to me and millions of people he's like Dr. Mahathir of Malaysia, he is like Erdogan of Türkiye, he is like Nelson Mandela of South Africa. That's the reason we see because he has given hope to millions of young people that yes, this is the Pakistan and we can rise again. That's the reason that I have suffered so much with my family but I stand my ground for the people of Pakistan, for this great country and *In sha'Allah Ta'ala* one day definitely we will succeed.

Mr. Chairman, what a sad story that I am going to be sharing with you. Where is the Opposition Leader of the Senate, Mr. Shibli Faraz? Where is Omar Ayub. Where is Ahmad Bhachar? And what a promising young man Khalid Khursheed, the Chief Minister of GB and what kind of elections we conducted recently in GB that has deepened the sadness and the respect of the vote is out of the window because of what have we done to our political system.

Mr. Chairman, now I am coming to a deeper sad story that Prime Minister of Pakistan and his wife incarcerated, isolated, for what crime they have ever committed. Look at the people in Kot Lakhpat. Look at their ages. Look how honestly they served this great country, Pakistan. How are we behaving with them? Look at Hamid Raza and what happened to him? And all our parliamentarians are either on the run or they are facing jail. That is the reason we have failed. That is the reason Pakistan is not pulling toward prosperity.

Mr. Chairman, the panacea to political settlement is negotiations. We appreciate and acknowledge all those who played a very pivotal role in bringing Iran and United State war to end.

Mr. Chairman: (Contd….) The Panacea to political settlement is negotiation. We appreciate and we acknowledge all those who played a very pivotal role in bringing Iran-US war to end. We have sigh of relief today, but can we apply the same effort? Can we apply the same struggle by settling what is going on in Azad Kashmir, in GB, in Balochistan, in Fata, and other parts of the KP? The Panacea to our ill, Mr. Chairman, remember this, Panacea to our ill is the political stability. Nowhere, in this world, you would have economic progress unless you have political stability. In the end, Mr. Chairman, I would ask the powerful corridor that we should reconcile. Healing is better than retribution. We should give space to Imran Khan and all of his followers and leaders, so the wound can be healed.

I have also tabled two resolutions, one, that we should have strong local governments and the second that we should have smaller provinces, so we could administer for the safety and progress of this great country, Pakistan. I hope after the Budget, those resolutions will be brought in, will be tabled, and we will, inshallah, discuss those.

Mr. Chairman, I'm seeking again, asking again people of power that salvation, our salvation is in unity not in division, therefore, I urge everyone sitting on both sides of the aisle that for the sake of this country, for the unity of Pakistan we should reconcile our differences and move on. Pakistan Paindabad Imran Khan Zindabad.

جناب ڈپٹی چیئرمین : سینیٹر عبدالواسع صاحب۔

**<u>Senator Abdul Wasay</u>**

سینیٹر عبدالواسع : شکریہ، جناب ڈپٹی چیئرمین ! بجٹ 27-2026 پیش ہو چکا ہے۔اپوزیشن اور حکومت اپنے اپنے روایتی انداز میں بحث بھی کر چکے ہیں۔ ایک وقت وہ تھا کہ ہم بجٹ میں اپنے صوبے کے لیے، اپنے عوام کے لیے، اپنے ملک کے لیے relief مانگنے کے لیے بحث

کرتے تھے اور یہاں بول دیتے تھے کہ ہمارے ملک میں ترقی کے لیے کچھ کیا جائے لیکن آج اس وقت ایسے حالات میں اس بجٹ کی بحث پر کہوں گا کہ ہمارے بلوچستان یا کم از کم خیبر پختونخوا، ملک کے دو صوبے ہیں وہ اپنی زندگی کی بھیک مانگ رہے ہیں کہ ہمیں اپنی زندگی دے دی جائے۔ ہمیں اپنی زمین پر جینے دیا جائے۔ یہ بات تو دور کی ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ ہمارے road کیوں نہیں ہیں، ہمارے لیے infrastructure کیوں نہیں ہے؟ ہمارے لیے water supply کیوں نہیں ہے؟ ہمارے لیے سہولیات کیوں نہیں ہیں کیونکہ وہ اپنی زندگی کی فکر میں ہیں۔

جنابِ والا! اس بجٹ میں سب سے بڑی اگر نشاندہی کوئی کرتا ہے تو سب سے بڑی خامی یہی ہے، سب سے بڑی غلطی یہی ہے، آئینی غلطی ہے کہ مرکزی حکومت نے صوبوں پر cut لگا کر ان کے حصے کو اپنے حصے میں ڈال دیا یعنی بہ الفاظِ دیگر اگر میں کہوں گا کہ اس ڈگر پر چلے گئے جب NFC 2010 سے پہلے صوبوں کا حصہ 40% تھا اور مرکز کا حصہ 60% مجموعی محاصل میں سے تھا۔ ابھی انہوں نے اس طرح کوئی دوسرے طریقے سے ہر صوبے سے اپنا اپنا حصہ کاٹ دیا۔ دوسرے صوبوں کی حالت تو الحمد للہ، پہلے بھی بہتر تھی۔ NFC 2010 سے پہلے بھی اچھی تھی ابھی بھی ان شاء اللہ اچھی سکون کی زندگی گزار رہے ہیں۔ NFC 2010 میں سب سے زیادہ فائدہ اگر ملا تو بلوچستان اور بلوچستان کے عوام کو ملا ہے۔ جیسے کل وزیراعظم صاحب نے اپنی تقریر میں کہا کہ بلوچستان کو NFC 100% میں relief دے دیا۔

جناب چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی صاحب ابھی یہاں سے اٹھ گئے ہیں، جب وہ وزیراعظم تھے اس وقت رئیسانی صاحب، وزیر اعلیٰ تھے اور میں NFC کا ممبر تھا ان کی مہربانی سے ہمیں relief مل گیا کہ اس وقت NFC 2010 سے ایک ارب سے دس ارب تک ہمارا بجٹ پہنچ چکا ہے۔ جب ہمارا بجٹ یہاں تک پہنچ گیا درمیان میں پندرہ، سولہ سال گزر گئے پھر کوئی دوسرا award نہیں ہوا ہے۔ جب نہیں ہوتا تو اسی وجہ سے بلوچستان کو granted amount ملی ہے۔ اگر کوئی پانچ سال اور اضافہ ہوتا تو ہمارے shortfall نہ ہوتے ہماری economy and budget اور بھی بڑھ سکتا تھا۔ لہٰذا اس کے بعد کوئی بھی وزیراعظم، کوئی بھی حکومت، چاہے وہ PTI کی حکومت ہو، چاہے مسلم لیگ (ن) کی حکومت ہو، کسی کی بھی حکومت ہو، انہوں نے ہمت نہ کرکے ہر پانچ سال، جو آئین کا تقاضا ہے کہ NFC کرنا ہے لیکن نہ کر سکا۔ درمیان میں باتیں بھی ہم سن رہے تھے، یہ بیانات بھی آرہے تھے کہ اٹھائیسویں ترمیم اور NFC پاکستان کے لیے دہشت گردی سے زیادہ نقصان دہ ہیں۔ دہشت گردی اتنی نقصان دہ نہیں جتنی کہ اٹھارویں ترمیم اور NFC ہے۔ اس لیے نقصان دہ تھی کہ اٹھارویں ترمیم سے بھی فائدہ بلوچستان کو پہنچا اور NFC سے بھی فائدہ بلوچستان کو پہنچا۔

جناب والا! اب سننے میں آ رہا ہے پہلے آپ بھی سن رہے تھے ہم بھی سن رہے تھے کہ اٹھائیسویں ترمیم آ رہی ہے۔ اس میں NFC اور اٹھائیسویں ترمیم ختم کرنا چاہتے ہیں لیکن جو آج cut لگایا گیا ہے، یہ cut اسی کی شروعات ہے، اسی کی ابتدائیہ ہے۔ آنے والے NFC کے لیے، اٹھائیسویں ترمیم کے لیے میدان ہموار کرنے کا ایک طریقہ ہے۔ جناب چیئرمین! میں اس بجٹ کو اس لیے مسترد کرتا ہوں کہ یہ غیر آئینی بجٹ ہے۔ نہ صوبوں کو اختیار حاصل ہے کہ NFC کا ایک پیسہ بھی بغیر ان کی منظوری بغیر آئینی ترمیم کے اپنا حصہ مرکز کے حوالے کیا جائے۔ نہ مرکز کو اختیار حاصل ہے کہ اس پر cut لگایا جائے۔ یہ بالکل آئین سے متصادم ہے۔ نہ یہ صوبوں کا بجٹ آئینی ہے اور نہ یہ مرکز کا بجٹ آئینی ہے۔ یہ آئین سے متصادم ہے۔ آئینی تقاضا یہ ہے کیونکہ Article 170 اس کی شق (3-الف) اس بات کی ضمانت دیتی ہے کہ NFC میں جو صوبوں کا حصہ ہے اس میں اضافہ تو ہو گا لیکن اس پر cut نہیں لگایا جا سکتا ہے۔ لہٰذا اس بنیاد پر یہ بجٹ ہم غیر آئینی، غیر قانونی اور پاکستان کے آئین سے متصادم سمجھتے ہیں۔ کسی بھی وزیراعلیٰ کو یہ حق حاصل نہیں ہے، چاہے وہ بلوچستان کا وزیراعلیٰ ہو، چاہے وہ خیبر پختونخوا کا وزیراعلیٰ ہو، چاہے وہ پنجاب اور سندھ کا وزیراعلیٰ ہو کہ NFC کی amount عوام کے لیے مختص ہے عوام کا فنڈ اپنی مرضی سے کسی کی خوشنودی اور تحفے کے طور پر grant دے دیا جائے۔ grant مل سکتی ہے۔ (جاری---T09)

**T09-17June2026 Tariq/Ed: Waqas. 02.00 pm**

سینیٹر عبدالواسع---(جاری)--- کسی بھی وزیراعلیٰ کو یہ حق حاصل نہیں ہے، چاہے وہ بلوچستان، سندھ، خیبر پختونخوا یا پنجاب کا وزیراعلیٰ ہو کہ NFC Award کی جو رقم عوام کے لیے مختص ہے، یہ اپنی مرضی سے، کسی کی خوشنودی کے لیے تحفے کے طور پر بطور grant دے دیا جائے۔ Grant مل سکتی ہے، کچھ لوگ یہ کہتے ہیں کہ grant ہے، مرکز کی طرف سے تو آئینی اور قانونی طور پر صوبوں کو grant دی جا سکتی ہے لیکن چونکہ نیچے سے یہ صوبوں کی شق لگائی گئی ہے کہ صوبوں کے بجٹ میں اضافہ ہو گا اور cut نہیں ہو گا، لہٰذا اس بنیاد پر یہ بجٹ غیر آئینی اور غیر قانونی ہے۔

جناب چیئرمین! اگر پورے ملک کو دیکھا جائے تو ہمیں پتا نہیں ہے کہ کیسی حالت ہے لیکن بلوچستان میں ایسی حالت ہے، جب مغربی روٹ بن رہا تھا تو مجھے یاد ہے کہ جب میاں نواز شریف صاحب کی حکومت تھی اور انہوں نے All Parties Conference میں شرکت کی اور انہوں نے فیصلہ کیا کہ ہم بلوچستان میں مغربی روٹ پر motorway جو کہ چار لین پر مشتمل ہو گی، دو لین ایک جانب اور دو لین دوسری جانب کیونکہ پورے ملک میں جو motorways ہیں ان میں سے کچھ چار لین اور کچھ تین لین کی ہیں، بلوچستان کے لیے انہوں نے ایک چھوٹا

سا تحفہ منظور کیا اور اس کا افتتاح بھی اس وقت میاں نواز شریف صاحب نے ژوب کے مقام پر کیا اور ہمارے قائد محترم اور دوسرے سیاسی قائدین بھی ان کے ساتھ تھے۔ اس کے بعد نواز شریف صاحب کی حکومت ختم کی گئی، پھر عمران خان صاحب کی حکومت آئی، پھر وہ بھی ختم کی گئی، پھر شہباز شریف صاحب کی حکومت آئی، پھر الیکشن ہوئے، آج ہم تیسرا بجٹ پیش کر رہے ہیں، آپ خود بلوچستان کے رہنے والے ہیں اور وہاں کی حالت آپ کو معلوم ہے، وہاں جا کر کچلاک سے ژوب، ژوب سے ڈیرہ اسماعیل خان ایک چھوٹا سا ٹریکٹر وہاں پر چل رہا ہے، 65 ارب روپے کا منصوبہ ہے لیکن ایک سال میں ایک ارب سے زیادہ یا اس سے کم یہ allocation رکھتے ہیں، لہٰذا آپ مجھے بتائیں کہ highway کے لیے ایسا ہے، وہ highway بھی نہیں ہے بلکہ سادہ سا جیسا کہ ہمارے گاؤں کے روڑ بنتے ہیں ویسا ہی ہے، لہٰذا آپ مجھے بتائیں کہ یہ منصوبہ کب تک مکمل ہو گا، ہمارا motorway تو highway سے تبدیل کر دیا گیا ہے وہ بھی اس طرح سے کہ ایک پرانا ٹریکٹر، ایک پرانا گریڈر ہوتا ہے اور وہ مٹی ڈال دیتے ہیں اور جب بارش ہوتی ہے یا سیلاب آتا ہے تو وہ اسے بہا کر لے جاتا ہے، پھر ٹھیکیدار اپنا claim پیش کرتا ہے اور اس کا claim اس منصوبے کی cost سے بھی زیادہ ہوتا ہے۔

جناب چیئرمین! آپ مجھے بتائیں کہ CPEC کا منصوبہ گوادر port کی وجہ سے ہے لیکن پورے پاکستان میں motorways بن گئے لیکن بدبخت بلوچستان میں ایک فٹ، ایک گز یا ایک کلومیٹر تک بھی motorway نہیں بنا ہے۔ Motorway تو دور کی بات ہے انہوں نے تو highway طرز کی سڑک بنائی جس کی حالت میں نے آپ کو بتائی تو آپ ہمیں بتائیں کہ اس بجٹ سے ہم کیا توقع رکھیں۔

ٹھیک ہے بلوچستان تو اسی طرح سے ہے، لیکن ہمارے ساتھ جو ظلم ہو رہا ہے، ظلم کے بعد ظلم در ظلم ہو رہا ہے۔ اب گندم جو پنجاب سے ہماری طرف آ رہی ہے یا خیبر پختونخوا کی طرف جا رہی ہے تو وہ smuggling شمار ہو رہی ہے۔ یہ کہتے ہیں کہ آپ ایک صوبے سے دوسرے صوبے میں نہیں لے جا سکتے ہیں کیونکہ نقل و حمل پر پابندی ہے لیکن آپ کے صوبے کی گندم جب ہماری طرف آتی ہے تو آپ اسے راہداری کے بغیر نہیں دے سکتے ہیں اور میں نہیں لے جا سکتا ہوں اور اس پر بھی پابندی ہے لیکن میرا تانبا، میرا سونا، میرا کرومائیٹ، میرے ذخائر کے بارے میں کہتے ہیں کہ یہ ہم سب کا پاکستان ہے، ٹھیک ہے ہم سب کا پاکستان ہے، آپ کی گندم ہمارے لیے نہ ہو یہ بھی ٹھیک ہے لیکن کیا کرتے ہیں کہ یہاں پر دوسرے صوبے کے لوگ آتے ہیں اور وہاں لاکھوں ایکڑ کی زمینوں پر انہوں نے بڑی بڑی کمپنیاں بنائی ہیں۔ عاصم باجوہ صاحب کی ناریل کمپنی، کوئی دوسرے باجوہ صاحب کی اور کوئی تیسرے باجوہ صاحب کی، یہ سارے باجوہ صاحبان آئے اور ہمارے بلوچستان کے سات لاکھ ستر ہزار ایکڑ صرف پشین سے ژوب تک انہیں الاٹ کی گئی ہے۔ خدا کے لیے ہمارے اپنے گھر میں تو ہمیں جینے دیں۔

جناب چیئرمین! میں آپ کو اور ان حضرات کو جو سندھ اور پنجاب سے تعلق رکھتے ہیں میں انہیں بتاتا چلوں کہ میرے اپنے گھر کی بیٹھک، مہمان خانہ بھی ان ہی لوگوں کے ہاتھوں سے الاٹ ہو چکا ہے تو آپ مجھے بتائیں کہ دوسرے لوگوں کا کیا حال ہوگا۔ جناب ہم نے کئی مرتبہ اپنی آواز اٹھائی اور انہیں راستہ دے دیا، یہ لوگ کہتے ہیں کہ بلوچستان والے یہاں سے معدنیات نہیں نکالنا چاہتے ہیں، ہم نکالنا چاہتے ہیں، ہم چاہتے ہیں کہ کارآمد ہو لیکن ہم چاہتے ہیں کہ allotment ہمارے بلوچستان کے مقامی لوگ کمپنی بنانا چاہتے ہیں اور استطاعت رکھتے ہیں تو سب سے پہلا حق وہ رکھتے ہیں، انہیں وہ allot کی جائے، اگر نہ ہو تو پھر ان کی مرضی سے جو دستخط کرتے ہیں وہاں بلوچستان والے کو allot کیا جائے لیکن بے شک باہر کی کمپنیوں سے معاہدے کر لیے جاتے ہیں۔ باہر کی کمپنی والے آئیں اور ضرور آئیں، ان کے پاس ڈالر ہیں وہ لائیں اور ذخائر نکالیں۔ ایسا نہیں ہے کہ ہم نہیں چاہتے ہیں لیکن جن لوگوں کو ابھی allotment ہوئی ہے انہیں ان علاقوں کا پتا بھی نہیں ہے کہ توبہ کاکڑی کہاں ہے، توبہ اچکزئی، نوشکی یا ریکوڈک کا علاقہ کہاں واقع ہے لیکن انہیں allotment کر دیا گیا ہے اور وہ اس deposit پر باہر کے بین الاقوامی مالیاتی اداروں سے قرضے لیتے ہیں، پھر ہمارے case اس طرح سے چلتے ہیں جیسا کہ ریکوڈک کا case چلا اور اسی بنیاد پر وہاں پر ہمارے اوپر چھ ارب ڈالر کا جرمانہ ہوا اور ہمیں blackmail کر کے کہا کہ چار ارب ڈالر کا جرمانہ ادا کریں یا جس کمپنی سے معاہدہ ہوا ہے وہ انہیں دے دیا جائے یا ان مالیاتی اداروں کو دے دیا جائے، لہٰذا ہمارا ملک، ہمارا صوبہ، ہماری سرزمین ہمارے ہاتھ سے نکلنے والے ہیں۔

اور اس وقت ایوان کا حال اور کرسیاں خالی ہو چکی ہیں کیونکہ وہ سمجھتے ہیں کہ ان کی نظر میں بلوچستان کی کوئی حیثیت نہیں ہے لیکن میں آپ کو بتاتا چلوں کہ ہمارے ان بھائیوں کا خیال ہے کہ یہ حکومت کی زمین ہے تو بلوچستان والے خوامخواہ بدمعاشی کرتے ہیں، نہیں ایسا نہیں ہے، ہماری اور ان کی علیحدگی ہے کیونکہ ہمارے قبائل کی زمین ہے۔ ہمارے قبائل نے سالہا سال ایک دوسرے کے ساتھ لڑائیاں کیں لیکن اس کے بعد وہاں معزز عدالت عالیہ کے چیف جسٹس جمال خان مندوخیل صاحب نے فیصلہ دیا کہ یہاں ایک بالشت زمین بھی سرکار کی نہیں ہے، یہ ساری زمین قبائل کی ہے اور قبائل کے ساتھ معاہدے کرنے چاہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: مولانا صاحب پندرہ منٹ ہو چکے ہیں۔

سینیٹر عبدالواسع: میری اس حوالے سے ذرا عرض سن لیں، میں گزارش کروں گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اس حوالے سے اگر آپ کو کچھ کہنا ہے تو آپ آفس کو تحریری طور پر کچھ جمع کروائیں۔ میرے خیال میں آپ بجٹ پر بات کریں۔

سینیٹر عبدالواسع: میں بھی نہ دیواروں کس سنانا چاہتا ہوں، نہ ہی تحریری طور پر جمع کرانے سے کچھ ہوتا ہے لیکن پھر بھی میں آپ سے درخواست کرتا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی مہربانی کریں۔

سینیٹر عبدالواسع: جناب چیئرمین! ہمارے ساتھ یہ ظلم ہو رہا ہے لہٰذا ہم اس دوران یہ بات بھول گئے ہیں کہ ہمیں development دی جائے۔ وہاں پر آپ کو دہشت گردی کی حالت معلوم ہے۔ وہاں لوگوں کی گاڑیوں کو جلایا جا رہا ہے، آپ کا تعلق دکی، لورالائی وغیرہ سے ہے، وہاں سے گاڑیاں کوئلے سے load ہوتی ہیں اور یہاں ہرنائی اور شاہرگ وغیرہ کے روڈ پر گاڑیاں جلائی جاتی ہیں اور لوگ اپنی گاڑیوں کو لائن میں آگ لگے ہوئے دیکھتے ہیں اور ایسی دہشت گردی وہاں پر ہے۔ یہ دہشت گردی ہے کہ دنیا بھر کے دہشت گردوں کا وہاں پر جمع کر دیا ہے، اب ہم یہ نہیں سمجھ سکتے ہیں کہ ہماری ریاست کے دوست کون ہیں اور دشمن کون ہیں۔ وہاں مختلف ناموں سے چار پانچ لوگوں کی دہشت گرد اور مسلح تنظیمیں کام کر رہی ہیں اب لوگ حیران ہیں کہ میں کس سے اپنی حفاظت کروں، کس سے اپنے آپ کو محفوظ سمجھوں اور کس کے ہاتھوں میں مر جاؤں گا لہٰذا اس دہشت گردی کی حالت میں ہماری گزارش یہ ہے کہ ہمیں بجٹ میں کچھ نہ دیا جائے لیکن ہیں حفاظت دی جائے اور اگر وہ کہتے ہیں کہ تم لوگ لشکر بناؤ تو ہم لشکر نہیں بنا سکتے ہیں۔ ہم نہیں لڑ سکتے ہیں، اگر ہم نے لشکر بنایا تو وہاں civil war ہو جائے گی، یہ ہمارے محافظین ہیں، ہم سے اور بھی مزید ٹیکس لیا جائے، ہماری اوپر بوجھ ڈالا جائے، ہمارے اور cut لگایا جاتا ہے، لوگ بھتہ خوری کرتے ہیں وہ تو کرتے رہیں لیکن ہمیں امن دیا جائے، ہمیں حفاظت کی guarantee دی جائے۔ پاکستان پائندہ باد اور اسلام زندہ باد۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ، مولانا عبدالواسع صاحب۔ سینیٹر پونجو صاحب۔ آگے جاری۔۔۔(T-10)

T10-17Jun2026 Mariam Arshad/Ed:Shakeel 02:10 p.m.

جناب ڈپٹی چیئرمین: بہت شکریہ مولانا واسع صاحب۔ سینیٹر پونجو۔

**Senator Poonjo**

سینیٹر پونجو: جناب ڈپٹی چیئرمین! آپ کا بہت شکریہ آپ نے مجھے بجٹ پر بات کرنے کا موقع فراہم کیا ہے اور میں تقریر سے پہلے ہی آپ سے گزارش کروں گا کیونکہ یہاں minority کے ایک دو دوستوں کو ان کو بات کرنے کے لیے 22, 22 منٹ دے گئے ہیں۔ میں آپ سے امید رکھتا ہوں کہ آپ مجھے 25 منٹ بولنے کے لیے دے دیں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ Advisory committee میں فیصلہ ہوا تھا کہ پارلیمانی لیڈر پندرہ منٹ بات کریں گے اور ممبرز دس منٹ بات کریں گے۔آپ کی پارٹی کی۔۔۔

سینیٹر پونجو: جناب ڈپٹی چیئرمین! آپ جیسا سخی آدمی جب کرسی پر بیٹھا ہو تو وہ وقت مل جاتا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: مجھے مرواؤ گے۔

سینیٹر پونجو: جناب ڈپٹی چیئرمین! 27-2026 بجٹ جو ہمارے پاس پیش ہوا ہے یہ 38.8 trillion کا بجٹ ہے۔ جس میں تمام محکموں کو دیے گئے پیسے اور تمام محکمات کے لیے development, اس کا تمام developmental structure, تمام چیزوں کو مد نظر رکھتے ہوئے یہ بجٹ پیش کیا گیا ہے۔ میں یہ گزارش کروں گا اور یہاں سینیٹ کے floor سے بتانا چاہ رہا ہوں کہ ریاست ماں کی طرح ہوتی ہے۔ ریاست اپنا تخمینہ لگاتی ہے سیاسی اور سماجی طور پر تمام چیزوں کو دیکھ کر اپنی رعیت کے لیے ماں جب اپنے گھر کا فیصلہ کرتی ہے تو اپنے بچوں کا خیال رکھ کر، سوچ سمجھ کر بجٹ بناتی ہے۔اس وقت ہماری ریاست جو ماں ہے اس حکومت کا تو تیسرا بجٹ ہے لیکن شہباز شریف صاحب کا یہ پانچواں بجٹ ہے جو ہم پیش کر چکے ہیں۔ یہ بات ماننی پڑے گی کہ جس وقت اس حکومت کو موقع ملا ہے اس سے پہلے بہت ساری چیزیں بکھر چکی تھیں۔ جس کی وجہ سے اس کو سمیٹ کر بہتر انداز میں بجٹ پیش کرنے کے لیے حکومت کو لازمی دشواری ہو گی لیکن وہ ریاست جو ماں ہے اس ریاست نے یہ فیصلہ نہیں کیا کہ کتنی Industries لگائی جائیں گی۔اس ریاست نے اس بجٹ میں یہ فیصلہ نہیں کیا کہ کتنے لوگوں کو روزگار دیا جائے گا، اس ریاست نے کہیں بھی نوکریوں کا ذکر نہیں کیا۔اس ریاست میں تمام صوبوں میں رہنے والے تمام طبقوں سے تعلق رکھنے والے جو لوگ یہاں رہ رہے ان کے لیے بجٹ میں جو خدوخال رکھے گئے ہیں اس میں انہوں نے یہ کبھی نہیں سوچا کہ جو previous budget رکھا گیا تھا اس سے اس میں کون سی ترجیحات ہونی چاہیے تاکہ ہم پوری دنیا کو بتا سکیں کہ last year budget کے comparison میں ہم نے اس سال اچھا بجٹ پیش کیا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین! ہمارے پاس جو یہ بجٹ پیش ہوا ہے اس میں آدھے سے زیادہ 43% ہم نے پرانا قرضہ جو بڑے سیٹ سے اٹھایا ہوا ہے واپس کرنا ہے۔ میں دیہاتی علاقے سے تعلق رکھنے والا بندہ ہوں کوئی لفظ آگے پیچھے ہو جائیں تو مجھے معاف کر دیں۔ 43% تو ہم پرانا قرض pay کریں گے تو باقی ہمارے پاس کیا بچے گا؟ ہم Universities کو کیا دیں گے، ہم اپنے ملک کے نوجوانوں کو کون سی scholarship دیں گے۔ جن کے گھر میں معاشی پریشانیاں ہوں ان کے بچے اعلیٰ تعلیم حاصل کریں گے تو scholarship کی مد میں ہم ان

کو کیا دے پائیں گے؟ اس کا بجٹ میں ذکر نہیں ہے اگر ذکر ہے تو بہت limited ہے حالانکہ یہ Provincial subject ہے، بہت سارے صوبوں سے بچے scholarship پر جاتے ہوں گے۔ Students باہر جا کر پڑھتے ہوں گے لیکن ہمارے پاس اس کا ذکر محدود ہے۔ Tax کے حوالے سے کیونکہ جب تک ہماری حکومت، ہمارے محکمات tax کا منصفانہ نظام رائج نہیں کریں گے تب تک ہم بہتر طریقے سے ترقی نہیں کر پائیں گے۔

آج ہم نے جو بجٹ پیش کیا ہے اس کی مناسبت سے جو خوشحال خاندان ہے وہ تو 8500 روپے میں گزارا کرے گا لیکن غربت کی لکیر جو نیچے لوگ رہ رہے ہیں ان کا چولہا کیسے چلے گا۔ وہ اس میں سے دوائی بھی لیں گے، اپنے بچوں کی تعلیم کا بھی خیال رکھیں گے اور اپنے کپڑے بھی لیں گے اور مال مویشی کا خیال کریں گے۔ آپ بتائیں کہ ان کا پاس وسائل کہاں سے آئیں گے کہ اپنی ملک کی ترقی کے لیے اپنے سامنے والے پڑوسی کے بچوں کو سکول جاتے دیکھ کر اگر وہ پریشان نہیں ہوں گے تو اور کیا کریں گے۔ اس میں کافی چیزیں ایسی ہیں جن کو ہمیں دیکھنے کی ضرورت ہے۔ یہ جو ریاست ماں جیسی ہے اس نے یہ فیصلہ کیا کہ جب بچہ ماں کے پیٹ سے پیدا ہو گا تو اس سے پہلے ریاست نے اس بچے پر 333000 روپے قرضہ لے لیا ہے۔ ماں خود عیاشی کر رہی ہے بہت اچھے گھر میں رہ رہی ہے، expensive چیزیں استعمال کر رہی ہے اور اس کے بعد stationery پر کروڑوں روپے رکھے گئے ہیں جو ماں استعمال کر رہی ہے لیکن بچہ پیدا ہوتے ہی اس کو کپڑے نہیں ملے لیکن 333000 روپے قرضے کا وہ مقروض ہے۔ یہ ریاست ہے جو ماں جیسی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین! میں گزارش کروں گا کہ ہمارے پاس ملک میں جب جنگی حالات شروع ہوئے، ایران کی جنگ کی وجہ سے ملک میں پریشانی ہوئی۔ پاکستان میں تو پریشانی ہوئی لیکن ایران میں پریشانی نہیں ہوئی، ایرانی حکمران نے یہ بتا دیا کہ شہر کھلے رہیں گے، بازار کھلے ہوں گے، مال کھلے رہیں گے، لوگ petrol pump سے petrol ڈلواتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ذخیرہ اندوزی نہیں کرنی کیونکہ ہم ملک چلا رہے ہیں۔ ہمارے ملک میں کوئی بھی بھوکا نہیں رہے گا۔ انہوں نے marts کھول دیے، لوگ marts سے سامان خرید رہے تھے کسی کے پاس پیسے ہیں یا نہیں ہیں لیکن وہ ریاست ماں کی طرح تھی۔ اس نے ایسے جنگی حالات میں جہاں کی قیادت شہید ہو گئی اور وہاں کی بیٹیاں جو ہیں وہ گھروں میں رہ کر اپنے وطن کے لیے، اپنی دھرتی کے لیے وہ دھرتی کو چوم کر یہ بات کر رہی تھیں کہ ریاست ماں کے جیسی ہو تو ایران والوں نے ثابت کر کے دکھایا۔

ہمارے پاس ریاست ماں کی طرح ہے لیکن ریاست کر کیا رہی ہے۔ Levy کی مد میں جو پٹرول آرہا ہے 1628 ارب روپے ہم نے نو، دس مہینوں میں جمع کیے ہیں، یہ وہ ماں ہے۔ وہ ریاست جہاں جنگ چل رہی ہے، جہاں bomb blast ہو رہے ہیں، جہاں بچے مر رہے ہیں، جہاں سکولوں پر firing ہو رہی ہے وہ ریاست اپنے بچوں کے لیے سوچ رہی ہے اور یہ ریاست اپنا بچہ petrol pump پر petrol ڈالوانے جا رہا ہے تو اس کو دگنی قیمت میں petrol مل رہا ہے۔ یہ بھی ماں کے جیسی ریاست ہے اور وہ بھی ماں کے جیسی ریاست ہے، فرق آپ کو کرنا ہے۔ ان سارے حالات کو ہم کیا سمجھیں، اس ساری صورت حال میں ہمارے لیے پریشانی ہے۔ پریشانی تو ان کے لیے ہونی چاہیے تھی جہاں جنگ کا ماحول تھا، اس علاقے کے لوگوں نے تو یہ فیصلہ نہیں کیا۔ وہاں کے حکمرانوں نے یہ فیصلہ نہیں کیا لیکن ہم نے یہ فیصلہ کیوں کیا کہ ہماری عوام سے tax لے کر، ہم اپنے بچوں سے tax لے کر، ان کے منہ سے نوالہ چھین کر ریاست کو خوشحال بنا رہے ہیں۔ کچھ اشرافیہ لوگ، مراعات یافتہ لوگ ان کو فائدہ دے رہے ہیں۔ اس پر حکومت کو سنجیدگی سے سوچنا ہوگا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین ! اس کے ساتھ ساتھ میں پانی کے حوالے سے یہ بات ضرور کروں گا کہ سندھ میں کافی عرصے سے قحط کی صورت حال ہے حلانکہ ہمارے پاس جو خریف ہے اس میں پہلے فصلیں بوئی جاتی ہیں۔ پنجاب میں ہمارے بعد فصل ہوتی ہے۔ ہمارے پاس اس وقت پانی نہیں ہے، قحط ہے۔ جن لوگوں نے اپنی فصلیں اگائی ہیں وہ فصل سوکھ رہی ہے۔ اس سے پہلے لوگوں کو قیمت نہیں ملی، گندم کے متعلق حکومت کچھ طے نہیں کر پائی اور وہ کاشتکار جنہوں نے گندم پیدا کی تھی۔ اس زمانے میں market میں اس کی قیمت 2700 روپے فی من تھی۔ اس مقصد یہ ہوا کہ اس میں جو کاشتکار تھا، کسان تھا اس کو بہت نقصان ہوا۔ ابھی وہ گندم market میں۔ (جاری۔۔۔۔T11)

T11-17June2026 Naeem Bhatti/ED; Shakeel 2:20 pm

سینیٹر پونجو: (جاری۔۔۔) ابھی وہ گندم مارکیٹ میں اڑتالیس سو، پانچ ہزار روپے کے قریب فروخت ہو رہی ہے۔ اب ہوا کیا کہ ایک تو کسان سے وہ نکل گئی، آبادکار سے نکل گئی، middleman سیٹھ کے پاس چلی گئی اور وہ اسے زیادہ پر بیچ رہا ہے۔ جناب والا! یہ ہماری حکومت کی mismanagement ہے۔ ہمارا ملک ایک agricultural ملک ہے، اس ملک میں سب سے زیادہ agricultural چیزیں پیدا ہوتی ہیں لیکن ہماری حکومت نے کبھی بھی سنجیدگی سے یہ غور نہیں کیا، ہم یہاں recommendations دے رہے ہیں، کون note کر رہا ہے کیونکہ ادھر تو کوئی بھی نہیں ہے لیکن ہمیں بھی duty پوری کرنی ہے، ہم کیا کریں۔ زرعی ملک کی حکومت نے کبھی بھی یہ نہیں سوچا کہ ہم کیسے اپنی زراعت کو بہتر بنائیں گے۔

جناب ڈپٹی چیئر مین: کھیل داس صاحب! آپ یہ recommendations note کریں، آپ وفاقی کابینہ کے ممبر ہیں۔

سینیٹر پونجو: جناب والا! اس کا جو mechanism بن رہا ہے، وہ کس نے بنایا ہے، کوئی reforms آئیں گی، ہمارے پاس تو کچھ نہیں ہے۔ ملک میں زراعت کو promote کرنے کے لیے ادارے کام نہیں کر رہے ہیں۔ آج تک National Food Security کا Chairman extension پر چل رہا ہے، وہاں ہمیں جو بیج مل رہے ہیں، وہ مارکیٹ میں بالکل third class کے بیج فروخت کر رہے ہیں، جس سے growers کو کم percentage مل رہی ہے۔ جناب چیئر مین! ابھی یہ کہا گیا کہ NFC Award سے کٹوتی ہوگی، 18th Amendment rollback ہو گی، جناب والا! تمام political parties کی leadership نے نو مہینے بیٹھ کر یہ ترمیم کی تھی۔ آئینِ پاکستان میں 280 articles ہیں، ان میں سے 102 articles میں amendments ہوئی تھیں۔ کوئی ٹی وی پر یا کسی coffee shop پر بیٹھ کر بول رہا ہے کہ 18th Amendment rollback ہو گی، ہم پوچھنا چاہتے ہیں کہ کیا ایک Article میں amendment سے یہ rollback ہو جائے گی؟ میں انہیں بتانا چاہتا ہوں کہ اس میں ہزاروں لوگوں کی شہادتیں شامل ہیں، اس کے بعد 18th Amendment آئی ہے۔ سندھ کے لوگوں نے فیصلہ کیا، بلوچستان کے لوگوں نے فیصلہ کیا، خیبر پختونخوا کے لوگوں نے فیصلہ کیا، پنجاب کے لوگوں نے فیصلہ اس کے بعد یہ ترمیم آئی ہے، اس لیے یہ ایسے ہی rollback نہیں ہو سکتی۔

جناب والا! جس کی بھی حکمرانی ہے، ہمیں مل بیٹھ کر اس ملک کی ترقی کے لیے سوچنا ہوگا، اگر پنجاب سمجھتا ہے کہ میں بڑا بھائی ہوں تو اسے چھوٹے بھائیوں کے ساتھ بہتر سلوک اختیار کرنا ہوگا۔ ابھی پانی کے season میں ہمارا بڑا بھائی ہمیں پانی استعمال نہیں کرنے دے رہا جو ہمارا حصہ ہے، بڑے بھائی کو ہمارا خیال رکھنا چاہیے کیونکہ ہمارے علاقوں کے کسان پریشان ہیں۔ وہاں کے لوگوں نے خریف میں ٹماٹر کی فصل لگا دی، وہاں پیاز کا بھاؤ نہیں تھا، اس کی cultivation ہو گئی، وہاں سرسوں کا بھاؤ نہیں تھا، ابھی ہماری فصلیں سوکھ رہی ہیں۔ وہاں خشک سالی ہے، وہاں لوگ پانی کی وجہ سے پریشان ہیں۔ بلوچستان کے علاقے Naseer Canal پر جو آبادی ہوتی ہے، اس علاقے میں بھی پانی نہیں ہے، سندھ میں بھی پانی نہیں ہے۔ ہمارے پاس 30 to 60% پانی کی shortage ہے، حالانکہ سارے ڈیم تب بھرے جاتے ہیں جب بارشوں کی آمد آمد ہوتی ہے لیکن انہوں نے یہ کیا کہ تمام غیر ضروری ڈیموں کو پانی سے بھر دیا، خدانخواستہ جس طرح بتایا جا رہا ہے، اس طرح بارشیں زیادہ ہوتی ہیں تو یہ ڈیم already بھرے ہوئے ہیں، یہ پھر کیا کریں گے؟

جناب ڈپٹی چیئر مین: جی شکریہ، آپ کا وقت ہو گیا۔

سینیٹر پونجو: آپ نے بیس منٹ کا وعدہ کیا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: باقی ممبران نے بھی بات کرنی ہے۔ آپ کے پارلیمانی لیڈر نے جو فیصلہ کیا ہے، اس کو تو مان لیں۔

سینیٹر پونجو: جناب والا! مجھے دو لوگ وقت دے رہے ہیں، اسلم ابڑو صاحب بھی دے رہے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی اس طرح تو وقت نہیں ملتا ہے، وہ لکھ کر دے دیں۔

سینیٹر پونجو: جناب چیئرمین! national security میں ہمارے جو پیسے رکھے ہیں وہ کم ہیں، اگر ملک پر کوئی تکلیف آ رہی ہے، ملک کے خلاف کوئی سازش ہو رہی ہے تو ہم اسے زیادہ پیسے دینے کے لیے بھی تیار ہیں، اس کی وجہ صرف یہ ہے کہ پاکستان ہمارا ہے۔ میرا تعلق شیڈولڈ کاسٹ دلت community سے ہے، ڈاکٹر کھٹومل وہاں سے ہیں، سرندر وہاں سے ہیں، کرشن بھیل وہاں سے تھے، اس کے علاوہ بہت سارے لوگ تھے، ان کے خاندانوں میں سے کسی بھی آدمی کا دبئی، انڈیا اور امریکہ میں کوئی کاروبار نہیں ہے کیونکہ ہم اس دھرتی کو ماں سمجھتے ہیں، پاکستان کو اپنی ماں سمجھتے ہیں، پاکستان سے ہماری commitment ہے۔

(اس موقع پر ڈیسک بجائے گئے)

سینیٹر پونجو: جناب والا! اس ملک کے لیے ہمارے صوبے نے بھی قربانی دی ہے، اس نے اور تمام صوبوں نے share دیے ہیں۔ کل بھی کسی دوست نے کہا تھا، میں انہیں جواب دینا چاہتا ہوں لیکن میں نام نہیں لوں گا۔ جناب! یہ صوبے صوبے کی کہانیاں ختم کریں، یہ کام نہیں چلے گا، پہلے بھی ایسا ہوا، بنگلہ دیش ہم سے جدا ہوا، آج ہم کیا کر رہے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ، آپ کی بجٹ پر بات آ گئی ہے۔

سینیٹر پونجو: جناب والا! پاکستان کو بنانے والے سندھ کے چھبیس خاندان تھے، آج سینیٹ میں سیف اللہ دھاریجو صاحب کا خاندان بھی بیٹھا ہوا ہے جنہوں نے قرارداد پاکستان میں ووٹ دیا تھا، وہ سندھ سے تعلق رکھنے والے چھبیس خاندان تھے۔ بلوچستان تب صوبہ نہیں تھا، خیبر پختونخوا کانگریس کا حمایتی تھا، پنجاب آدھے سے زیادہ سکھوں کا حمایتی تھا، پاکستان کو بنانے والے سندھ کے لوگ ہیں اور سندھ ہماری ماں ہے، اس پر کوئی compromise نہیں ہوگا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ، کچھ باتیں دوسرے اجلاس کے لیے رکھ لیں، آپ کو آئندہ بھی موقع ملے گا۔

سینیٹر پونجو: جناب ! میرا تعلق minority کے ساتھ، میں اس پر بات کرنا چاہتا ہوں۔ پاکستان میں زیادہ minority سندھ میں رہتی ہے۔ پورے ملک میں minority کی جو reserved seats ہیں، ان میں سب سے زیادہ seats سندھ سے ہونی چاہییں لیکن یہاں دہرا معیار ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ دیکھیں کہ کھیل داس صاحب وزیر مملکت ہیں۔

سینیٹر پونجو: جی کھیل داس صاحب میرے ساتھ اتفاق کریں گے کہ دہرا معیار یہ ہے کہ آپ خواتین کی seats کو population کی بنیاد پر صوبوں سے رکھ رہے ہیں لیکن minority کی seats population کی بنیاد پر صوبوں سے نہیں بلکہ ملک کی سطح پر لے رہے ہیں۔ جناب والا! ایک بہت اہم بات ہے کہ سکھر سے حیدرآباد موٹر وے کے لیے اس PSDP میں اس کے لیے تیس ارب روپے رکھے گئے ہیں، یہ اونٹ کے منہ میں زیرہ کے برابر ہے کیونکہ اسے کم از کم پندرہ سال لگیں گے تب یہ موٹر وے بنے گی۔ میں یہ recommendation دیتا ہوں کہ اس کے لیے پیسے بڑھائے جائیں۔ عمرکوٹ ضلع بالکل border کے نزدیک ہے، ہمارے پاس NHA کی ایک سڑک بن رہی تھی جو عمرکوٹ سے کھوکھراپار لیکن اس میں ساٹھ کلومیٹر کا راستہ بچ رہا تھا، اس پر وزیر مواصلات نے یہاں آکر وعدہ کیا لیکن اس کے لیے funds نہیں رکھے گئے۔ آپ کی بڑی مہربانی کہ آپ نے مجھے موقع دیا، ابھی بہت ساری باتیں ہیں جو رہ گئی ہیں۔ پاکستان زندہ باد۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: وہ میرے Chamber میں آکر کر لیجیے گا۔ سینیٹر حامد خان صاحب۔

**Senator Hamid Khan**

سینیٹر حامد خان: بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم۔ جناب چیئرمین ! آج ہم بجٹ پر بات کرنے کے لیے اکٹھے ہوئے ہیں۔ یہ بجٹ جو ہمارے سامنے لایا گیا ہے، اس کو دیکھنے سے پہلا تاثر ابھرتا ہے کہ ہمارا پیارا ملک اس وقت قرضوں کی دلدل میں دھنستا جا رہا ہے۔ پچھلے چار سالوں میں لیے گئے قرض ستر سالوں میں لیے گئے قرضوں سے دوگنے ہو گئے ہیں، اس طرح یہ ملک مزید قرضوں میں جاتا چلا جا رہا ہے اور اس حوالے سے اس کا مستقبل بہت زیادہ اچھا نظر نہیں آ رہا۔

(جاری-----T/12)

T12-17Jun2026 FAZAL/ED: Shakeel 02:30 pm

سینیٹر حامد خان: (جاری ہے----) اور اس حوالے سے اس کا مستقبل بہت زیادہ اچھا نظر نہیں آ رہا۔

اگلی جو بات میں کہنا چاہتا ہوں کہ اس ملک میں معاشی استحکام نہیں آتا جس میں سیاسی استحکام نہیں ہوتا اور پاکستان میں اس وقت سیاسی استحکام نام کی کوئی چیز ہی نہیں ہے۔ ہر طرف سے سیاسی صورت حال غیر مستحکم ہو چکی ہے۔ ہر صوبے میں مسائل کھڑے ہوئے ہیں۔ Law and order ہر جگہ ہاتھ سے نکل چکا ہے اور حتیٰ کہ ظلم اور جبر بڑھتا جا رہا ہے۔ ان حالات میں جہاں سیاسی غیر استحکام ہو، وہاں پر کبھی بھی معاشی استحکام نہیں آتا۔ آپ کے سامنے ہے جو آخری الیکشن فروری 2024 میں ہوا اس میں نہ صرف rigging ہوئی بلکہ تاریخ میں اس قدر بڑا electoral fraud کبھی نہیں ہوا۔ جیتے ہوؤں کو ہرایا گیا، ہارے ہوئے کو جتایا گیا اور ایک جعلی سی حکومت ملک پر نافذ کر دی گئی۔ پھر اس کے بعد کیا سیاسی استحکام آ سکتا ہے؟ ہر گز نہیں، جب ایسی حکومت ہو جس کے بارے میں لوگ سمجھتے ہوں کہ وہ حکومت جائز نہیں ہے تو سیاسی استحکام نہیں آیا کرتا۔ پھر نہ صرف سیاسی استحکام نہیں آیا بلکہ لوگوں پر ظلم، جبر اور زیادتی بڑھتی چلی گئی ہے جو آج آپ سامنے دیکھ رہے ہوں اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ جو الیکشن 8 فروری 2024 میں آیا تھا اس کے نتائج بدلنے کے بعد ملک میں سیاسی استحکام نام کی چیز کوئی نہیں رہی۔ اس سے پہلے جناب سینیٹر عبدالقادر صاحب نے بڑے اچھی طرح facts and figures آپ کے سامنے پیش کیے تھے۔ اس میں جو سب سے اہم بات ہے جو ہمارے حوالے سے بہت اہم ہے۔ ہم ایک ملک ہوتے تھے پاکستان اور بنگلہ دیش، مشرقی اور مغربی پاکستان۔ مشرقی پاکستان مغربی پاکستان کے مقابلے میں territorially 1/6 تھا۔ اس کے 54 thousand square miles اور یہاں تین لاکھ 10 ہزار square miles, یعنی territorially چھ گنا بڑا ملک۔ آبادی کے حساب سے ہم 45 فیصد اور وہ 55 فیصد اور اس لیے سمجھا جاتا تھا کہ شاید اس ملک میں غربت ان کی وجہ سے ہے کیونکہ وہ overpopulated ہے۔ لیکن حقیقت کیا ہوئی؟ جب دسمبر 1970 میں الیکشن ہوا اس میں مشرقی پاکستان کی جو بڑی پارٹی تھی عوامی لیگ اور اس کا لیڈر جو مجیب الرحمٰن تھا اس نے الیکشن جیت لیا اور پاکستان میں majority حاصل کی۔ اس کو حکومت ملنی چاہیے تھی جو اس کا حق تھا، جو اس قوم کا حق تھا لیکن اس وقت کے فوجی حکمرانوں نے بہت بڑا ظلم ان پر کیا، بجائے اس کے کہ حکومت ان کے حوالے کی جاتی، ان پر military attack کیا گیا، فوج کشی کی گئی جس کے نتیجے میں ملک ٹوٹ گیا۔ بدقسمتی سے مشرقی پاکستان کے لوگ جو مغربی پاکستان سے زیادہ اچھے پاکستانی تھے وہ بیچارے الگ ہو گئے اور اس میں جب اس وقت کی military establishment کو یا military rulers کو آ کر سمجھایا کہ یہ ظلم مت کرو، ملک ٹوٹ جائے گا تو انہوں نے یہ کہا، یہ یحییٰ خان نے اور اس کے لوگوں نے کہا، "Let them go, let them go, they are a burden on us". لیکن حقیقت کیا ثابت ہوئی؟ جس کو آپ نے زبردستی اپنے

ملک سے الگ کیا تھا، جس کو 1971 میں پاکستان سے الگ کیا گیا تھا۔ مشرقی پاکستان سے بنگلہ دیش بنایا گیا تھا۔ وہ آج معیشت میں ہم سے آگے چلے گئے ہیں۔

میں کہوں گا کہ عبدالقادر صاحب نے facts and figures بالکل درست کہے۔ ان کی exports ہم سے زیادہ ہیں، ان کے ملک میں education ہم سے بہت بہتر ہے، ان کے ہاں stability ہم سے زیادہ ہے۔ وہاں پر ٹھیک ہے کہ ایک ظالم قسم کی حکمران آئی تھی لیکن وہاں کے عوام نے اسے باہر کر دیا۔ اور دوسری جو بڑی بات کا فرق پاکستان اور بنگلہ دیش میں آیا ہے، وہ ہے فوجی حکمرانی۔ 1991 میں انہوں نے آخری فوجی حکمران، جس کا نام حسین محمد ارشاد تھا، کو فارغ کیا۔ اس کے بعد سے وہ ملک مسلسل ترقی کرتا چلا گیا کیونکہ political stability آ گئی اور political stability آنے کے نتیجے میں economic stability آ گئی۔ آج ان کی GDP بھی ہم سے زیادہ ہے، آج ان کی per capita income بھی ہم سے زیادہ ہے، آج ان کی export earnings بھی ہم سے زیادہ ہیں اور بجائے اس کے کہ ہمارے فوجی حکمران کہتے تھے کہ "they are a burden on us" پچھلے 55 سال نے ثابت کیا ہے کہ we were a burden on them, not they were a burden on us. تو یہ ہماری تاریخ کی ایک بڑی ہی خوفناک حقیقت ہے۔

اس کے ساتھ ساتھ میں آپ کو انڈونیشیا کی example دوں گا۔ انڈونیشیا میں 1965 سے لے کر 98-1997 تک ایک فوجی حکمرانی قائم رہی۔ سوہارتو نامی ایک جنرل تھا جس نے تقریباً 30 سے 35 سال وہاں حکمرانی کی۔ آخرکار عوام اٹھ کھڑی ہوئی اور اسے فارغ کر دیا۔ اس کے نتیجے میں کیا ہوا؟ اس کے جانے کے بعد وہ ملک stable ہو گیا۔ وہاں political stability آ گئی اور اس کے ساتھ economic stability بھی آ گئی۔ آج انڈونیشیا ایک economically powerful country بن چکا ہے کیونکہ وہاں پر کوئی فوجی حکمرانی نہیں ہے، وہاں پر لوگوں کے verdict کو respect کیا جاتا ہے، جو election جیتتا ہے اسی کو اقتدار دیا جاتا ہے، اس سے اقتدار چھینا نہیں جاتا اور جن لوگوں کو mandate نہیں ملا ہوتا وہ وہاں حکمرانی کرنے نہیں بیٹھ جاتے۔ یہ پاکستان کی بدقسمتی ہے کہ یہاں پر یہ سب ہوا۔

اس وقت ملک کہاں کھڑا ہے؟ خدا کا شکر ہے کہ اگر چند ایک achievements بھی ہماری ہیں، پچھلے سال ہم نے ہندوستان کے خلاف اپنے آپ کو defend کیا، اپنے دشمن کے خلاف defend کیا، یہ ایک بہت اچھی بات ہے۔ لیکن یہ victory کسی مخصوص شخص یا مخصوص حکومت کی نہیں، یہ پورے ملک کی victory ہے۔ اس کے لیے سارا ملک مبارکباد کا مستحق ہے، لہٰذا اس کا سیاسی فائدہ اٹھانے کا کسی کو

حق حاصل نہیں۔ اسی طرح اگر اس وقت مصالحتی کوششوں میں کوئی کامیابی حاصل ہو رہی ہے تو یہ بھی اس ملک کا credit ہے، یہ پاکستان as a nation کا credit ہے، اس کا کوئی سیاسی فائدہ نہیں اٹھا سکتا۔ لیکن اس کے برعکس جب ہم ملک کے موجودہ حالات دیکھتے ہیں تو بلوچستان میں سب سے زیادہ دہشت گردی ہے، دہشت گردی اپنی انتہا پر ہے، ٹرینیں غائب کر دی جاتی ہیں۔ اس دہشت گردی کو روکنے کے لیے ہمارے پاس ابھی تک کوئی مؤثر ذریعہ یا کوئی واضح plan نظر نہیں آ رہا۔ اسی طرح خیبر پختونخوا میں دہشت گردی آپ کے سامنے دن بہ دن بڑھتی جا رہی ہے۔ گلگت بلتستان، جو ہمارا ایک نہایت vital حصہ ہے اور جسے ہمارا صوبہ ہونا چاہیے، آج تک اس کی کوئی آئینی حیثیت متعین نہیں کی گئی۔ وہاں لوگوں میں شدید unrest پایا جاتا ہے کیونکہ انہیں ان کے حقوق نہیں دیے جا رہے، انہیں صحیح معنوں میں پاکستان کا حصہ نہیں بنایا جا رہا۔ یہ خطہ ہمارے لیے انتہائی vital area ہے، لیکن اسے مسلسل ignore کیا گیا۔ پچھلے دنوں وہاں جو elections ہوئے، ان میں بھی results تبدیل کیے گئے۔ نئی polling اور نئی counting اور جس طرح فروری 2024 میں counting کے بعد سب کچھ تبدیل کر دیا گیا تھا، ویسا ہی گلگت بلتستان میں بھی ہوا۔ جو جیتے ہوئے تھے انہیں ہرایا گیا اور جو ہارے ہوئے تھے انہیں جتایا گیا۔

اسی طرح سب سے افسوسناک معاملہ آزاد کشمیر میں پیش آنے والے واقعات ہیں۔ پچھلے چند دنوں میں جو ظلم ہوا، جس میں ہمارے بہت سے کشمیری بھائی، جو right to protest رکھتے تھے اور جنہیں یہ حق حاصل تھا کہ اپنی شکایات قوم کے سامنے پیش کریں، انہیں شہید کیا گیا۔ ان پر بے دردی سے گولیاں چلائی گئیں اور انہیں شہید کر دیا گیا۔ جس سے جو unrest پاکستان میں آئے گا۔ (جاری ہے۔۔۔۔T13)

**T13-17Jun2026 Rafaqat Waheed/Ed: Shakeel 2:40 pm**

سینیٹر حامد خان: (جاری) اس سے پاکستان میں جو unrest آئے گا، اس سے کشمیر میں جو unrest آئے گا، اس کا آپ اندازہ نہیں لگا سکتے۔ ہم کہتے ہیں ہندوستان والے کشمیر پر ظلم کرتے ہیں، بالکل درست ہے، وہ ہمارا دشمن ہے اور ہمیشہ سے کرتا آ رہا ہے لیکن آج آزاد کشمیر میں ہم کیا کر رہے ہیں؟ یہ بہت اہم بات ہے، سوچنے کی بات ہے، اگر آزاد کشمیر میں stability نہیں ہو گی تو پاکستان میں stability نہیں ہو گی۔ اس طرف کوئی دھیان نہیں دیا جا رہا۔

اسی طرح ملک کے اندر جس طرح ظلم اور جبر ہو رہا ہے، اس کی بھی مثال نہیں ملتی۔ جو لوگ منتخب ہوئے ہیں، ان کو جیلوں میں ڈالا گیا ہے۔ جو سیاسی قیدی ہیں، ان کو جھوٹے مقدمات میں پھنسایا گیا ہے۔ پاکستان کا ہر دل عزیز لیڈر جو در حقیقت الیکشن جیتا ہوا ہے، اس کو آپ نے مسلسل تین سال سے قید و بند میں رکھا ہوا ہے اور اس پر ہر قسم کا ظلم، زیادتی اور جبر کیا جا رہا ہے۔ عمران خان جو در حقیقت پاکستان کا سب سے اہم اور

بڑا سیاسی لیڈر رہے، اس کے ساتھ یہ برتاؤ کیا جارہا ہے۔ یہ سمجھا جارہا ہے کہ ہم سب سے بڑی سیاسی جماعت اور سب سے اہم سیاسی لیڈر پر جبر اور ظلم کرکے ہم اس ملک میں stability لے آئیں گے، یہ آپ کی خوش فہمی ہے بلکہ بہت سخت غلط فہمی ہے، یہ کبھی بھی نہیں ہو سکتا۔

اسی طرح اگلا factor جس کی طرف میں آپ کی توجہ دلاؤں گا، جس طرح سے اس particular setup میں 26ویں اور 27ویں ترمیم منظور کی گئی ہے، وہ آئین پر سب سے بڑا حملہ ہے۔ اس سے آئین کی شکل بگڑ گئی ہے۔ اس وقت ملک میں کوئی آئین نہیں ہے۔ ابھی ہمارے ایک بھائی نے ذکر کیا کہ 18ویں ترمیم unity کے ساتھ pass کی گئی۔ ہاں، وہ طریقہ ہوتا ہے ترمیم pass کرنے کا، رات کے اندھیروں میں نہیں، لوگوں کے بچوں کو اٹھا کر لے جانے سے نہیں ہوتا بلکہ سب parliamentarians کو ایک page پر لانے سے ہوتا ہے۔ دونوں ترامیم جس انداز سے منظور کی گئی ہیں، جس انداز سے لائی گئی ہیں، دنیا کی تاریخ میں اس طرح سے کبھی ترامیم نہیں ہوا کرتیں۔ اب 28ویں ترمیم میں کوئی اور کسر نکالی جارہی ہے۔ صوبوں کی خود مختاری چھیننے کی بات ہو رہی ہے۔ صوبوں کو divide کرنے کی بات ہو رہی ہے۔ یہ باتیں بڑی افسوسناک ہوں گی۔ آپ ملک کا بنیادی structure تبدیل نہیں کر سکتے۔ آپ نے عدالتی structure تو تباہ کر دیا ہے، اب صوبوں کو بھی تباہ کرنے پر اترے ہوئے ہیں، انہیں ان کا مالی حصہ نہیں دیا جائے گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: حامد خان صاحب! پندرہ منٹ ہو گئے۔

سینیٹر حامد خان: میں ایک دو منٹ میں بات مکمل کر لیتا ہوں۔ یہ بات ہمارے لیے بہت لمحۂ فکریہ ہے۔ اس کے بعد کرپشن کی بات، ہماری حکومتوں کے ریکارڈ پر کرپشن بہت رہی ہے۔ بدقسمتی یہ ہے کہ جن ملکوں میں کرپشن ہوتی ہے، وہ کرپشن کا پیسا ملک کے اندر لگاتے ہیں، investment کرتے ہیں۔ جنوبی کوریا کی مثال ہے، وہاں فوجی حکمرانی رہی لیکن انہوں نے پیسا ملک سے باہر نہیں نکالا۔ ہمارے ہاں بدقسمتی سے وہ پیسا باہر نکالا جاتا ہے، اور جگہ invest ہوتا ہے جبکہ ملک غربت میں دھنسا رہتا ہے۔ کوئی نئی investment نہیں ہوتی اور نہ ہی لوگوں کو jobs ملتی ہیں۔ اس لیے یہ بات بھی ہمارے لیے ایک بہت بڑا لمحۂ فکریہ ہے۔

میں عرض کروں گا کہ ہمارے ملک میں غریب کے ساتھ بہت زیادتی ہو رہی ہے۔ عام آدمی غریب سے غریب تر ہو رہا ہے جبکہ امیر، امیر تر ہو رہا ہے۔ اس قسم کا معاشرہ کبھی stable نہیں ہو سکتا جہاں غربت بڑھتی جائے اور امارت بڑھتی جائے۔ اپنی بات کو مکمل کرتے ہوئے میں، اس میں ایک خاص بات کا ذکر کرنا چاہوں گا۔ یہاں پر بڑی بڑی تنخواہیں وصول کی جارہی ہیں، جو privileged لوگ ہیں، چاہے جنرلز ہیں، چاہے منسٹرز ہیں، چاہے ججز ہیں، ان کو مفت کی بجلی، مفت کا پیٹرول اور مفت کی گیس دی جاتی ہے۔ غریب آدمی کو اپنے موٹر سائیکل میں چار

سو روپے لٹر میں پیٹرول ڈلوانا پڑتا ہے۔ یہ ظلم ہے۔ آج میں اس حکومت کو کہتا ہوں کہ ان privileges کو ختم کرو، مفت کا پیٹرول ختم کرو۔ کسی کو right نہیں مفت کا پیٹرول، مفت کی بجلی اور مفت کی گیس حاصل کرنے کا۔ مراعات ختم کرکے اس ملک کو جو کہ financial دلدل میں پھنسا ہوا ہے، اسے اس میں سے نکالو۔

یہ تمام صورتحال اس وقت پاکستان کے لیے لمحہ فکریہ ہے۔ ہم سب کو سوچنا چاہیے کہ اس ملک کو کس طرح اس financial دلدل سے نکالیں، کس طرح اس ملک کو financially بہتر راستے پر لے کر جائیں تاکہ یہ ملک survive کرسکے۔ اس میں سب سے بڑی کوشش سیاسی استحکام کی ہونی چاہیے۔ اگر ہم سیاسی استحکام لے کر آئیں گے، ہم لوگوں کے mandate کی respect کریں گے، اس کے مطابق فیصلہ ہوگا تو ان شاء اللہ تعالیٰ، یہاں پر معاشی استحکام بھی آئے گا۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ، سینیٹر حامد خان صاحب۔ آپ کی speech کا اتنا زبردست اثر ہوا کہ آپ کی اپوزیشن کی ایک رکن فلک ناز صاحبہ نے حکومتی بینچوں کو join کیا ہے۔ سینیٹر شاہ زیب درانی صاحب۔

**Senator Shahzaib Durrani**

سینیٹر شاہ زیب درانی: جناب چیئرمین! شکریہ۔ یہاں پر پچھلے تین دنوں سے باتیں چل رہی ہیں اور اس طرح ایک ماحول بنایا جارہا ہے ان بینچز کی طرف سے کہ جیسے پتا نہیں اگر کوئی ایک شخص واحد نہیں ہوگا تو پاکستان exist ہی نہیں کرے گا۔ اس کے ہونے سے وہ ملک ہے اور اس کے نہ ہونے سے وہ ملک نہیں ہے۔ ایک طرف کرپشن کی داستان بیان کی جارہی ہے کہ کرپشن ہورہی ہے، اس بجٹ میں کچھ بھی نہیں ہے، عوام دب چکے ہیں، عوام مرچکے ہیں اور اگر ہم ہوتے تو ہم عوام پر ٹیکس نہ لگاتے، ہم تعلیم کو فروغ دیتے، ہم یہاں پر jobs create کرتے، ہم inflation کو control کرتے۔ یہاں ایک لیڈر نے ایک لمبی چوڑی charter of performance دینے کی کوشش کی لیکن اس performance سے پہلے میں آپ کو کچھ factual report دینا چاہتا ہوں۔ یہ میں نہیں کہہ رہا بلکہ ان کی اپنی PAC کی اور Accountant General of Pakistan کی رپورٹس ہیں۔

جناب چیئرمین! BRT سے شروع کرتے ہیں جو ان کا سب سے powerful اور mega-project تھا۔ پہلے انہوں نے اسے جنگلہ بس کا نام دیا اور پھر اسے copy کرنے کی کوشش کی۔ انہوں نے اس منصوبے کو 23 ارب روپے سے شروع کیا لیکن یہ منصوبہ جاکر 68 ارب روپے پر ختم ہوا۔ جب اکاؤنٹنٹ جنرل نے اس کا آڈٹ کیا تو پتا چلا کہ اس میں سات ارب روپے کے kick backs لیے گئے۔ یہ بات میں

نہیں کہہ رہا، اکاؤنٹنٹ جنرل آف پاکستان جو کہ ان کے دور میں تھا، کہتا ہے کہ سات ارب روپے کی کرپشن ہوئی۔ جب آپ اس طرح کا کوئی بھی سسٹم بناتے ہیں تو ایک self-sustaining model ہوتا ہے، تین ارب روپے سے لے کر پانچ ارب روپے سالانہ سبسڈی دی جا رہی ہے اس کو چلانے کے لیے۔

اب ہم اگلے منصوبے کی طرف آتے ہیں جس کو Billion Tree Tsunami کہا جاتا ہے۔ ان کا اپنا AGRP یہ کہہ رہا ہے کہ ساڑھے تین ارب روپے کی کرپشن ہوئی جس کے اندر ڈیڑھ ارب وہ amount ہے جس میں انہوں نے duplication دکھائی کہ جی، یہ دو دفعہ درخت لگ چکے ہیں۔ Fake plantation drive چلائی گئی، fake news چلائی گئی، fake propaganda کیا گیا۔ Substandard plantation کی گئی۔ کوہستان میگا کرپشن کیس آپ کے سامنے ہے۔ ہماری فنانس کمیٹی کے چیئرمین بیٹھے ہوئے ہیں، چالیس ارب روپے کے ہزار اکاؤنٹس کے اندر پچاس لوگوں کے نام پر cheques دیے جاتے ہیں جن میں ان کے دو top leaders بھی موجود تھے۔ جب یہ کیس ان کی اپنی PAC میں لے جایا گیا تو ان کی اپنی public accounts committee کے ایک ممبر جو کہ PTI سے تعلق رکھتے ہیں، وہ ان کے Finance Advisor کو کہتے ہیں کہ آپ تو چالیس ارب روپے کی کرپشن میں ملوث ہیں، یہ بات on the record ہے، اس کے بعد وہی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی، چوبیس ارب روپے کی کرپشن کی confirmation دیتی ہے کہ اس میں خورد برد کی گئی۔ یہ ان کی performance ہے۔

اس کے بعد ہم the most famous القادر یونیورسٹی ٹرسٹ کی طرف آتے ہیں۔ دکھایا تو ایسے گیا کہ جیسے پتا نہیں یہاں پر کوئی MIT یا Stanford or Harvard بنانے جا رہے تھے۔ (T14 پر جاری ہے)

**T14-17June2026 Abdul Razique/Ed: Waqas Khan 02:50 p.m.**

سینیٹر آغا شاہزیب درانی: (----جاری) یہ ان کی performance ہے۔ اب ہم famous Al-Qadir University Trust case پر آتے ہیں۔ دکھایا تو ایسے گیا کہ جیسے یہ یہاں پر MIT, Stanford or Harvard بنانے جا رہے تھے لیکن میں آپ کو اس یونیورسٹی کی تھوڑی details دے دیتا ہوں۔ 458 ایکڑ زمین 190 million pound میں ایک real estate giant کو دے کر خریدی گئی اور یہ کہا گیا کہ ہم اس پر ایک یونیورسٹی بنائیں گے۔ یہ کہہ رہے تھے کہ کیا ہوا کیونکہ ایک یونیورسٹی کے لیے پیسے دیے تو کیا فرق پڑتا ہے اور وہ Cabinet سے بھی approved ہے۔ لفافہ ہلا کر دکھایا گیا تھا کہ بس وہ ایک یونیورسٹی ہے اور پڑھائی، لکھائی اور علم حاصل کرنے

کے لیے .it is good آٹھ کمروں پر مشتمل یہ ایک یونیورسٹی ہے جس میں صرف اور صرف 132 طلباء پڑھائے جاتے ہیں۔ ان 132 طلباء کو engineering, artificial intelligence, aerospace and aerodynamics نہیں پڑھائے جاتے بلکہ صرف تصوف پڑھایا جاتا ہے اور یہ 190 million pound میں بنائی گئی جو 72 ارب روپے بنتے ہیں۔ یہاں پر سینیٹر بلال مندوخیل بیٹھے ہیں جن کا تعلق construction industry سے ہے۔ میں ان سے پوچھنا چاہوں گا کہ ان آٹھ کمروں میں gold, platinum or diamond لگے تھے، 132 طلباء 1 academic block, 1 administrative block اور ان کے لیے ایک hostel بنایا گیا اور کہا جاتا تھا کہ ہم تعلیم کو فروغ دے رہے ہیں۔ وہ یہاں پر scientists پیدا کر رہے تھے جنہیں پھر وہ نوکریاں دی جانی تھیں۔ 15 سال تک consecutively ان کی KP میں تین حکومتیں رہی ہیں۔ آپ ان سے پوچھیں کہ وہاں ان کی کیا performance ہے؟ وہاں آج بھی 50 لاکھ بچے out of school ہیں اور انہیں تعلیم نہیں مل رہی اور یہاں کہتے تھے کہ ہم بچوں کو تعلیم دیں گے اور اس کے لیے یونیورسٹی بنا رہے تھے۔ آج سکول میں 50 لاکھ بچے نہیں پڑھ رہے۔ Health کی غرض سے آج بھی D.I. Khan, Hazara, FATA and Malakand کے لوگ آج بھی hospital attend کرنے کے لیے پشاور جاتے ہیں۔ آپ اسی شہر کے ہیں۔ PIMS and Polyclinic پر سب سے زیادہ burden انہی شہروں کا ہے۔ اگر ان کا health sector پنپ رہا تھا تو لوگوں کو کیا ضرورت پڑ رہی تھی کہ وہ یہاں علاج کروانے آئیں۔ یہ وہیں پر اتنے اچھے اور مثالی hospitals بناتے تو نہ صرف ان کے صوبے سے بلکہ پورے پاکستان سے لوگ اپنا علاج کروانے کے لیے پشاور آتے۔

یہ کہتے تھے کہ ہم نوکریاں بانٹیں گے۔ ان میں سے ایک صاحب کھڑے ہو کر کہتے تھے کہ ہم ایک کروڑ نوکریاں دیں گے۔ Pakistan Bureau of Statistics کی رپورٹ کے مطابق highest rate of unemployment in Pakistan ان کی حکومت میں تھی جس میں KP 30 per cent, followed by Punjab which was 9 per cent, Sindh 13 per cent and Balochistan 5 per cent. یہ وہ لوگ تھے جو کہتے تھے کہ ہم ایک کروڑ نوکریاں دیں گے اور آج سب سے زیادہ بے روزگار لوگ خیبر پختونخوا میں ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ بجٹ پر بات کریں۔

سینیٹر آغا شاہزیب درانی: جی میں بجٹ پر آتا ہوں۔ میں نے ان کی performance بتادی، اب اپنی performance پر آتا ہوں۔

(مداخلت)

سینیٹر آغا شاہزیب درانی: چیئرمین صاحب، آپ ان سے کہیں کہ برداشت پیدا کریں۔ آپ میں سننے کی capacity ہونی چاہیے۔ آپ کی performance سے دکھ گیا کہ آپ نے کتنا کام کیا تھا۔ انہوں نے بجٹ میں کرپشن پر discussion کی۔ چیئرمین فنانس کمیٹی یہاں بیٹھے ہیں۔ ہم نے اس مرتبہ کرپشن روکنے کے لیے بجٹ میں ایک سسٹم متعارف کروایا جو faceless system ہے۔ پہلے یہ ہوتا تھا کہ client and FBR ایک دوسرے سے ملتے تھے اور وہ آپس میں مل کر چاہے harass کرتے یا over-valuation or under-valuation کرتے تھے۔ اس دفعہ ایک faceless system متعارف کروایا گیا ہے جس میں client کو یہ نہیں پتا کہ میرا audit کون کررہا ہے اور auditor کو یہ نہیں پتا کہ میرا client کون ہے۔ جب دونوں کے درمیان کوئی interaction نہیں ہوگی تو پھر کہیں کرپشن کا کوئی chance بھی نہیں ہے۔ ان کی حکومت میں کیا ہوتا تھا؟ FBR کے وہ 18 لوگ جو most corrupt officers تھے جنہیں آج pool پر ڈالا گیا ہے، انہوں نے انہیں سب سے lucrative and profitable posts پر لگایا تھا اور وہ وہاں ان کے ساتھ دھندا کررہے تھے۔ آج ہم نے انہیں اٹھا کر پورے سسٹم کو بدل دیا۔ Petroleum levy پر discussion ہوئی کہ جی حالات خراب ہوگئے اور ہم تولٹ گئے، برباد ہوگئے۔ Petroleum industry سے تعلق رکھنے والے سینیٹر عامر ولی الدین چشتی صاحب یہاں بیٹھے ہوئے ہیں اور اس سے پہلے چیئرمین پٹرولیم کمیٹی، عمر فاروق کاسی صاحب بھی یہاں بیٹھے ہوئے تھے۔ جب یہ crisis شروع ہوا تو it was a global crisis اور پوری دنیا میں پٹرول کا issue کھڑا ہوا۔ یہاں بات کی جاتی ہے پاکستان نے petroleum prices بڑھادیں۔ پاکستان نے اول میں ایک مہینے تک بہت resist کیا۔ It is a very factual thing کہ پہلے 11 دنوں میں دنیا کے 95 ممالک نے پٹرول کی قیمتیں بڑھا دیں including Germany, UK and US. یہاں پر China کی بھی بات کی جاتی ہے۔ China کے 3.5 trillion dollars کے reserves ہیں لیکن ابھی جب ہم China visit کرکے آئے تھے تو وہاں پر بھی prices دوگنی ہوچکی تھیں۔ UAE جو خود ایک oil producing country ہے، اس نے بھی 73 per cent fuel prices بڑھادیں۔

بنگلہ دیش کی بھی بات کی جاتی ہے۔ بنگلہ دیش میں ان کی نئی حکومت آئی تھی۔ پہلے ایک مہینے تک انہوں نے بڑاresist کرنے کی کوشش کی لیکن اگلے مہینے ہیIMF کے پاس چلے گئے اور دو ارب ڈالر لے لیے۔ ایک طرف کہتے ہیں کہ پیسے اور loan نہ لیں اور دوسری طرف کہتے ہیں کہ آپ نےprices کیوں بڑھائیں۔ اگر آپ loan نہیں لیں گے تو آپ کا بھی بنگلہ دیش والا حال ہوگا تو کیا آپ بنگلہ دیش بنا چاہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ انڈیا میں کچھ نہیں ہوا۔ انڈیا میں پانچ، پانچ کلومیٹر تک لمبی لائنیں ہوتی تھیں۔ وہاں civil unrestشروع ہوااور قتل و غارت شروع ہوئی۔ انہوں نےprices زیادہ نہیں بڑھائیں اورfuel بھیavailable نہیں تھا لیکن یہ کہتے ہیں کہ جی پاکستان نے یہ کیا۔ پاکستان نے کیا کیا؟ یہ ایکfactual statement ہے کہ پاکستان نے اسے سب سے اچھی طرحmanage کیا۔ پاکستان نے ایک مہینے تکresist کیا اور کوشش کی کہ اس کا بوجھ عوام تک نہ پہنچے لیکن since it was a global crisisاور کوئی بھی اسےcontrol نہیں کر سکتا تھا توeventually پاکستان نے بھی یہ بوجھ آہستہ، آہستہ عوام پر ڈالا۔ پاکستان نے یہ اتنا بھی نہیں کیا کہ آپ کہیں کہ دنیا بدل گئی۔ 2024-25کے صرف9مہینے میںAtlas Honda نے18لاکھmotorbikes بیچی ہیں جو انہوں نے2024میں 12مہینے میں بیچی تھیں تو آپ ان دونوں کاcomparison کریں۔ 2024-25میں 38 remittancesارب ڈالر تھیں جبکہ اس سال تاریخ میں پہلی مرتبہ ہماری 41 remittances ارب ڈالر تک پہنچی ہیں۔ Exports کو دیکھیں۔ یہ کہہ رہے تھے کہ ہمارے وقت میں export industry بن گئی اورtextile grow کر رہی تھی۔ سینیٹر عابد شیر علی بیٹھے ہیں جو فیصل آباد سے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ demandاتنی زیادہ تھی کہ لوگ ہی نہیں مل رہے تھے۔ ان کیexports 39 billion dollars تھیں جبکہ ہماریexportsاس سال46ارب ڈالر تک پہنچی ہیں۔ IT exports کو دیکھ لیں۔ یہ کہتے تھے کہ ہم ایک ایساenvironment بنائیں گے جس میں لوگGoogle سے یہاں کام کرنے آئیں گے۔ جس زمانے میں لوگGoogle سے یہاں کام کرنے کے لیے آرہے تھے، اس وقت I. T exports 2.6 billion dollars تھیں اور آج ہمارے حکومت میںI. T exports 4.5 billion dollars ہیں۔

یہprojects کی بھی بات کر رہے تھے۔ انہوں نے کون سےprojects complete کیے؟ میں آپ کو ہمارےprojects کا بتاتا ہوں اور اسی دور کی بات کر رہا ہوں۔ بہارہ کہو بائی پاس، مارگلہ ایکسپریس وے اورN-25 dualization ہے۔ آپ کا تعلق بھی بلوچستان سے ہے۔ اسے خونی شاہراہ کہتے تھے۔ سال میں کوئی7000ہزار لوگ مختلفaccidents میں اس پر ہلاک ہو جاتے تھے۔ اب اس کیdualization start ہو گئی ہے۔ اسی طرحM6 motorway شروع کر دی اور گوادر ائیرپورٹ بنا دیا۔ K-IV and CPEC-2

شروع کر دیا گیا۔ انہوں نے CPEC-1 halt کر دیا تھا، ہم نے اسے revive کر دیا۔ انہوں نے کیا کیا؟ BRT بنائی اور کرپشن کی۔ CPEC shelve کر دی۔ De-nuclearization of Pakistan پر کام کرنا شروع کر دیا کہ حالات اتنے خراب ہو جائیں کہ اپنے assets ہی گروی رکھنے پڑ جائیں۔ طالبان کو چھڑوا کر لایا گیا تاکہ پاکستان میں طالبان کی حکومت شروع ہو جائے۔ کوہستان سکینڈل آیا اور سب سے آخر میں the most famous Al-Qadir University Trust بنایا اور 132 طلباء کو پڑھانے کے عوض ملک ریاض کو 72 ارب روپے دیے گئے۔ میں آخر میں ایران-امریکہ کے درمیان جو صورتحال پیدا ہوئی اور چونکہ میں چیئرمین، خارجہ کمیٹی بھی ہوں، میں اس پر بات کرنا چاہتا ہوں۔ دنیا میں ایک بہت بڑا crisis generate ہوا جسے World War III کی طرف دیکھا گیا اور خیال کیا گیا کہ دنیا World War III کی طرف جا رہی ہے۔ دنیا نے تیاری کی اور کچھ لوگوں اور ممالک نے کوشش بھی کی۔ کچھ spoilers نے کوشش کی یہ تعلقات خراب ہوں اور World War III کی طرف جایا جائے لیکن یہ پاکستان کی سب سے بڑی achievement ہے کہ اس نے سب سے پہلے اپنے diplomatic channels open رکھے۔ This was the first and foremost requirement of a responsible state. دوسری بات یہ کہ ایک طرف بہت ہی resilient قوم اور دوسری طرف ایک superpower; ان دونوں کو table پر بٹھانا was a herculean task اور یہ کوئی بچوں کا کھیل نہیں تھا کہ دو قومیں تنازع میں تھیں اور آپ انہیں اٹھا کر مذاکراتی میز پر لے آئے۔ So, it was a very difficult task and Pakistan achieved this difficult task. آپ دیکھیں کہ اس میں United Nations fail ہو گئی، European Union fail ہو گئی، Nato fail ہو گیا، OIC fail ہو گئی اور کوئی بھی انہیں مذاکراتی میز پر نہیں لا سکا لیکن وہاں انہیں پاکستان لے آیا۔ The credit goes to the dynamic leadership of Prime Minister Shehbaz Sharif and strategic command of Field Marshal Syed Asim Munir. مئی 2025 میں انہی کی leadership میں ہم نے پوری دنیا کو دکھایا کہ کیسے ایک Third Generation fighter jet سے ایک Fifth Generation fighter jet کو گرا سکتے ہیں اور آج ہم نے یہ دکھایا کہ we are the flag bearers of peace.

آج ہمارا اپنا گھر بھی جل رہا ہے۔ میرا، آپ کا اور ہم سب کا پاکستان جل رہا ہے۔ اس میں کچھ ممالک کی مداخلت ہے۔ مئی 2025 میں جب انڈیا کو شکست ہوئی تو اس کے بعد۔۔۔

(جاری T15)

سینیٹر آغا شاہزیب درانی: لیکن جناب چیئرمین، آج ہمارا اپنا گھر بھی جل رہا ہے، ہمارا اپنا، آپ کا بھی، میرا بھی، کے پی کا بھی، سب کا پاکستان جل رہا ہے۔ اس میں کچھ ممالک کی مداخلت ہے۔ جب مئی 2025 کے بعد یہ حالات پیدا ہوئے، جب انڈیا کو شکست ملی، تو انہوں نے کہا کہ اب ہم کسی conventional war میں نہیں آ سکتے، تو انہوں نے اپنے proxy کے through پاکستان میں آگ لگانے کی کوشش کی، یہاں billions of dollars fund invest کرتے جا رہے ہیں اور de-stabilize کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ in order to tackle all of this we need to put our house in Order اور اگر اس house کو order میں لانے کے لیے ہمیں کچھ systematic changes چاہئیں، ہمیں کوئی lawful changes چاہئیں، اگر ہم نے اپنے system کو revise کرنا ہے، تو we should do it پاکستان ہے تو ہم ہیں، پاکستان نہیں تو ہم نہیں۔ پاکستان زندہ باد۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ شاہزیب درانی صاحب سے سینیٹر سیف اللہ آبڑو۔

**Senator Saifullah Abro**

سینیٹر سیف اللہ آبڑو :چیئرمین صاحب! میرے خیال میں اس House میں ہم اتنے سینیٹر، 100 سینیٹر میں سے ہماری موجودگی کتنے دوستوں کی ہے، تو وہ خود دیکھ کر seriousness ظاہر کرتی ہے کہ ہم پاکستان کے عوام کے مفادات کا کتنا خیال رکھتے ہیں اور ان کے لیے کتنا بولتے ہیں۔ actually مسئلہ کیا ہے کہ ownership کا جو تصور ہے، یہی ہمیشہ موجود ہوتا ہے، لیکن ہم ownership لیتے نہیں۔ ہم اپنے گھر کی ownership لیتے ہیں، business کی لیتے ہیں، لیکن ہم اپنے ملک کی ownership نہیں لیتے۔ میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ 25 کروڑ کی آبادی میں اس بڑے House میں 100 لوگوں کا آنا، یہ خدا تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے، اور اگر آدمی اس کو نہ نبھا سکے تو میرے خیال میں ہمیں یہاں بیٹھنے کا حق بھی نہیں ہے۔ یہاں جو speeches ہوئی ہیں، سب دوستوں نے کی ہیں۔ میں آپ کو بتاؤں، ہم 2021 میں آئے تھے۔ ہمیشہ یہ یہاں کا trend اور tradition رہا ہے کہ overall پوری، جو حکومت آتی ہے، وہ پورا ملبہ ڈال دیتی ہے پچھلی حکومت پر۔ جو بھی آتی ہے، آپ اس کو چھوڑ دیں۔ ابھی جو ہے، پہلے نیا پاکستان، old Pakistan، PDM Pakistan، ابھی نہ جانے کون سا پاکستان۔ جو بھی آتی ہے، وہ کہتی ہے جی پہلے والوں نے تباہی پھیلا دی، ہم نے صحیح کام کیے ہیں۔ میں آپ سے ایک التجا کرتا ہوں کہ اگر ہم اس طریقے سے House میں بیٹھیں گے، اور میرے خیال میں Kheeal Das صاحب آئے ہیں، باقی concerned

minister صاحب بھی نہیں ہیں، اور ہمارے یہاں left side پر جو officers ہیں، جن کو budget دیکھنا چاہیے، وہ بھی شاید بہت کم ہو گئے ہیں۔ وہ دیکھتے ہیں کہ جب Parliament میں Senators نہیں ہوتے تو وہ کیوں اپنا time ضائع کریں۔ Kheeal Das صاحب جو ہیں وہ اقلیتی وزیر ہیں، وہ نہ Finance کے ہیں، نہ P&D کے، نہ Law کے ہیں، نہ Power کے ہیں، نہ Petroleum کے ہیں، تو ان کو اس چیز کا مکمل علم بھی نہیں ہوگا کہ ان امور کو کیسے چلانا ہے۔ میں کسی پر تنقید نہیں کرتا، کیونکہ حکومت پر تنقید کرنا بھی ایسے ہے جیسے آدمی اونٹ سے گر جائے، تو بازو بھی ٹوٹے گا، ٹانگ بھی ٹوٹے گی اور گردن بھی ٹوٹ جائے گی۔ میں as Parliamentarian آپ کو عرض کرتا ہوں، آپ نے مجھے اس House میں دیکھا ہے۔ I was the first person who criticize his own government in his own budget in 2021۔ میری جو budget speech تھی، وہ 32 منٹ کی تھی، اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ وہ کوئی بہت بڑی speech نہیں تھی، لیکن وقت کے حساب سے 32 منٹ میں تھی۔

ایک مثال آپ کو دیتا ہوں کہ ہماری government اور ہمارے دوست نہ جانے کیوں ہر بات کو اپنے اوپر لے لیتے ہیں۔ ہمارے ملک کے issues کا سبب کیا ہے؟ چیئرمین صاحب، آج چار پانچ بڑے issues ہیں۔ سب سے بڑا issue ملک کے loans ہیں، چاہے وہ foreign loans ہوں یا domestic loans ۔ foreign loan کہنا آسان ہے، لیکن domestic loan کو دیکھیں۔ یہاں جو دوست بیٹھے ہیں، میرے خیال میں کامل علی آغا صاحب، حاجی ہدایت اللہ صاحب اور بہن بیٹھی ہے، ہم Economic Affairs Committee کے members ہیں۔ ہم اس کو دیکھتے ہیں اور وہاں اس پر discuss بھی ہوتا ہے۔ دیکھیں، جو مسائل ہیں، ہمیں ان کی طرف آنا چاہیے، بجائے اس کے کہ ہم صرف کہیں کہ جی سب صحیح ہے۔ اگر حکومت سمجھتی ہے کہ یہ budget صحیح ہے، تو میں آپ کو ایک حل دیتا ہوں۔ اس وقت بھی ایک meeting یہاں چل رہی ہے محسن نقوی صاحب کی صدارت میں، جس میں تمام Parliamentary Parties اور حکومت کی allies موجود ہیں۔ آپ آ جائیں، جو تحفظات آپ کے آپس میں ہیں، چاہے GB government کے بارے میں ہوں یا کشمیر کی الیکشن کے حوالے سے، وہ آپس میں طے کر لیں۔ یہاں آ کر budget پاس کرا دیں، discuss کیوں کرتے ہیں؟ اگر کوئی بات کرے تو اس پر غصہ کس بات کا؟ ہم جب 2021 میں بیٹھے تھے، لوگ کہتے تھے کہ PTI والوں نے ماحول خراب کر دیا۔ چھوڑ دیں PTI والوں کو، یہ بھی ہمارے دوست تھے، عابد شیر علی صاحب۔ بے شک ان کا حق ہے۔ لیکن جب ہم یہاں discuss کرتے ہیں تو ہمیں کہا جاتا ہے کہ budget پر آ جائیں۔ یہ budget پر تو speech ہے۔

اگر عمران خان کو گالیاں دینے سے آپ کی حکومت چلتی ہے تو آپ پورا دن گالیاں دیں، اگر اس سے آپ کا پاکستان اوپر جاتا ہے، لیکن اس سے مسئلہ حل نہیں ہوگا۔ اصل مسئلہ حل کرنا ہوگا۔ اب یہ کیسے طے کریں گے؟ آپ کہتے ہیں کہ loan نئی حکومت کی ذمہ داری ہے، لیکن پہلے جو حکومتیں آئیں، ان کا سبب کیا تھا؟ 1971 میں جب بنگلہ دیش الگ ہوا، اس وقت تقریباً 30 billion loan تھا۔ پھر 1980 تک یہ بڑھا 146 billion، 1990 میں مزید بڑھا۔ میں یہ نہیں کہہ رہا، کوئی ناراض نہ ہو، یہ حقائق ہیں، یہ مسائل ہیں۔ اگر ملک، اگر یہ Parliament ان مسائل پر سنجیدگی سے توجہ نہیں دے گی، تو پھر حل کسی کے پاس بھی نہیں ہے۔ نہ حل ان کے پاس ہے جو یہاں بیٹھے ہیں، نہ اس کے پاس ہے جو جیل میں بیٹھا ہے۔ یہ صرف باتیں ہیں۔ میں آپ کو comparison دکھاتا ہوں کہ اس پاکستان میں ہو کیا رہا ہے۔ انعامات ابھی بھی بانٹے جا رہے ہیں، award ابھی بھی ministers نے لیے ہیں۔ میں آپ کو history بتاتا ہوں کہ 9 فروری 2022 کو انعام خان صاحب نے بھی بانٹے تھے ministries میں کس basis پر؟ آج آپ ministers میں تمغے بانٹ رہے ہیں، energy کے minister کو آپ نے کس چیز پر تمغے سے نوازا؟ میں آپ کو بیس مثالیں دکھا سکتا ہوں کہ ہم کہاں سے پیسے collect کر سکتے تھے، جو revenue میں ڈال سکتے تھے، لیکن کام ہو نہ ہو، ملک تباہ ہو رہا ہے، اور آپ کہیں گے کہ انہیں award دے دو۔ تو یہ ایک المیہ ہے، یہ ایک disease ہے جو political لوگوں میں پھیلائی جاتی ہے۔ یہ پھیلاتا کون ہے؟ پاکستان کی bureaucracy ۔ وہ جان بوجھ کر ایسی figures دیتی ہے۔ مجھے بتا دیں کون سا political شخص بنا ہے؟ ہم سب یہاں بیٹھے ہیں، ایک بندہ ہاتھ اٹھا کر کہے کہ اس نے budget پر بیٹھ کر کام کیا ہے، وہ بتائے کہ اس نے کسی P&D Minister کے ساتھ بیٹھ کر کام کیا ہے۔ ایک بندہ بتائیں، کسی Senator کو پتہ نہیں، کسی MNA کو پتہ نہیں۔ بھائی، ہم بلاوجہ لڑتے ہیں، ہمیں لڑنا نہیں چاہیے۔ آئیں، ہم اس ملک کا حل نکالیں، ان کے issues کا حل نکالیں۔ آپ آ جائیں، loan کا مسئلہ دیکھیں۔ 2008 میں جب پہلی مرتبہ وہ claim کرتے ہیں کہ جی government آئی، عوامی گورنمنٹ کہتے ہیں اس کو جب ہماری گورنمنٹ آئی، لیکن میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں، آپ دیکھیں جو پرویز مشرف کی government تھی، 2002 میں dollar تقریباً 59 روپے تھا، اور 2008 میں جب ان کی government گئی تو dollar پھر بھی تقریباً 59 روپے ہی تھا۔ یہ حقیقت ہے۔ آج dollar آپ کا تقریباً 300 روپے ہے۔ اس دوران تینوں، چاروں ادوار گزر گئے، تمام حکومتیں آ گئیں کون ہے ذمہ دار؟ آپ loan دیکھیں، 2008 میں تقریباً 6126 billion تھا، یعنی لگ بھگ 6 ہزار ارب۔ 2013 میں وہ double ہو گیا، تقریباً 14 ہزار ارب تک پہنچ گیا۔ 2018 میں وہ 25 ہزار ارب ہو گیا، جس کا آج بھی ذکر کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد 2022 میں آئیں، جب حکومت نے اسے 49 ہزار ارب تک

پہنچایا۔ اس وقت بھی یہی لوگ تھے، نئے پاکستان والے بھی وہی تھے، اور وہی اسد عمر تھا جو آستین اوپر کرکے بات کرتا تھا۔ اب آپ کیا کر رہے ہیں آپ نے کون سی policies دی ہے؟ 50 ہزار ارب پر اس حکومت نے 2022 کے بعد آج ہم کہاں کھڑے ہیں؟ میں آپ کو تقریباً تین مہینے پہلے کی figure بتاتا ہوں، جو Economic Affairs Committee میں آکر State Bank نے دی، وہ تقریباً 84 ہزار ارب تھی، اور آئندہ دو تین مہینوں میں یہ round about ایک لاکھ ارب کے قریب پہنچ جائے گی۔ آئیں، اس کا حل نکالیں۔ ہم سب کو بیٹھنا چاہیے۔ کوئی بھی party ، چیئرمین صاحب، مکمل خراب نہیں ہوتی، ہر party میں اچھے لوگ ہوتے ہیں۔ بات نیت کی ہے کہ کام کون کرنا چاہتا ہے۔ نہ کوئی party مکمل اچھی ہوتی ہے، نہ مکمل بری، بلکہ لوگوں کا کردار اس کو determine کرتا ہے اس کی identification بنتا ہے کہ اس party کا اصل کردار کیا ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ یہ loan کون اتارے گا؟ یہ ایک لاکھ ارب کے قریب پہنچ رہا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ہمارے میڈیا کے دوست بھی اوپر بیٹھے ہیں، جب 2022 میں حکومت تھی تو سب کہتے تھے کہ loan بڑھ گیا۔ ہمیں ان چیزوں کو highlight کرنا چاہیے۔ یہ ہمارے بچوں کا مسئلہ ہے، ہمارے مستقبل کا مسئلہ ہے، ہم اس کو ignore نہیں کر سکتے۔ حکومت جس کی بھی ہو، ذمہ داری سب کی ہے۔ میں آپ کو ایک چھوٹی سی مثال دیتا ہوں ۔(جاری T16)

**T16-17JUN2026 Taj/Ed. Waqas 03:10 p.m.**

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: (جاری) میں آپ کو ایک چھوٹی سی مثال دیتا ہوں۔ میں حقیقتاً آپ کو بتاؤں کہ جب میں 2021 میں سینیٹر بنا تھا تو اس وقت Chairperson, BISP ثانیہ نشتر صاحبہ تھیں۔ میں صرف اس document پر آتا ہوں اور آپ کو facts and figures بتاتا ہوں کہ اس میں کیا ہے۔ Chairperson, BISP میڈم ثانیہ نشتر صاحبہ تھیں۔ اس وقت round about more than 350 billion اس کا بجٹ تھا۔ میں نے ان سے کہا کہ آپ BISP کو پیسے دیں اور بے شک دیں۔ سندھ میں دو cancer hospitals تھے: پہلا لاڑکانہ میں LINAR Hospital اور دوسرا نواب شاہ میں NORIN Hospital تھا۔ جعفرآباد اور بلوچستان کے سارے لوگ علاج کروانے کے لیے interior Sindh آتے ہیں۔ ان دونوں میں نہ LINAC machines اور نہ ہی CT scan machines تھیں۔ ان کی cost کوئی 80 کروڑ ہے۔ میں نے ان کی منتیں کیں اور ایک، ایک آدمی کے پاس گیا۔ یہ میں اپنی حکومت یعنی نئے پاکستان، جدید پاکستان کی حکومت کا بتا رہا ہوں اور میڈم ثانیہ نشتر کی بات بتا رہا ہوں۔ ان کے ساتھ انقلابی اسد عمر صاحب بھی تھے لیکن وہ LINAC machines ابھی تک نہیں مل سکیں اور ابھی چھ سال ہو گئے ہیں۔ آج ان دونوں hospitals میں جب patients جاتے ہیں تو وہ ایک

ہزار روپے فیس دیتے ہیں۔ غریب بندہ کراچی نہیں جاسکتا۔ وہ کیسے جاسکتا ہے کیونکہ 6,000 روپے تو کرایہ ہے۔ ہم ایک billion rupees کی machines نہیں دے سکتے اور آج پھر دوبارہ BISP کے لیے 844 ارب روپے رکھے گئے ہیں۔ وجہ کیا ہے؟ Priorities کیوں نہیں بنتی ہیں؟ میں آپ سے التجا کرتا ہوں کہ آپ انہیں directions دیں، ابھی فنانس کمیٹی کے چیئرمین یہاں بیٹھے تھے اور اٹھ گئے ہیں، کھیل داس صاحب بیٹھے ہیں، being as head آپ خود بلوچستان سے تعلق رکھتے ہیں، یہ ہمارے backward areas ہیں تو اگر ہم ان کے لیے دو یا تین بلین روپے رکھیں گے تو اس سے ہماری وہ machines آجائیں گی۔ ان دونوں کے لیے funds نہیں ہیں۔ غریب لوگوں سے فیس لینا کون سی بات ہے۔ ہم سب کہتے ہیں کہ لوگ مر جائیں۔ 844 بلین روپے لوگوں کے گھروں تک پہنچائیں۔

میں آپ کو ایک recent واقعہ بتاتا ہوں کہ BISP پر زور کیوں ہے۔ Standing Committee on Economic Affairs میں ایک matter discuss ہوا۔ ابھی میرے سامنے یہ دونوں books پڑی ہیں۔ میں تو انہیں دیکھتا ہوں اور ابھی اس میں احسن اقبال صاحب کی picture دیکھی۔ جب آپ یہاں پر لکھتے ہیں کہ ہم نے BISP کو اتنے پیسے دیے ہیں اور ہم نے اس میں بہت ساری changes کر دی ہیں تو آپ کو پتا ہے کہ ہوا کیا ہے۔ ہماری Economic Affairs Committee نے ایک project highlight کیا تھا جو Sindh Solar Project کے نام سے تھا جس کے ذریعے دو لاکھ لوگوں کو مفت بجلی مہیا کرنی تھی۔ میں صرف conclusion بتاتا ہوں کہ ہوا کیا۔ ہم نے پوچھا کہ آپ نے beneficiaries list کہاں سے لی؟ جواب ملا کہ BISP سے لی ہے۔ دو لاکھ لوگ تھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس میں سندھ کے 30 districts ہیں اور ہر district میں 6,666 لوگوں کو ملے گا اور ہم نے BISP سے 20 ہزار کی لسٹ منگوائی ہے۔ میں نے کہا کہ وہ مجھے دے دیں۔ جب لسٹیں آئیں تو چونکہ میں لاڑکانہ سے belong کرتا ہوں، میں نے جب لاڑکانہ ڈسٹرکٹ کی لسٹ دیکھی تو اس میں کل 4,100 لوگ تھے۔ ان دو لاکھ لوگوں میں سے انہیں 6,666 لوگ چننے تھے۔ پتا ہے ہوا کیا؟ ایک گھر کے 22،22 لوگ تھے۔ یہ BISP ہے۔ بہن ہے، بیٹی ہے، نوکر ہے، یہ کوئی بات ہے۔ سندھ میں اپوزیشن کا کوئی بھی بندہ غریب نہیں ہے۔ اس کی وجہ کیا ہے؟ وجہ یہ ہے کہ BISP حکومت کے لوگوں کے لیے ہے اور لسٹیں وہاں بنتی ہیں۔

جناب! آگے کیا ہوا۔ میں آپ کو بتاتا ہوں اور آپ کو خوش ہونا چاہیے کیونکہ آپ custodian of the House ہیں۔ Energy Department نے آکر admit کیا کہ ہم سے غلطی ہوئی ہے اور additional چار لاکھ لسٹیں اور بنا دیں۔ انہوں نے اپنی کرپشن admit کی اور کہا کہ باقی ساری لسٹیں غلط ہیں۔ تو BISP سے کس نے کہا ہے کہ ایک ہی گھر کے 22 لوگوں کو پیسے دیں۔ میں آپ کو وہاں

کے UC کے نام بھی بتاتا ہوں جن میں UCوارو عباسی، UC سیدوڈیرو اور UC بوسن شامل ہیں۔ میں اس تحصیل سے elections لڑتا رہا ہوں۔ آپ کسے بات بتا رہے ہیں؟ آپ زور دیتے ہیں کہ BISP اور صرف BISP اور پیسے بھی دے دیں لیکن اتنا ضرور سوچیں کہ اپوزیشن اور مخالفت کرنے والا کا کوئی بندہ بھی غریب ہو سکتا ہے۔ اس کے بعد اس project میں کیا ہوا۔ احسن اقبال صاحب! P&D ان کے جو آفیسرز یہاں پر بیٹھے ہیں، یہ لکھنا بھول گئے ہیں، آپ نے Sindh Solar Project کے لیے پیسے دیے ہیں، جو آپ نے اس کتاب میں لکھا ہے۔ کہاں لکھا ہے، sustainable energy portion on Page 15 پر لکھا ہے۔ آپ یہاں یہ لکھیں کہ Energy Department of Sindh admitted in our Economic Affairs Committee that they have committed billions of corruption. انہوں نے 6ارب روپے fake invoices پر payment کی ہے۔ یہ Secretary, Energy Department, Government of Sindh کی statement ہے۔ آپ اس کو تو لکھیں نا۔ آپ نے پیسے دیے ہیں تو وہ share اب کہاں گئے جو fake invoices میں گئے ہیں۔ بیس ہزار کی solar kits تھیں، وہ آپ نے ساٹھ ہزار میں کیسے purchase کیے۔ اس کی تفصیل اِدھر لکھیں۔ اس وقت P&D کیا کر رہا تھا؟ وہاں پر کہاں گئے تھے احسن اقبال صاحب؟ میں تنقید نہیں کرتا۔ میں احسن اقبال صاحب کو request کرتا ہوں کہ خدا کے واسطے P&D میں ایسے Officers دکھائیں، اگر آپ کے foreign funding projects میں over invoicing ہوتی ہے تو ان کو expose کرو، ان کو وہاں stop کرو۔ بیس ہزار کی kit ساٹھ ہزار میں خریدتے ہیں۔ ان کا ایک ایڈیشنل سیکرٹری ہے، وہ اتنا puzzle ہو گیا۔ سو ملین ڈالر کا ایک project تھا یعنی 27 ارب روپے کا وہ، اس نے کہا کہ ہم نے بڑی کرپشن کی ہے تو ہم نے پوچھا کہ کہاں کہاں پر کی ہے۔ اس نے کہا کہ جناب! یہ پوچھیں کہ کہاں نہیں کی۔ کیا ظلم ہے۔ ابھی وہ آپ کے آگئے۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ، سیف اللہ ابڑو صاحب۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: میں آتا ہوں۔ جناب چیئرمین! آپ کو پتا ہے کہ میں کافی دنوں کے بعد آیا ہوں۔ میں ایسی تنقید بھی نہیں کر رہا۔ میں کسی پر بھی تنقید نہیں کر رہا۔ میں جو چیزیں آپ کو بتانا چاہتا ہوں، شاید ان میں حکومت کو help ملے۔۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: کچھ تجاویز بھی دے دیں۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: میں اسی پر آرہا ہوں۔ تجاویز یہ ہیں کہ جو آپ کے World Bank کے یا foreign funding projects ہیں، ان کو stop کر دیں۔ یہ برائی کی جڑ ہے۔ جو چل رہے ہیں ان کو چلائیں۔ نئی اسکیمیں kickbacks کے لیے آتی ہیں۔ ایسا

قرضہ کبھی بھی نہیں لیاجاتاکہ آپ قرضہ لے کرکام کریں ،اس کے بعد قرضہ اتارنے کے لیےاور قرضہ لیں۔ پھرجب ان کاinterest pay کرنا ہوتواپنی جائیداد،جوassetآپ نے بنایاتھا،اس کو گروی رکھ دیں۔ یہ کہیں کاراکٹ سائنس نہیں ہے۔ ابھی آپ BRTپرآجائیں۔ BRT پرسندھ کےconcerned Minister نے کہاہے کہ 7 million واپس کریں، ہم نےexcess payment کی ہے۔ وہ matter ہم نےاٹھایاتھا۔

جناب چیئرمین ! بات یہ ہے،یہ جوآپ کا بجٹ ہے،اس کے page No. 3 پرکابینہ ڈویژن کا بجٹ ہے جو64 billion کاہے۔ مجھے کوئی بتاسکتاہے کہ نمبر ۲ پر(SAP) Sustainable Development Goals Achievement کے against 63 billion کس مد میں رکھے گئے ہیں؟ وہ کس اسکیم کے تحت خرچ ہوں گے؟ وہ کون سی اسکیم ہے اور کون سا department اس کو supervise کرےگا؟Pak-PWD بند ہوچکاہے۔ یہ 63 billion کیاہیں؟ پچھلے سال70 billion اسی SAPپرخرچ کیے جاچکے ہیں۔ اس سے پچھلے سال47 billion خرچ کیے جاچکے ہیں۔جب بجٹ میں پیسے نہیں ہیں توآپ اتنے پیسے کیوں رکھتے ہیں؟

چیئرمین صاحب! آپ کی توجہ چاہیے۔ اس کی تفصیل آپ ان سے لازمی منگوائیں۔آپ M-6 Motorway پرآجائیں۔ اس پر ہمارے بھائیوں نے بھی بات کی ہے۔۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سیف اللہ ابڑو صاحب کے جوpoints ہیں،وہ یہاں پر بیٹھے ہوئےافسران نوٹ کرلیں اور یہاں پر کم از کم گریڈ20,21 کےآفیسرز موجود ہونے چاہییں۔ معزز سینیٹرز جو چیزیں مانگ رہے ہیں یا جو تجاویز دے رہے ہیں، وہ in writing بھی ہوں۔ جی۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: جناب! میں Petroleum پرآتاہوں۔ ہمارے دوست جذباتی ہوجاتے ہیں۔ جذباتی ہونے کی ہمیں ضرورت نہیں ہے۔ مسئلے کاحل سوچیں اور مسئلے کے حل کی طرف آئیں۔ ابھی دوست نے کہاکہ پٹرولیم میں ہوگا، یہ دنیامیں ہے۔ اگرآپ خوش ہیں کہ پٹرول400 روپے لیٹر بھی سستا ہے توآپ بڑھادیں،ہزار روپے کردیں، کوئی issue نہیں ہے۔ جس میں آپ کامن مطمئن ہو لیکن عوام ختم ہو جائیں گے۔ یہ 30 billion loan since 1971 سےابھی آکر100 billion پر پہنچاہے،اس سے عوام تباہ ہوجائے گی۔ عوام میں سکت نہیں رہے گی کہ آواز اٹھا بھی سکیں۔ بے شک آپ بڑھائیں لیکن میں آپ کو اتنا بتادوں کہ آپ کا Petroleum Minister, Standing Committee on Petroleum میں جواب دینےکاunable تھاجب یہ پوچھاگیاکہ آپ نے55 روپے قیمت کیوں

بڑھائی۔ اس نے admit کیا کہ یہ کیس ایف آئی اے دیکھ رہی ہے۔ اگر اس نے صحیح کام کیا تھا تو ایف آئی اے کیوں دیکھ رہی ہے۔ اگر صحیح نہیں کیا تو وہ پیسے، levy لگائی ہے تو میں خوش ہوں۔ میرے پاکستان کے خزانے میں پیسے آئیں گے۔ اگر اس نے پیسے Oil Marketing Companies (OMCs) کو پیسے دیے ہیں تو وہ recover ہونے چاہییں۔ چیئرمین صاحب! وہ 60 billion ہیں، اسحاق ڈار صاحب بیٹھے ہیں، بینکوں نے LCs issue کرنے پر 65 billion کی over invoicing کی تھی، وہ recover کریں۔ میں آپ کو Power Division کے یہ 3 latest بتاتا ہوں، مجھے تو سمجھ میں نہیں آتا۔ Power sector میں آپ کو کوئی بھی project time پر نہیں ہو رہا۔ Dasu-Suhawa Transmission Line کی 2026 completion تھی، اس وقت اس کی 34% progress ہے۔ NTDC کے officials نے آکر میٹنگ میں کہا ہے کہ یہ Transmission Line time پر نہیں بنے گا تو ہم power project کو دو ارب روپے ادا کریں گے۔ وہ کون بھرے گا؟ کام اتنا آسان نہیں ہے جس طریقے سے آپ کہہ رہے ہیں۔ (جاری۔۔۔T17)

**T17-17June2026 Ali/Ed: Waqas 03:40 pm**

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: (جاری ہے۔۔۔۔) وہ کون بھرے گا؟ کام اتنا آسان نہیں ہے، جس طرح آپ کہہ رہے ہیں۔ احسن اقبال صاحب نے 46 Billion یہاں لکھا ہوا ہے۔ ہم نے inefficient gain کو ختم کر دیا۔ کتنے ہیں وہ؟ 4625 megawatt, میں آپ کو اس کی detail بتاتا ہوں، department کی efficiency بتاتا ہوں۔ Department یہ بتاتا ہے کہ Senate میں 20 جنوری 2026 کو ایک Senator نے سوال پوچھا تھا، یہ اس کا official جواب ہے۔ یہ کوئی میرا ذاتی جواب نہیں ہے۔ آپ اس کا table دیکھیں گے تو آپ ہنسیں گے۔ وہ لکھ رہا ہے کہ یہ total 4618 megawatt ہیں، جو total قیمت ہے round about 46 Billion اور جو date of tender ہے وہ may 2025 ہے۔ وہ recovery دکھا رہا January 2025. Tender چھ مہینے بعد ہوا اور اس کو پیسے پہلے مل گئے؟ January 2025 میں۔ یہ efficiency ہے power sector کی۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: Conclude کریں۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: میں آتا ہوں۔ میں کوئی ذاتی چیز آپ کو بتا ہی نہیں رہا۔ یہاں تیس تیس منٹ ہمارے دوستوں نے بات کی۔ میری قسمت ہے کہ آپ آج سامنے آ گئے، لیکن مجھے امید ہے کہ آپ مجھے آٹھ دس منٹ time دیں گے۔ میں نے ایسی کوئی بات ہی نہیں کی جو آپ کی political چیز ہے۔ ویسے بھی ایوان خالی پڑا ہے، اگر آپ ابھی busy ہیں، uncomfortable ہیں، میں بیٹھ جاتا ہوں۔ جب

سارے اٹھ جائیں، تو میں اور آپ one-on-one بیٹھتے ہیں، پھر بات کرتے ہیں۔ مجھے time دیجیے گا، میں اس پر بھی راضی ہوں۔ جیسے آپ کہیں، میں اس میں خوش ہوں۔ یہ بڑا issue ہے، 2025 May میں tender ہوتے ہیں اور January 2025 میں مجھے پیسے ملے ہیں، یہ table Power sector نے دیا ہے۔

Total 15 Power Plants تھے، 15 Power Plants میں سے 06 Power Plants ایک company کو دیے گئے۔ اس کی cost تھی کوئی 8.5Billion. وہ 8.5 Billion تقریباً 95% پیسے دے گیا۔ 08 plants انہوں نے G2G company, Wah Industries کو دیے ہیں۔ میں پہلے بڑے ادب سے یہ کہتا ہوں کہ بالکل G2G companies کو اگر پیسہ چاہیے تو ایسے لے لیں۔ خدا کے واسطے، یہ ہمارے ملک کے پیسے ہیں، ان کو ایسے تباہ نہ کریں۔ Wah Industries نے، جو پہلے private contractor آئے، انہوں نے 08 Billion, آپ کا estimate 7.5 Billion تھا۔ 8.5 Billion پر آپ کی bid گئی، ایک ارب کا فائدہ ہوا اور پیسے بھی آ گئے۔

آپ کی Wah Industries نے 38 Billion کا کام لیا ہے۔ اس نے آپ کو 04 Billion دیے ہیں، صرف یہ ہے کہ اس میں ایک private mafia ہے جو اس کی back پر کام کر رہا ہے۔ انہوں نے Wah Industries کا نام استعمال کیا ہے اور میں authority سے بھی request کرتا ہوں کہ آپ ایسی اپنی G2G companies پر لازمی action لیں جن کے سامنے کوئی اور بندہ ان کو use کرتا ہے۔ مجھے تعجب اس بات پر ہوا کہ Minister Sahib کو یہ چیزیں سمجھ میں کیوں نہیں آتیں۔

Guddu Thermal, GT-14 Gas Turbine, Grecales کے 20.8 Billion, اس کے پیسے آپ کیوں نہیں لیتے؟ یہ 40 Billion پیسے آپ کیوں نہیں لیتے؟ Pol 60 Billion کے کیوں نہیں لیتے؟ ONH, 65 Billion میں کیوں نہیں لیتے؟ آپ لیں، یہ 200, 250 Billion پیسے بنتے ہیں۔ ابھی circular debt جو آپ کہہ رہے ہیں، circular debt آپ کا دس ہزار billion۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سیف اللہ ابڑو صاحب نے جو point raise کیا ہے، تو اس کے جو بھی متعلقہ Minister ہیں، وہ آپ کے ساتھ بیٹھ جائیں۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: میں دونوں Power اور Energy کے Ministers کو challenge کرتا ہوں کہ House میں آ جائیں ، کھلم کھلا discuss کرتے ہیں۔ میں اسی وقت resign کر دوں گا۔ یہ کوئی بات ہے کہ مجھے سمجھ میں نہیں آتی۔ Minister of Energy نے اور Minister of Power نے statement دی، اس نے کہا کہ جی، ہم نے circular debt ختم کر دیا۔ یہ 2022 سے لے کر 2026 تک circular debt کی figure پڑی ہے۔ یہ 11000 Billion بنتی ہے، responsible کون ہے؟ کل جب اس پر pressure پڑا ہے۔ پچھلے سال آپ کا circular debt 1614 Billion تھا وہ ابھی بڑھ کر 1853 Billion ہو گیا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: Conclude کریں۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: آپ کا 240 Billion بڑھ چکا ہے اور ابھی آپ کے یہ بیس پچیس دن پڑے ہیں۔ مجھے آپ یہ بتا دیں کہ کل Minister Sahib کی جو statement آئی، بہت زبردست statement؛ اس نے کہا کہ جی، ہم چھ سال میں اس کو آہستہ آہستہ ختم کریں گے۔ تو میری اتنی گزارش ہے کہ اگر چھ سال میں آپ نے circular debt ختم کرنا ہے، آپ نے load shedding کا غلط اعلان کیا کہ عید پر load shedding ختم ہے۔ تو آپ کو یہ انعام بھی واپس کرنا چاہیے، award واپس کریں، یہ award بھی چھ سال کے بعد لیجیے گا، جب آپ یہ ختم کر چکے ہوں، award ابھی لیتے ہو۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سیف اللہ ابڑو صاحب Conclude کریں۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: میں آتا ہوں، وہ آپ آدھے آدھے میں کہتے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اگلی مرتبہ۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: Budget کی بات ہے۔ آپ کو خوش ہونا چاہیے کہ کوئی Senator budget پر بات کرنا چاہتا ہے۔ میں آپ کو ہاتھ جوڑتا ہوں کہ اس پر بات کرنے دیں، یہ ہمارے ملک کی بات ہے۔ اس کی وجہ کیا ہے؟

جناب ڈپٹی چیئرمین: باقی ممبران نے بھی بات کرنی ہے۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: آپ دیکھیں، پہلے لوگ بولتے نہیں، جو بولتے ہیں، اٹھ کر ایک دوسرے کو گالیاں دیتے ہیں۔ میں نے کسی party کی بات نہیں کی۔ اسد عمر نے انعام لیا 2022 میں، اس پر تو حکومت کو خوش ہونا چاہیے کیونکہ وہ اچھی بات ہے۔ 09 February

کو خان صاحب نے اچھی performance پر انعام بانٹے، لیکن انہوں نے ستارہ امتیاز نہیں دیا، کیونکہ ستارہ امتیاز میں cash money and land بھی ہے، وہ بھی ملک کا نقصان ہے لیکن انہوں نے award بانٹے، خان صاحب نے پہلا انعام NHA کی کارکردگی پر مراد سعید کو دیا، اس NHA کی کارکردگی کو دیکھیں کہ یہاں EAD کے senior بیٹھے ہیں، کامل علی آغا صاحب۔ ستیاناس کر دیا ہے اس committee نے NHA کا۔ جتنی NHA corruption میں ہے، جو مراد سعید کے time میں ملتان، لودھراں کا کام ہوا، اس contractor پر اور اس کے 06 members پر FIR کٹیں۔ یہ ہماری Economic Affairs Committee نے کام کیا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: بس کریں سیف اللہ بھائی۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: یہ Finance Committee کو کرنا چاہیے، انعام ملا پھر کس کو؟ خسرو بختیار کو، P&D کا، جیسے آج احسن اقبال ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: Conclude کریں، وقت کو دیکھیں۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: آپ بڑے خوش نصیب ہیں۔ یہ سارے لوگ جو اس side پر بیٹھے ہیں، یہ ان چیزوں کو سمجھتے نہیں۔ یہ اگر صحیح سمجھیں نا، تو یہ اُس side پر نہ بیٹھے ہوں۔ آپ کی قسمت اچھی ہے، آج آپ کو تحفہ ملا ہے، GB کی تین seats آئیں ہیں، ایک ن لیگ، ایک PPP، ایک وہ قائداعظم ثانی کی party کو، علیم خان قائداعظم ثانی ہے نا وہ جناح cap پہن لے تو۔ اس نے NHA کو تباہ کر دیا۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: Butt Sahib please, سیف اللہ صاحب conclude کریں۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: ہر مرتبہ بکواس اچھی نہیں لگتی، ان کو اس کی عادت ہو گئی ہے، ہر مرتبہ بیچ میں بولنے کی۔ جناب چیئرمین، بات یہ ہے کہ ملک کی بہتری کے لیے جو چیزیں ہیں، politically وہ آپ کریں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جتنا عرصہ آپ نہیں بولے، آج اس کا سارا غبار نکال دیا ہے۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: میں آپ کو اتنا بتا دوں کہ اس ملک کا حل یہ ہے کہ آپ کا energy sector تباہ ہوا پڑا ہے power, petroleum پر دھیان دیں۔ میں ساری parties کو request کرتا ہوں کہ سب آپس میں بیٹھ جائیں اور اس ملک کی custodian بنیں۔ اچھے لوگ ہر party میں ہیں، budget یہ بنائیں، energy sector کو یہ دیکھیں۔ آپ energy

sector میں power and petroleum کو ban کریں۔ یہ دونوں Ministries corruption کا گڑھ ہیں اور مسائل کا گڑھ ہیں۔ FBR کو ban کریں۔ اگر ہم اس کو as a Nation دیکھنا چاہتے ہیں، تو پھر ہمیں Iran کو دیکھنا چاہیے کہ ایرانی ایک قوم کیسے بنی؟ اس مشکل وقت میں، Iran-America war میں۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ سیف اللہ ابڑو صاحب۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: ان کے ملک میں لوگوں کے پاس کھانے کے لیے نہیں تھا، انہوں نے store کھول دیے۔ ہم مسلمان ہیں، جب پاکستان میں رمضان آتا ہے تو اس میں ہم چیزیں مہنگی کر دیتے ہیں۔ تو ہمیں آپس میں بیٹھ کر اس کو دیکھنا چاہیے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: بہت شکریہ۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: اگر حکومت اس میں اتنی خوش ہے، تو آج ہی آپ budget پاس کروائیں، ابھی بھی پانچ چھ لوگ بیٹھے ہیں، budget پاس ہو جائے گا، ایسی کوئی بات نہیں ہے۔ لیکن اگر واقعی مسائل کا حل چاہتے ہیں، تو P&D department, Finance department, Energy department, Power department, Petroleum department, FBR ان کو قانون کے کٹہرے میں لائیں۔ شاید آپ کے اس budget میں کچھ بہتری آسکے۔ thank you.

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ جی سینیٹر حاجی ہدایت اللہ صاحب۔ ممبر دس منٹ بات کرے گا اور پارلیمانی لیڈر پندرہ منٹ۔ اگر اس سے زیادہ بات کی تو میرا order ہے کہ ان کا mic بند کیا جائے۔

**Senator Hidayatullah**

سینیٹر حاجی ہدایت اللہ خان: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ میں اپنی بجٹ تقریر سے پہلے Prime Minister of Pakistan, Mian Muhammad Shehbaz Sharif, Deputy Prime Minister Mohammad Ishaq Dar Sahib and Field Marshal Asim Munir Sahib کو Iran-America کامیاب مذاکرات پر مبارک باد پیش کرتا ہوں اور اس پوری team کی انتھک کوشش کی وجہ سے آج پاکستان کا نام روشن ہوا ہے اور ایک نئی تاریخ رقم ہوئی ہے اور پوری پاکستانی قوم مبارک باد کی مستحق ہے۔ جناب چیئرمین! مجھے ایسے وقت میں time دیا گیا کہ۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ قرارداد پیش کر رہے ہیں یا budget پر بات کر رہے ہیں۔ (جاری ہے۔۔۔۔۔T18)

جناب ڈپٹی چیئرمین: (جاری۔۔۔۔) یہ آپ قرارداد پیش کر رہے ہیں یا بجٹ پر بات کر رہے ہیں؟

سینیٹر ہدایت اللہ خان: میں بجٹ پر آ رہا ہوں۔ وہ تو میں نے پہلے اُن کو مبارک باد پیش کی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ کو یہاں سے اجازت ملے گی تو آپ کریں گے۔ آپ ایک تیر سے دو نشانے لگا رہے ہیں۔

سینیٹر ہدایت اللہ خان: میں بجٹ پر آتا ہوں۔ آپ نے مجھے ایسے وقت پر time دے دیا ہے کہ ایک مولانا صاحب بیٹھے تقریر کر رہے تھے۔ تو لوگ اٹھتے گئے، اٹھتے گئے اور ایک آدمی رہ گیا۔ تو مولانا نے اُس سے پوچھا کہ بھائی، کون سی بات نے آپ پر اثر کر دیا ہے کہ آپ ابھی تک بیٹھے ہیں۔ تو اُس ادمی نے کہا کسی بات نے اثر نہیں کیا، یہ چادریں جس پر آپ بیٹھے ہیں وہ میری ہے۔ میں اس کا انتظار کر رہا ہوں۔ یہاں سب اپنے نمبر کا انتظار کر رہے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ کو پتا نہیں ہے سیف اللہ ابڑو صاحب کتنے طاقت ور انسان ہیں۔ میں نے کہا کہ اگر قرارداد ہے تو پہلے آپ پیش کریں۔ ہم House سے اجازت لے کر۔۔۔

سینیٹر ہدایت اللہ خان: قرارداد اور مبارک باد میں فرق ہے جی اور وہ آپ کو معلوم بھی ہے۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: کل جمعہ ہے تو آپ جمعہ سے پہلے بات کر لینا۔

سینیٹر ہدایت اللہ خان: میں نے اس سینیٹ کے tenure میں PTI کے دور میں بھی حکومت کا بجٹ دیکھا ہے، PDM کا بھی بجٹ دیکھا ہے اور اب مسلم لیگ کی حکومت کا بجٹ بھی میں نے دیکھ لیا۔ اب مجھے سمجھ آیا کہ یہ صرف الفاظ کا ہیر پھیر ہے۔ نہ بجٹ بنانے والوں کو پتا ہے کہ بجٹ کیسے بنتا ہے، بجٹ کہاں سے آتا ہے، survey کیسے ہوتا ہے اور غریب عوام کی ضروریات کیا ہیں۔ غریب لوگ تو بجٹ سے چھ مہینے پہلے ہی امید لگا لیتے ہیں کہ شاید اس بجٹ میں کوئی relief مل جائے لیکن ہر آنے والا بجٹ پچھلے بجٹ سے زیادہ غریب کش ہوتا ہے۔ اس کی وجہ کیا ہے؟ اس حوالے سے میں یہ سوچتا ہوں اور دیکھا ہوں تو مجھے اس کی اصل وجہ یہ سمجھ میں آتی ہے کہ ہم جو بیماری ہے، اُس کا تشخیص نہیں کرتے۔ اگر ایک مریض کو دل کا عارضہ ہو اور ڈاکٹر اُس کے دماغ کا اور گردوں کا علاج کرتا میں اُسے گولیاں اور دوائیاں دیتا ہے تو وہ ٹھیک نہیں ہو سکتا۔

تو میں یہی کہتا ہوں کہ ہماری اصل وجہ کیا ہے؟ ہماری وجہ یہ ہے کہ ہم سودی نظام میں جکڑے ہوئے ہیں اور ہم سودی نظام کے اندر یہ وقت گزار رہے ہیں، جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ (عربی) آپ میرے اور میرے رسول ﷺ کے ساتھ جنگ کے لیے تیار ہو جاؤ۔ میرے خیال میں کوئی ایسا نہیں جو اللہ اور رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جنگ کرے اور نہ ہم کر سکتے ہیں۔ میرے خیال میں سب سے بڑی تباہی کی بات یہی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ نے یہ بھی فرمایا ہے کہ لوگ آج بہت زیادہ روتے ہیں، چیختے اور چلاتے ہیں کہ ہمارے اوپر یہ ہو رہا ہے، ہمارے اوپر وہ ہو رہا ہے تو اللہ تعالیٰ کے اس بارے میں واضح احکامات فرمائے ہیں (عربی) اس میں صاف بتایا ہے کہ جو لوگ میرے میرے احکامات سے اعراض کرے گا اور اس قران کی آیات سے انکار کرے گا تو اُس کی زندگی کو ہم تنگ کر دیں گے اور اُس کو روزانہ مار پڑے گی، وہ چیخے گا اور روئے گا۔ اس کا اس دنیا میں یہ عذاب ہے جس میں آج کل ساری قوم مبتلا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ اگر آپ آخرت کی بات کریں تو آپ کو جب قبر سے اٹھایا جائے گا تو آپ اندھے ہوں گے۔ تو میرے خیال میں آدمی اُس وقت چِلائے گا اور چیخے گا کہ یا اللہ! دنیا میں تو میری آنکھیں تھیں اور میں سب کچھ دیکھ رہا تھا، اب میری آنکھیں کیوں نہیں ہیں؟ تو اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کہ تم نے میری آیات کو بُھلا دیا تھا اور اُس پر عمل نہیں کیا تھا تو اس لیے آج میں نے تمہاری آنکھوں کا نور ختم کر دیا۔

چیئرمین صاحب، یہی وجہ ہے کہ ہماری معیشت دن بدن خراب ہوتی جا رہی ہے۔ میں ایک بات کی طرف آ رہا ہوں کہ اس حکومت کے اپنی اقتصادی سروے کے مطابق پاکستان میں غربت کی شرح 28.9 فیصد ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ہر چوتھا بندہ غربت کی لکیر کے نیچے زندگی گزار رہا ہے۔ جناب چیئرمین، ان کے سروے میں غربت کی تعریف کیا ہے؟ ان کے مطابق جو لوگ غربت کی لکیر سے نیچے تھے، وہ اُوپر آ گئے ہیں۔ تو وہ کیسے آ گئے؟ جیسے کہ ایک کلومیٹر ایک ہزار میٹر کا ہوتا ہے، تو انہوں نے اُسے آٹھ سو میٹر کا کر دیا۔ تو اس لیے وہ میٹر کم ہو گئے، اُس کی لمبائی کم ہو گئی تو اس لیے لوگ غربت کی لکیر سے اُوپر آ گئے۔ یہ تو کوئی طریقہ نہیں ہے۔ جناب چیئرمین، حکومت کے مطابق جو بندہ آٹھ ہزار چار سو تراسی روپے کماتا ہے، وہ غریب نہیں ہے۔ اب اس بات پر حکومت کو کیا کہا جائے۔ حکومت کو کوئی بندہ بتا دے کہ اس کی وضاحت کرے کہ آٹھ ہزار چار سو تراسی روپے میں ایک آدمی کیسے گزارا کر سکتا ہے؟ صرف بجلی کا بل بھی ادا نہیں کر سکتا اور اگر گھر میں کوئی بیمار ہو جائے تو ان پیسوں میں تو دوائیاں بھی نہیں خریدی جا سکتیں۔

جناب چیئرمین، تنخواہ دار طبقے کے لیے اس بجٹ میں کوئی relief نہیں ہے۔ گزشتہ سال میں سب سے زیادہ tax government ملازمین نے ادا کیا ہے اور اس بدلے میں تنخواہ میں سات فیصد اضافہ ناانصافی ہے۔ اس کو بڑھایا جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: حاجی ہدایت اللہ صاحب کی تجاویز حکومت کی طرف سے بیر سٹر صاحب آپ note کریں۔

سینیٹر ہدایت اللہ خان: چیئرمین صاحب، اس بجٹ میں عام روزمرہ استعمال کی اشیاکے tax میں اضافہ کیا گیا ہے جس سے مہنگائی کی شرح میں اضافہ ہوگا۔ اشرافیہ کے لیے tax میں کمی کی گئی ہے۔ Luxury گاڑیاں، business class کے جہاز کے tickets سستے کیے گئے ہیں جس سے غریب آدمی کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ جناب چیئرمین، ہمارے ملک کی تمام industries بند ہیں۔ 2025-26 میں industrial growth 3.51 percent ہے جو پاکستانی تاریخ کی سب سے کم سطح پر پہنچ گئی ہے جس کی وجہ سے بے روزگاری میں اضافہ ہوا، ڈالر کا rate بڑھ گیا ہے، برآمدات میں کمی بلکہ نہ ہونے کے برابر ہے۔ اس کی سب سے بڑی وجہ FBR tax system, مہنگی بجلی اور گیس ہے۔ جب تک FBR کا system ٹھیک نہیں ہوگا، کاروبار نہیں چلا سکتا۔

بجلی کی قیمتوں میں کمی بہت ضروری ہے اور غریب آدمی کے لیے دو سو یونٹ سے اوپر والی بجلی کی سلیب ختم کی جائے کیونکہ یہ انتہائی ظالمانہ نظام ہے۔ اگر ایک بار دو سو یونٹ سے زیادہ استعمال ہو جائے تو چھ مہینے کے لیے بجلی کا مہنگا rate دینا پڑتا ہے۔ یہ غنڈہ ٹیکس ہے، اس کو فوراً ختم کیا جائے۔ اسی طرح FBR نے چھوٹے دوکانداروں کے لیے ایک نظام بنایا ہے کہ وہ پچیس ہزار روپے tax دے گا، خواہ اُس کے ساتھ کوئی حساب کتاب نہیں کریں گے، وہ نہیں کریں گے، چھاپے نہیں ماریں گے لیکن اس کے باوجود اس میں ایسے لوگ بھی ہیں کہ اُن کا پاس پچیس ہزار روپے کا بھی سرمایہ نہیں ہے کہ وہ یہ tax ادا کر سکے۔ تو میرے خیال میں اس پر بھی طبقاتی طور پر stages بنانی چاہیں۔ 1st, 2nd and 3rd. اور اس کو تین حصوں میں بانٹ کر پھر اُس کے لیے tax کا نظام وضع کیا جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ لوگ تجاویز لکھ رہے ہیں؟

سینیٹر ہدایت اللہ خان: جناب چیئرمین، میں اپنے صوبے خیبر پختونخوا کی طرف آنا چاہتا ہوں۔ ہمارا صوبہ گزشتہ تیرہ سال سے یتیم ہے۔ اس کا کوئی پرسانِ حال نہیں ہے۔ جو رہی سہی کسر ہے وہ آپ لوگ نے یہاں سے نکال دی ہے۔ ایک طرف ہم دہشت گردی سے لڑ رہے ہیں اور دوسری طرف وفاقی حکومت نے ہمارا ایک سو نو ارب NFC Award سے کم کر دیا ہے اور ضم شدہ اضلاع کے بجٹ کو تقریباً ختم کر دیا گیا ہے کیونکہ اُن کے سو ارب روپے کی پہلے سے اس کے ساتھ commitment ہو چکی تھی۔ تو وہ بھی تقریباً ختم کر دیا گیا ہے۔

جناب چیئرمین، لوگ دن بدن بے روزگار ہو رہے ہیں، امن و امان کا مسئلہ بہت زیادہ سنگین ہو چکا ہے۔ لوگ نقل مکانی پر مجبور ہیں اور صوبہ چھوڑ کر اور جگہیں تلاش کر رہے ہیں اور جا رہے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ ذرا mic کے قریب آ جائیں۔

سینیٹر ہدایت اللہ خان: جناب چیئرمین، PSDP میں میرے ضلع دیر زیریں یعنی چکدرہ سے تیمر گرہ روڈ کے لیے صرف پانچ سو ملین روپے رکھے گئے ہیں۔ (جاری۔۔۔۔۔T19)

T19-17June2026 Abdul Ghafoor/ED: Shakeel 3:40 p.m.

سینیٹر ہدایت اللہ خان: (جاری۔۔۔۔) یہ روڈ چکدرہ تیمر گرہ ابھی PSDP میں بھی آیا ہے اس کے لیے خاطر خواہ رقم کا بندوبست کیا جائے تاکہ ہمارا دیرینہ مسئلہ حل ہو جائے۔ میری گزارش ہے کہ اس کو سنجیدہ لیا جائے اور یہ رقم بڑھائی جائے اس پر فوراً کام شروع کیا جائے۔ دوسرا ہمارے صوبہ خیبر پختونخوا میں سب سے زرخیز اضلاع جن میں چارسدہ، مردان، صوابی، نوشہرہ وغیرہ اس کی سب سے بڑی اچھی قسم کی فصل تمباکو ہے۔ تمباکو یہاں پر الحمدللہ پوری ایشیا بلکہ پوری دنیا میں نسل کے حساب سے اعلیٰ قسم کا تمباکو پیدا ہوتا ہے۔ یہاں سے تعداد کے حساب سے بھی سب سے زیادہ تمباکو پیدا ہوتا ہے لیکن یہاں کے زمیندار مقروض ہیں۔ یہاں پر ان کو کوئی پیسہ ہی نہیں ملتا۔ یہاں پر ان کے حالات بہت خراب ہیں۔ وہاں کی فصل پر تمباکو کمپنی نے ان کے اوپر سانپ اژدھا بٹھایا ہوا ہے۔ وہ اپنے منہ مانگے قیمت مختص کرتے ہیں، وہی قیمت لگاتے ہیں، لوگ مجبور ہوتے ہیں کیونکہ حکومت اور FBR کی طرف سے قسم قسم کے taxes بھی لگائے گئے ہیں اور ان کو کہا جاتا ہے کہ آپ اسی کو دیں گے، کسی اور کو نہیں دیں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ، جی۔

سینیٹر ہدایت اللہ خان: میرے خیال میں اس کے اوپر بہت زیادہ توجہ دینا ضروری ہے۔tobacco cases کے حساب سے اس صوبے کا حق بھی بنتا ہے وہ دے دیں۔ دوسری بات کی طرف آ رہا ہوں کہ ہماری electricity, oil and gas royalty وہ سارے ابھی تک تقریباً 45000 بنتے ہیں، میرے خیال میں صوبے کو دینا چاہیے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ، جی۔

سینیٹر ہدایت اللہ خان: جناب چیئرمین! انہوں نے 109 ارب روپیہ کٹوتی کی ہے، اٹھارویں ترمیم میں صوبے کو کو دیا گیا ہے، لہٰذا ان کو واپس کیے جائیں۔ ان کے علاوہ قبائلی اضلاع کے لیے خصوصی grant دی جائے تاکہ وہ لوگ اور NFC award میں 3% ان کا حصہ ہے وہ بھی ان کو دیا جائے۔ بہت بہت شکریہ۔ آخر میں ایک شعر پر اپنی بات ختم کرنا چاہتا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئر مین: ارشاد۔

سینیٹر ہدایت اللہ خان: جناب چیئر مین !آپ شعر سننے کے زیادہ شوقین ہیں اور پھر علامہ اقبال کا شعر۔علامہ اقبال فرماتے ہیں۔

گنوا دی ہم نے جو اسلاف سے میراث پائی تھی
ثریا سے زمیں پر آسماں نے ہم کو دے مارا

وہ مقام جو ہمارا تھا، وہ ہم نے گنوالیا۔آج ہم آسمان سے گئے اور زمین پر بیٹھے۔

جناب ڈپٹی چیئر مین: چودہ منٹ کے بعد آپ آسمان سے زمین پر گرے۔جی، ڈاکٹر سینیٹر محترم دوست علی جیسر صاحب۔

سینیٹر دوست علی جیسر: صحیح بات ہے واقعی۔

جناب ڈپٹی چیئر مین: جی، بیرسٹر صاحب پلیز۔

سینیٹر دوست علی جیسر: جناب چیئر مین ! بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئر مین: دائیں بائیں لوگ آپ کو misguide کریں گے، ان کا خیال کریں۔

سینیٹر دوست علی جیسر: جناب ! نہیں نماز پڑھنی تھی۔

جناب ڈپٹی چیئر مین: جناب قاضی صاحب اور بٹ صاحب۔

سینیٹر دوست علی جیسر: جناب ! نماز بھی جا رہی تھی دونوں طرف سے جا رہے تھے۔

جناب ڈپٹی چیئر مین: مجھے آپ کا پتا ہے۔آپ جلدی convince نہیں ہوتے میں نے احتیاطاً مشورہ دیا ہے۔

**Senator Dost Ali Jeesar**

سینیٹر دوست علی جیسر: جناب چیئر مین! شکریہ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ان شاء اللہ جمعہ کے روز دنیا کا بڑا عظیم event Switzerland میں ہو رہا ہے۔ پاکستان نے اس سلسلے میں بڑی محنت کی تھی اور اس کو کامیابی کی طرف ہمکنار کیا ہے۔ میرے چیئر مین بلاول بھٹو زرداری نے چار دن پہلے جب اس event کو confirm کیا گیا تھا شاید political leaders میں سب سے پہلے ایک بہت خوبصورت بیان جاری کیا تھا۔ میرے چیئر مین بلاول نے کہا I warmly welcome the peace deal between USA and Iran, this breakthrough shows that diplomacy can succeed where

confrontation cannot یقیناً یہ جمہوریت کی فتح ہے، پاکستان کی فتح ہے، ہماری leadership کی فتح ہے۔ ہم اس فتح کے لیے، اس عزت کے لیے، ملک کے ہر شہری کو ہر پاکستانی کو مبارک باد دیتے ہیں۔ یقیناً یہ team جس نے اس سلسلے میں باتیں کیں اس سلسلے کو آگے بڑھایا، اس میں وزیراعظم شہباز شریف شامل تھے۔ اس میں جنرل عاصم منیر صاحب شامل تھے۔ اس میں ہمارے دو سینیٹر صاحبان بھی شامل تھے، اسحاق ڈار صاحب اور محسن نقوی صاحب ان کو بھی ہم مبارک باد دیتے ہیں۔ بے شک قابلِ فخر چیز ہے۔ اللہ کا شکر کرتے ہیں ان شاء اللہ یہ جمعے کو کامیابی کی طرف جائے گا۔

جناب والا! قومی اسمبلی میں عزت مآب وزیراعظم نے ایک بہت اچھی بات کہی تھی۔ اس نے کہا تھا کہ اگر ہمارے پاس ایک روپیہ ہے تو ہم چاروں صوبوں میں ایک روٹی کو بھی توڑ کر چار حصے کرکے کھائیں گے۔ یہ بہت اچھی بات تھی اور بھی اچھی باتیں ہوں گی لیکن مجھے یہ اچھی بات لگی۔ میں ابھی وزیراعظم سے ایک روٹی کے چار حصے تو نہیں چاہتا لیکن سندھ کا ایک بہت اہم مسئلہ ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ مائیک کے قریب ہو جائیں۔

سینیٹر دوست علی جیسر: جناب چیئرمین! میں سندھ کا حق دلانے کے لیے وزیراعظم صاحب کو گزارش کرتا ہوں۔ وہ ہے کہ سندھ اس وقت ایک بہت بڑے مسئلے میں گرا ہوا ہے وہ ہے irrigation water کی کمی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: منسٹر صاحب ان کا point serious ہے۔

سینیٹر دوست علی جیسر: جناب چیئرمین! سندھ میں 50% پانی کی کمی ہے۔ گڈو بیراج پر 42% سکھر بیراج پر 45% کوٹری بیراج پر پانی کی کمی 62% ہے۔ یہ کمی لوئر سندھ کے اضلاع کو اس حد تک متاثر کرتی ہے کہ وہاں پینے کے پانی تک کا مسئلہ ہے۔ گزشتہ سال سندھ کے حصے کا پانی 20 مئی تک دیا گیا تھا لیکن آج ابھی 17 جون ہے سندھ کے حصے کا پانی نہیں دیا گیا۔ اس کی وجہ سے سندھ کے crops لیکن میں کہتا ہوں پاکستان کے crops ہیں تینوں cash crops ہیں۔ ہم rice, cotton, sugarcane کو لے لیں وہ بہت بری طرح متاثر نہیں ہو رہے ہیں لیکن اس پانی کی کمی کی وجہ سے crash ہو رہے ہیں۔

جنابِ والا! اس بجٹ میں اور اگلے بجٹ میں بھی یہ چیز آئی تھی لیکن اس میں پھر جیسے repeat ہوئی ہے FBR اس میں بہت بری طرح ناکام نظر آئی ہے۔ اس سال بھی tax collection میں FBR کی طرف سے 1200 ارب کا خسارہ shortfall ہوا ہے۔ آئندہ بجٹ میں پھر بجٹ کا دارومدار نئی بجٹ میں FBR پر رکھا گیا ہے۔ 2026-27 میں FBR کو بجٹ کے لیے target دیا گیا ہے وہ تقریباً 15000

billion plus ہے۔اگر ایسے FBR پر دارومدار رکھا گیا تو میں سمجھتا ہوں پھر ہمیشہ بجٹ کا failure چلے گا اور بجٹ میں tax collection نہیں ہو سکے گی۔اس لیے حکومت کو پہلے اس کو تنبیہ کرنی چاہیے تھی۔اس کے اسباب ڈھونڈنے چاہیے تھے۔اس کے لیے کوئی reasons دینے چاہیے تھے۔وہ پالینے چاہیے تھے اس سلسلے میں کیا کرنا چاہیے لیکن اس سلسلے میں کوئی بھی کام نہیں ہوا۔ sales tax and service tax صوبے بھی لیتے ہیں اس سلسلے میں صوبوں کی recovery بہت اچھی ہے۔ہم اگر صوبوں کو دیکھیں گے تو پنجاب نے اپنے target سے 34% recovery زیادہ کی ہے۔ سندھ نے 33% recovery زیادہ کی ہے۔ KPK اور بلوچستان بھی اپنے target سے بہتر رہے ہیں۔اس سے بہتر نہیں ہے کہ tax recovery ہم صوبوں کو دے دیں؟ کم از کم وفاق کو آمدنی تو بہتر دے دے گا۔یہ کوئی ضروری نہیں ہے کوئی لکھا تو نہیں ہوا کہیں صحیفے میں کہ ہم FBR کو ہی چلائیں جو بالکل پوری طرح ناکام ہو رہا ہے۔

جنابِ چیئرمین! ہم جانتے ہیں کہ آئین کے مطابق tax سے ملنے والی پوری رقم divisible pool وراثت کے pool میں جاتی ہے۔وہ NFC کے ذریعے صوبوں میں تقسیم ہوتی ہے لیکن اب ایک نیا system شروع کیا گیا ہے وہ ہے direct levies system جو Federal Government کو پوری levies ملتی ہیں۔اس system کے تحت صرف پیٹرول کی مد میں اس سال 1676 billion روپے ملے ہیں۔ LPG, Crude oil, Gas یہ سب چیزیں الگ ہیں لیکن اس طرح climate change پر بھی levies لگائی گئی ہیں لیکن وہ سیدھے سب کے سب پیسے وفاق کے پاس جاتے ہیں جس سے صوبوں کا حق مر جاتا ہے، صوبوں کو ان کا حصہ نہیں ملتا ہے۔یہ ایک نیا نسخہ نکالا گیا ہے صوبوں کو bypass کرکے پورے پیسے لے جاؤ۔

جنابِ چیئرمین! یقیناً America-Iran جنگ کا ہماری معیشت پر بھی اثر پڑا ہے، اس میں کوئی شبہ نہیں لیکن اسی جنگ سے ہم نے کون سے اقدامات لیے ہیں؟ measures کون سے ہم نے لیے ہیں؟ کیا ہم نے FBR کو کچھ ہدایات کیں ہیں؟ کیا FBR کوئی tax base بڑھا سکا ہے؟ بالکل بھی نہیں۔کیا ہم وفاق کے خرچے کم کر سکیں ہیں؟ بالکل بھی نہیں۔میں اس کی تھوڑی ایک مثال دیتا ہوں وفاق میں State-Owned Enterprises کے لیے گزشتہ بجٹ میں 355 billion روپے رکھے گئے تھے۔اس مرتبہ اس کو 451billion کر دیا گیا ہے۔یہ خرچہ کم کرنے کی سنجیدگی ظاہر کرتا ہے۔

(جاری۔۔۔T20)

سینیٹر دوست علی جیسر۔۔۔(جاری)۔۔۔State Owned Enterprises کے لیے گزشتہ بجٹ میں 355 billion rupees رکھے گئے تھے۔ اس مرتبہ اسے 451 billion کر دیا گیا ہے، یہ خرچہ کم کرنے کی سنجیدگی ظاہر کرتا ہے۔ ان کو کون سی اتنی ضرورت تھی جس کی وجہ سے ان کی رقم بڑھائی گئی ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ وفاق غیر ضروری وزارتیں اپنے پاس رکھے ہوئے ہے۔ ہم نے close کیا ہے تو Utility Stores Corporation and Pak PWD کو close کیا ہے، باقی تو ہم وزارتیں اور Divisions بڑھا رہے ہیں، authorities کی بھرمار لگائے ہوئے ہیں اور ملازمتیں بڑھا رہے ہیں، ہم آخر کس طرح سے ملک کے خرچے کم کر رہے ہیں؟ اس طرح سے تو ملک کے خرچے کم نہیں ہو رہے ہیں۔

جناب چیئرمین! economic کو contribute کرنے والا سب سے بڑا شعبہ زراعت ہے، GDP کے مطابق اس کا حصہ 25% ہے، اس کی working employment 37% ہے لیکن بجٹ میں بھی وزیر خزانہ صاحب کہہ رہے تھے کہ یہ شعبہ 60% لوگوں کو direct or indirect روزگار مہیا کرتا ہے۔ زرعی شعبے کے لیے fertilizer یا زرعی ادویات import کرنے پر subsidy صرف سولہ ارب روپے کی ہے۔ اس پورے بجٹ میں جو subsidies دے رہے ہیں وہ تقریباً گیارہ سو ارب روپے بن رہی ہے۔ گیارہ سو ارب میں سے ہم agriculture کو سولہ ارب روپے subsidy دے رہے ہیں تو جب ہم اس subsidy کا تناسب نکالیں گے تو یہ 1.5% بنتی ہے۔ ہم زراعت جیسے شعبے کو پورے ملک کی آمدنی اور بجٹ سے صرف ڈیڑھ فیصد subsidy دے رہے ہیں۔

جناب چیئرمین! Power sector نے ملکی ترقی کا سب سے زیادہ نقصان کیا ہے۔ پتا نہیں کیوں ہم اس میں پڑے ہوئے ہیں کہ یہ ایک عیاشی ہے۔ یہ عیاشی نہیں ہے، electricity سب سے بڑی ضرورت ہے لیکن وہ صرف posh areas کو دی جا رہی ہے، District Headquarters میں 12 گھنٹے بجلی نہیں ہے، ملک کا 84% حصہ دیہی علاقوں پر مشتمل ہے، جہاں چار چار گھنٹوں تک بجلی نہیں ملتی ہے۔ یہ چیزیں ملک کے روزگار اور ملکی ترقی کو متاثر کر رہی ہیں لیکن اتنے اہم sector کو بھی اس بجت میں 830 billion subsidy دی جا رہی ہے جو کسی غریب کے پاس نہیں جاتی، وہ ملک کے کام نہیں آتی ہے، صرف posh areas کے کام آتی ہے۔ جناب اس سلسلے میں بہت کام کرنے کی ضرورت ہے، لوڈ شیڈنگ قابل برداشت نہیں ہے، اسے ختم کرنے کی ضرورت ہے، اسے بہتر بنانے کی ضرورت ہے، ایک ادارہ ہے جو اپنا محکمہ نہیں چلا سکتا ہے تو اسے ہم کیوں خواہ مخواہ پھنسا رہے ہیں۔ اس کے لیے کچھ کرنا چاہیے کہ کم از کم وہ اپنا محکمہ تو چلا سکے، یہ

ہمارا کام تو نہیں ہے کہ ہم بجلی کی چوری کو روکیں، ہم کھمبوں پر چڑھ جائیں، ہم وہاں جا کر کام کریں، کام تو گھوم پھر کرا نہیں ہی کرنا ہے، یہ تو ان کا کام ہے کہ بجلی کی چوری کو بھی روکیں، بجلی بھی مہیا کریں اور اس کی قیمت کو بہتر بنائیں۔ ہر چیز کا دارومدار electricity پر ہے لیکن اس کا یہ حال ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جو بھی افسران FBR یا دوسرے محکموں سے بیٹھے ہوئے ہیں وہ بیرسٹر صاحب کے points note کریں۔

سینیٹر دوست علی جیسر: شکریہ جناب۔ ملک میں جو 1100 ارب روپے subsidy دی جارہی ہے اس کا 84% صرف بجلی والے sector کو دیا جارہا ہے جو کوئی کام نہیں کرتا ہے اور کسی کے کام نہیں آتا ہے۔ جناب ہمارے کافی دوست اور مہربان بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام پر بات بھی کرتے ہیں، سب کا اپنا نقطہ نظر ہے۔ اس کا بجٹ 19% increase ہوا ہے اور ابھی یہ 838 ارب تک پہنچا ہے۔ حقیقتاً تو پاکستان میں یہ ایک واحد امید ہے کیونکہ پاکستان میں ساڑھے سات کروڑ لوگ غربت کی لکیر سے نیچے ہیں۔ تیرہ کروڑ لوگ غریب ہیں، ٹوٹل بیس کروڑ لوگ ہیں جن کی ٹوٹل یہی ایک امید ہے، ایک بھی women empowerment کا پروگرام نہیں ہے سوائے اس ایک پروگرام کے، اس بجٹ میں کوئی ایک بھی چیز نہیں ہے، ایک روپیہ بھی women empowerment کے لیے نہیں ہے، اگر PC or Sheraton Hotels میں کوئی ایک بھی NGOs وغیرہ کی عورتوں کی کانفرنس ہوتی ہے تو اسے ہم women empowerment نہیں کہیں گے، field میں women empowerment اس ایک پروگرام سے ہو رہی ہے، اس پروگرام کے لیے 19% پیسے بڑھائے گئے ہیں جس کی ہم یقیناً تعریف کرتے ہیں اور یہ تعریف کے لائق بھی ہے۔ اس پروگرام کی تقریباً ہر شعبے نے تعریف کی ہے جس میں IMF, World Bank, Asian Bank ہو یا دوسرے ممالک جن میں بنگلہ دیش، سری لنکا اور دوسرے جو بھی ترقی پزیر ممالک ہیں سب نے اس پروگرام کی تعریف کی ہے۔ اس پروگرام کی economically ایک تعریف یہ ہے کہ جب ہم اس کی subsidy پر ایک روپیہ دیتے ہیں تو مارکیٹ میں اس پر ہمیں جو economic return ملتا ہے وہ 2.34 ہے یعنی دو روپے اور چونتیس پیسے اس کا return ملتا ہے۔ جناب یقیناً میں اس پروگرام کی بھی تعریف کرتا ہوں اور اس کے جو پیسے بڑھائے گئے ہیں اس کی بھی تعریف کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین! میں ایک عرض کروں گا کہ سندھ میں صرف ایک موٹر وے سکھر۔ حیدرآباد بن رہا ہے، کوئی بھی موٹر وے سندھ میں نہیں ہے۔ NHA کے کچھ روڑ ہو سکتے ہیں لیکن جسے موٹر وے کہتے ہیں وہ سندھ میں کوئی بھی نہیں ہے۔ صرف ایک موٹر وے بن رہا ہے، ہم کمیونیکیشن کمیٹی کے ارکان ہیں، اس روڑ کی تعمیر کے لیے NHA کی demand تھی کہ اس سال ہمیں 70 billion دیں لیکن انہیں تیس ارب

روپے دیے گئے ہیں، اگر انہیں 70 billion دے دیئے جاتے تو کیا ہوتا، اگر ملک کراچی پورٹ کے ساتھ connect ہو جاتا ہے تو یہ روڑ تو معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے، کم سے کم انہیں پورے پیسے دینے چاہیے تھے۔ ہمیں امید ہے کہ اس موٹر وے کی تعمیر کے لیے اہم اقدامات لیے جائیں گے اور اسے بے یار ومددگار نہیں چھوڑا جائے گا۔

جناب چیئرمین! غربت کی لکیر کے حوالے سے جو کہا گیا ہے کہ 8500 روپے کے اندر جو لوگ آتے ہیں وہ غربت سے نیچے کی لکیر میں نہیں آتے ہیں۔ جناب 8500 روپے سے کوئی خاندان نہیں چلتا ہے، چاہے اس میں ایک بیوی، ایک خاوند اور ایک بچہ ہو وہ بھی اس میں ایک وقت بھی گزر بسر نہیں کر سکتے ہیں۔ اس لیے اگر حکومت کی یہ سوچ ہے تو انہیں اس سوچ کو تبدیل کرنا چاہیے۔ اسے حقیقت پسندانہ بنانا چاہیے، شہباز شریف نے بھی کچھ عرصہ پہلے خود کہا تھا کہ تیس ہزار بھی کچھ نہیں ہیں تو حکومت کو اسی سوچ پر جانا چاہیے۔ لوگوں کو بھی زندگی گزارنے کا حق دیا جائے۔ بہت شکریہ جناب۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ سینیٹر کامل علی آغا صاحب۔

**Senator Kamil Ali Agha**

سینیٹر کامل علی آغا: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ بہت شکریہ، جناب چیئرمین! سب سے پہلے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ بڑی مدت کی بعد پاکستان کو دنیا میں اللہ پاک نے عزت دارانہ مقام عطار فرمایا ہے بلکہ چند ماہ کے اندر دوسری بڑی کامیابی پاکستان کو نصیب ہوئی ہے۔ ایک انڈیا کے پاکستان پر حملہ آور ہونے کی کوشش کی اور aggression کی کوشش کی لیکن الحمدللہ پاکستانی افواج نے اس کا منہ توڑ جواب دیا۔

جناب چیئرمین! میں ایک بات عرض کرنا چاہوں گا کہ کم از کم یہاں پر کوئی منسٹر صاحب رسماً ہی بیٹھ جائیں، انہیں [***][1] آنی چاہیے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ [***] کا لفظ expunge کیا جاتا ہے، مگر آپ کی یہ بات جائز ہے کہ ایک، دو نہیں بلکہ تین منسٹرز کو یہاں ہونا چاہیے۔

سینیٹر کامل علی آغا: جناب میرا دل نہیں کر رہا کہ میں ایسے الفاظ استعمال کروں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ کے منہ سے پہلے میں نے ایسے الفاظ سنے بھی نہیں ہیں۔

[1] [The words expunged as ordered by the Chair]

سینیٹر کامل علی آغا: جناب یہ کیا ہے، یہ تماشہ ہے۔

جناب ڈپٹی چیئر مین: آپ بات کریں۔ ناصر بٹ صاحب آپ آگے آ کر بیٹھیں۔ بیرسٹر صاحب آ گئے ہیں۔

سینیٹر کامل علی آغا: جناب گزارش یہ ہے کہ اللہ پاک نے یہ مقام عطا فرمایا ہے۔ شکر ہے کہ ہمارا چھوٹا بھائی آ گیا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئر مین: ابھی آپ اپنے الفاظ واپس لے لیں، expunge کر دیئے ہیں۔

سینیٹر کامل علی آغا: نہیں جناب واپس تو نہیں۔ جناب گزارش یہ ہے کہ یہ بڑی خوشی کا مقام ہے، اللہ پاک نے عزت عطا فرمائی ہے اور یہ دعا بھی ہونی چاہیے کہ اللہ پاک اس مقام کو اور بلند کرے اور پاکستان کو مزید کامیابیاں ملیں۔ یہ خوش آئند بات ہے کہ کہا جاتا تھا کہ اقوام عالم میں پاکستان تنہائی کا شکار ہے وہ بات الحمد للہ کسی حد تک ختم ہوئی۔ آگے جاری۔۔(T-21)

T21-17Jun2026 Mariam Arshad/Ed:Waqas 04:00 p.m.

سینیٹر کامل علی آغا: (جاری۔۔۔۔) پاکستان تنہائی کا شکار ہے اقوام عالم میں وہ بات الحمداللہ کسی حد تک ختم ہوئی اور اس میں جن لوگوں نے۔۔۔

(اس موقع پر سینیٹر محمد عبدالقادر کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔

سینیٹر کامل علی آغا: نو نمبر گیا ہے تو دو نمبر آ گیا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی آغا صاحب۔

سینیٹر کامل علی آغا: میں سمجھتا ہوں کہ اس میں ہمیں ان لوگوں کو ستائش دینی چاہیے جنہوں نے اس مقام پر پہنچانے میں کردار ادا کیا ہے۔ سب سے پہلے تو میں سمجھتا ہوں کہ وزیر اعظم پاکستان مبارک باد کے مستحق ہیں کہ ان کی command کے اندر ایک team نے پوری جدوجہد سے کام کیا۔ سب سے بڑھ کر ہمارے فیلڈ مارشل عاصم منیر صاحب، ان کو میں سلام پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے دن رات محنت کی، رابطے میں رہے اور ان دو فریقوں کے درمیان جن کے متعلق یہ سوچا بھی نہیں جا سکتا کہ ایک table پر بیٹھ جائیں گے، بات چیت کریں گے اور اس قسم کا معاہدہ جو کہ امن کا معاہدہ قرار پایا ہے وہ الحمد اللہ اسلام آباد معاہدے کی صورت میں سامنے آیا اور ایک بہت بڑی کامیابی حاصل ہوئی۔ اس کے بعد میں محترم جناب قائد ایوان اسحاق ڈار صاحب کو بھی مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ محسن نقوی صاحب نے کتنے متحرک انداز کے اندر دن رات

محنت کی اور deliver کیا۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان کو بھی خراج تحسین پیش کیا جانا چاہیے اور appreciate کیا جانا چاہیے۔ وہ سارے لوگ جنہوں نے اس کے اندر بڑھ چڑھ کر حصہ لیا، ایک team work کیا۔ وہ سب کے سب اس بات کے مستحق ہیں کہ ان کو سلام محبت پیش کیا جائے اور ان کو مبارک باد دی جائے کہ ان کی وجہ سے پاکستان کی عزت میں اضافہ ہوا اور امید کرنی چاہیے کہ June 19th کو Geneva میں ویسے یہ ہونا تو اسلام آباد میں چاہیے تھا۔ اس بات کا بھی ہمیں notice لینا چاہیے کہ ultimately ہمارے ساتھ وہی کچھ ہوا ہے جو ہمیشہ ہوتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ اچھی مثال قائم نہیں کی، وعدے کے مطابق ان کو یہ معاہدہ اسلام آباد میں کرنا چاہیے تھا۔

(مداخلت)

سینیٹر کامل علی آغا: ہم اسی امید پر کھڑے ہو جاتے ہیں، ہم نے امید کے اوپر 70 سال گزار دیے ہیں کہ اللہ پاک پاکستان کو بلندیوں پر لے کر جائے اور پاکستان کی عزت میں اضافہ ہو۔ پاکستان کے معاشی حالات درست ہوں، سیاسی حالات درست ہوں، پاکستان کے اندر استقامت آئے اور پاکستان اس قابل ہو کہ ہم اس وقت جو مجبوری والا بجٹ پیش کر رہے ہیں یہ والا بجٹ نہ پیش کریں۔ یہ اشارے بند کریں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میں نے کہا کہ رانا صاحب کی turn ہے۔

سینیٹر کامل علی آغا: جناب پریذائیڈنگ آفیسر! آپ rules کی خلاف ورزی کر رہے ہیں۔ آپ ان کو لکھ کر بھیجیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں امید رکھنی چاہیے کہ آئندہ بہتر بجٹ پیش کیے جائیں گے جس سے غربت کا خاتمہ ہو۔ یہ بجٹ ہر سال آتا ہے اب تو ہر ہفتے آنا شروع ہو گیا ہے اور جب petrol کی prices increase ہوتی ہیں تو اس کے اثرات پوری معیشت کے اوپر آتے ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ قیمتوں میں اضافہ ہوتا ہے اور جو لوگوں کی آمدنی ہے وہ اخراجات کے مقابلے میں کم ہوتی جا رہی ہے۔ ہمارے بجٹ کے اندر یہ بات جو بنیاد ہے وہ نہیں ہو گی تو ظاہر ہے کہ بجٹ کا معاملہ جو ہے۔۔۔ ایک زمانہ تھا ایوب خان کا نام لوگ اب لینا بھی بھولتے جا رہے ہیں۔ ایوب خان کے زمانے میں بجٹ سال کے اندر ایک ہی آتا تھا اور ایک ہی دفعہ petrol کی قیمت میں کمی بیشی ہوتی تھی اور اس کے اثرات پورا پورا سال بہت مستحکم صورت میں معیشت کے اوپر پڑتے تھے۔ لوگ اپنی آمدنی میں کمی محسوس نہیں کرتے تھے کیونکہ قیمتوں میں اضافہ نہیں ہوتا تھا، اخراجات میں اضافہ نہیں ہوتا تھا۔ اس لیے ان کی جو آمدنی ہے وہ مہنگائی کا مقابلہ کرنے کے لیے وافر ہوتی تھی۔ سالانہ بجٹ کا جو بنیادی concept تھا وہ کم از کم واپس آنا چاہیے اور ان ساری قیمتوں کے اثرات عام آدمی پر پڑ رہے ہیں۔ غربت میں اضافہ ہوتا چلا جا رہا ہے اور اس کی ایک وجہ یہ ہے کہ کیونکہ آمدنی میں اضافہ نہیں ہو رہا، تنخواہوں

میں بھی اضافہ نہیں ہو رہا۔ اس دفعہ تو بے انتہا ظلم ہو گیا ہے کہ رمضان میں مہنگائی 60% تک چلی گئی۔ عام بازاروں میں جا کر محسوس ہوتا ہے کہ مہنگائی کا کیا حال ہے۔

یہ جو سرکاری figures ہیں یہ تو گورکھ دھندہ ہوتا ہے، اوپر نیچے کر کے بیان کر دیتے ہیں کہ مہنگائی 11% ہو گئی ہے، مہنگائی 11.5% ہو گئی ہے۔ حقائق یہ نہیں ہیں، on ground حالات وہ ہیں جو میں بیان کر رہا ہوں۔ ہماری بد قسمتی یہ ہے کہ اب Internationally prices میں کمی ہو رہی ہے حکومت نے وعدہ کیا تھا، وزیراعظم نے وعدہ کیا تھا کہ فل فور کمی کی جائے گی۔ جب اضافہ ہوا تھا تو گھنٹوں کے اندر سینکڑوں روپے کا اضافہ ہو گیا اور اب چوتھا دن ہے مہنگائی کم ہوئے تو ابھی تک ایک روپیہ بھی کم نہیں ہوا۔ اب وہی والا انداز اپنانا چاہیے جس کا وعدہ تھا۔ اگر براہ مہربانی اس پر عمل ہو گا تو میں سمجھتا ہوں کہ عام آدمی سانس لے سکے گا otherwise situation یہ ہے کہ غربت کی وجہ سے، بے روزگاری کی وجہ سے اور law and order کی situation یہ ہو گئی ہے کہ پنجاب کے اندر PERA Force بنا دی ہے۔ وہ PERA Force کسی بھی دکان پر جاتی ہے، دکان دار کو تھپڑ بھی مارتی ہے اور دکان کا سارا سامان اٹھا کر truck میں ڈال کر لے جاتے ہیں اور کچھ نہیں بتاتے کہ کہاں لے کر جا رہے ہیں۔ پہلے تو عام غنڈہ گردی ہوتی تھی اب سرکاری غنڈہ گردی شروع ہو گئی ہے۔ ہماری حکومت ہے وہاں پر ان کو چاہیے کہ اس کا notice لیں۔ غریب آدمی پہلے ہی پسا ہوا ہے، پہلے ہی بے روزگاری اور مہنگائی سے مر رہا ہے۔ اس کے ساتھ اگر وہ کوئی چھوٹی موٹی ریڑی لگا کر بیٹھا ہوا ہے اور روزگار اپنے بچوں کے لیے لے جا رہا ہے۔ اس کے اوپر یہ ظلم اور زیادتی نہیں ہونی چاہیے۔ ان کی بد دعائیں لگیں گی اور بد دعائیں آسمان کو ہلا دیتی ہیں۔ اس بات سے بچنا چاہیے، یہ تواتر کے ساتھ ہو رہا ہے۔ اس کی اجازت نہیں دینی چاہیے۔ کسی کو بھی اگر کوتائی کار بازاری کا عمل ہے، کسی نے کھوکا غلط جگہ پر لگا دیا ہے تو اس کا notice لیں یا اس کے لیے کوئی بندوبست کریں پھر اس کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے۔ قانون کے مطابق ہونی چاہیے، غیر قانونی اختیارات جو ہیں وہ کسی ادارے کو نہیں دیے جا سکتے۔ یہ fundamental rights کی خلاف ورزی ہے، آئین پاکستان کی خلاف ورزی ہے۔ اس کا notice لینا چاہیے، ملک صاحب اس کو note کریں اور گزارش کریں پنجاب میں بڑی زیادتی ہو رہی ہے۔ اس کو ختم ہونا چاہیے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر! اگلی بات یہ ہے کہ میں سمجھتا ہوں کہ وہ کام جو فوری طور پر ہونے چاہیں وہ کون سے ہیں۔ یہ بات مجھے یہاں کہنے میں کوئی مسئلہ نہیں ہے کہ اس وقت ایک بنیادی مسئلہ جو عذاب بنا ہوا ہے وہ بجلی کی مہنگائی ہے اور load shedding ہے۔ اس کا خاتمہ ہونا چاہیے۔

(جاری-----T22)

سینیٹر کامل علی آغا: (جاری۔۔۔۔۔۔) بجلی کی مہنگائی اور اس کی load shedding ہے، اس کا خاتمہ ہونا چاہیے، fixed charges لگا دیے گئے ہیں، یعنی اگر غریب آدمی بچت کرے گا، کم بجلی استعمال کرے گا اور اس نے 100 units استعمال کیے ہیں تو اس کا چار ہزار روپے کا bill fixed charges کے ذریعے گیارہ ہزار روپے بنا دیتے ہیں، یہ کتنی بڑی زیادتی ہے، کیسے یہ ملک ترقی کر سکتا ہے، ہم سوچ نہیں سکتے کہ ان طریقوں اور جو عذاب نازل کیا ہے اس کی وجہ سے کوئی بھی شعبہ ترقی کر سکتا ہے۔آپ دیکھیں کہ زراعت کے کیا حالات ہیں کہ کسان رو رہا ہے، کسان آئے دن احتجاج کے لیے باہر نکلے ہوتے ہیں۔ گندم کی صورت حال یہ ہے کہ اس مرتبہ تھوڑی بہتری آئی ہے، پچھلی مرتبہ تو کسان بالکل مر گیا تھا، اس مرتبہ سرکاری خریداری کی وجہ سے انہیں کچھ سہولت ملی ہے۔ گنے کی صورت حال یہ ہے کہ جن علاقوں میں گنے کی کاشت ہوتی تھی، ان علاقوں سے گنا اٹھا کر جنوبی پنجاب کی طرف shift کر دیا گیا۔ وہاں گنے کی کاشت اس ratio سے نہیں ہو سکتی جس ratio سے سیالکوٹ، سرگودھا، جڑانوالہ، یہ علاقے گنے کی کاشت والے علاقے ہیں یہاں جو پیداوار ملتی تھی وہاں نہیں مل سکتی اور نہیں مل رہی ہے۔ اس کا affect یہ ہوا کہ وہاں کپاس کو نقصان ہوا۔ وہ فصل جو پاکستان کو ڈالر دیتی تھی، اس کی ratio یہ تھی کہ اب یہ سولہ لاکھ گانٹھوں کی بجائے پانچ لاکھ گانٹھ پیدا ہو رہی ہے، یعنی جو ڈالر پاکستان کو ملتے تھے اور پاکستان کی صنعت چلتی تھی، اب پاکستان کی صنعت import کر رہی ہے اور ڈالر نہیں ہے، ہم تو ڈالر IPPs کو دے دیتے ہیں۔ ہم پر جو بجلی کا ایک عذاب مسلط کیا گیا ہے، ایک تو مہنگی بجلی، دوسرے fixed charges, ان کی payment dollars میں ادا کی جاتی ہے اور ہم اس کے لیے کچھ نہیں کر رہے، world order change ہو گیا ہے، پوری دنیا کا نظام change ہو رہا ہے۔ پاکستان نے monitoring کرکے دنیا میں یہ جو ایک بہت بڑا عذاب تھا، اسے ختم کیا۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس سے پوری دنیا affect ہو رہی تھی، سب کی معیشت affect ہو رہی تھی، پاکستان نے پوری کوشش اور کاوش سے اس عذاب سے نجات دلائی ہے لیکن یہ بات قابل غور ہے، اس پر توجہ فرمائیں۔ جناب! آپ کا تو کوئی IPP نہیں ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی نہیں، میرا کوئی IPP نہیں ہے، میں نے آج خود بھی کھڑے ہو کر IPPs کے خلاف بہت بات کی ہے۔ میں کہنا چاہتا ہوں کہ اب سولہ، سترہ منٹ ہو گئے ہیں، سب لوگوں نے دس، دس منٹ بات کی ہے۔

سینیٹر کامل علی آغا: جناب والا! دنیامیں world order تبدیل ہو رہا ہے، ہمیں اس کا فائدہ اٹھانا چاہیے۔ ہمیں چاہیے ان حالات میں ہم پر جو internationally قدغن لگی ہوئی ہے کہ ان treaties کو ختم نہیں کیا جاسکتا، اس کے خاتمے کے لیے ہمیں کوشش کرنی چاہیے۔ IPPs کا عذاب ختم ہونا چاہیے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آج میں نے اس کی solution بھی دی ہے۔

سینیٹر کامل علی آغا: جناب! یا ان کے ساتھ حقیقی معنوں میں negotiate کیا جائے، صرف چند کے ساتھ دکھاوا کر کے نہیں، اس کو مکمل revise کرنا چاہیے۔ ہم پر جو شرائط لاگو ہیں کہ ہم installed capacity پر fixed charge دیں گے اور اس کی ادائیگی ڈالر میں ہو گی، یہ قدغنیں ختم ہونی چاہییں۔ انہیں ختم کر کے بجلی کے rates revise ہونے چاہییں اور ہمیں سستی بجلی دینی چاہیے ورنہ زراعت اور industry کا بھی خاتمہ ہوتا چلا جا رہا ہے۔ نئی صنعتیں لگنی چاہییں لیکن نئی کیا لگے گیں، پہلے سے موجود صنعتوں کو لوگ اٹھا اٹھا کر دوسرے ممالک میں لے جا رہے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس پر فی الفور توجہ دینی چاہیے اور اس کا خاتمہ کرنا چاہیے، انہوں نے پوری قوم کو جکڑا ہوا ہے۔ غریب آدمی تو مر رہا ہے، اس کا گلہ دبا دیا گیا ہے، اس کے ساتھ ساتھ سرمایہ دار اپنا سرمایہ لے کر بیرون ملک جا رہے ہیں، اس لیے کہ سرمائے کو عوام دوست اور صنعت دوست ماحول چاہیے ہوتا ہے چونکہ یہاں وہ نہیں ہے اور main source electricity وہ اس قیمت پر مل رہی ہے کہ industry نہیں چل سکتی۔ آپ جتنی مرضی محنت کر لیں لیکن اس چیز کا تدارک کرنا ضروری ہے، اگر کریں گے تو کسی طرف جائیں گے کیونکہ زراعت میں خرابی کی وجہ سے خوراک میں کمی آ رہی ہے، غریب آدمی کے بچے بھوک سے بیمار ہو رہے ہیں، child stunting میں اضافہ ہوتا چلا جا رہا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ اس کی وجہ بھی صرف خوراک میں کمی ہے، آمدن میں کمی وجہ ہے۔ اگر عوام دوست ماحول ہو گا، اس میں لوگوں کو روزگار ملے گا، لوگوں کو مہنگائی سے نجات ملے گی تو ماحول میں بہتری آئے گی اور ملک میں جرائم کی وجہ بھی یہی ہے۔

جناب والا! میں یہاں کہہ چکا ہوں، میری ایک resolution نعت والی تو آپ نے لے لی، آپ ایسی جگہ پر بیٹھے ہوئے کہ میں یہ نہیں کہہ سکتا کہ وہ آپ نے چوری کر لی۔ میری دوسری resolution یہ ہے کہ میں یہاں بار بار کہتا ہوں کہ ملک میں عربی زبان کو ترویج دینی چاہیے، یہ چھوٹی عمر سے شروع کرنا چاہیے، بچوں کو پہلی کلاس سے شروع کرنا چاہیے تاکہ عوام عربی زبان سمجھیں گے تو قرآن کو سمجھیں گے، قرآن کو سمجھیں گے تو یہ حلف پر کرنے والی بات ہے کہ معاشرے میں لوگوں کے کردار میں بہتری آئے گی۔ کردار میں بہتری آئے گی تو

معاشرے میں law and order situation بہتر ہو گی۔ اگر کردار بہتر ہوں گے تو لوگ جرائم کی طرف نہیں جائیں گے، لوگ ایک دوسرے کا احترام بھی کریں گے، معاشرہ بہتر ہو گا، ہمارا معاشرہ جو ابتری کی طرف جارہا ہے، وہ بہتری کی طرف گامزن ہو جائے گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی شکریہ، آپ کے بیس منٹ ہو گئے ہیں۔

سینیٹر کامل علی آغا: جناب والا! کوئی بات نہیں ہے، یہاں ابڑو صاحب نے without interruption بتیس منٹ بات کی ہے، یہ کوئی بات نہیں ہے۔ وہ پارلیمانی لیڈر بھی نہیں ہیں۔ میں کام کی باتیں کر رہا ہوں، آپ سن رہے ہیں،، برداشت کریں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی جی، برداشت کرتے ہیں لیکن باقی ممبران بات کرنے کے لیے بہت بے تاب ہیں۔

سینیٹر کامل علی آغا: جی نہیں، ایک بھی بے تاب نہیں ہے، سب کے سب مزہ لے رہے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: رانا صاحب ہیں، فوزیہ ارشد صاحبہ ہیں، فلک ناز صاحبہ ہیں۔

(مداخلت)

سینیٹر کامل علی آغا: جناب والا! بہت اچھی بات یہ ہوئی ہے کہ وقت کا تقاضا دیکھ کر دفاعی بجٹ میں اضافہ کیا گیا، یہ بڑی خوش آئند بات ہے اور اللہ کرے کے پاکستان کی economy اس بات کی اجازت دے آئندہ سال اس سے بھی بہتر دفاعی بجٹ پیش کیا جائے۔ میں سمجھتا ہوں کہ مجھے اس بجٹ میں جو ایک کمی محسوس ہوئی ہے، وہ ترقیاتی بجٹ میں کمی کی گئی ہے۔ وفاقی اور صوبائی سطح پر بھی ترقیاتی بجٹ میں کمی ہوئی ہے، حکومت کو چاہیے کہ دفاعی بجٹ کو وسائل فراہم کرنے کے لیے کوئی دوسرا طریقہ اپنائے، ترقیاتی بجٹ میں کمی نہ ہو کیونکہ ترقیاتی بجٹ روزگار کا ایک main source ہوتا ہے۔ صوبوں کے اندر ترقیاتی منصوبے آئیں گے، وفاق کی سطح پر ترقیاتی منصوبے آئیں گے تو لوگوں کو روزگار ملے گا۔

(جاری۔۔۔۔۔T/23)

T23-17Jun2026 FAZAL/ED: Waqas 04:20 pm

سینیٹر کامل علی آغا: (جاری ہے۔۔۔) تو لوگوں کو روزگار ملے گا۔ جو غریب آدمی مزدوری پر جاتا ہے، projects کے اوپر مزدوری کرتا ہے۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ ایسے projects معاشرے کے اندر روزگار کا ایک اہم ذریعہ ثابت ہوتے ہیں۔ اس لیے حکومت کو چاہیے کہ دیگر وسائل استعمال کرے، لیکن ترقیاتی بجٹ میں کمی کرنے سے گریز کرے۔

اس کے ساتھ ساتھ، جیسا کہ میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں، بجلی کی قیمتوں میں کمی کے لیے حکومت کو سنجیدگی سے اقدامات کرنے چاہئیں۔ ضروری نہیں کہ ہر صارف کو subsidy دی جائے، لیکن یہ جو عذاب نازل کیے ہوئے ہیں بجلی کے بلوں میں جو مختلف قسم کے 13 Taxes اور Charges شامل کر دیے گئے ہیں۔ اگر آپ حکم کریں تو میں آپ کو بتا دیتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں، یہ بات کئی مرتبہ زیرِ بحث آچکی ہے۔

سینیٹر کامل علی آغا: Fixed Charges کے علاوہ Sales Tax ہے، جسے GST (General Sales Tax) بھی کہا جاتا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی، یہ سب نے discuss کیا ہے۔

سینیٹر کامل علی آغا: پھر FC Surcharge ہے، Fuel Adjustment ہے، اس کے بعد Total Fuel Adjustment ہے۔ یہ بھی سمجھ سے بالاتر ہے کہ Fuel Adjustment الگ ہے اور Total Fuel Adjustment الگ ہے۔ آپ اندازہ کریں۔ پھر Fuel Price Adjustment کے نام سے ایک اور مد شامل کر دی گئی ہے۔ یہ دیکھیں یہ سارے عذاب جو ہیں یہ کم از کم حکومت کو چاہیے کہ یہ ساری چیزیں ایک ہی جھٹکے کے اندر ختم کریں اور اس کا جواز کوئی نہیں بنتا۔ یہ انسانی بنیادی حقوق کی بھی خلاف ورزی ہے، آئینِ پاکستان کی خلاف ورزی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آغا صاحب! ٹھیک ہے، شکریہ۔

سینیٹر کامل علی آغا: اس قسم کے عمل ایک بل کے اندر، غریب آدمی جو بجلی پہلے ہی وہ بیچارہ ڈر ڈر کے استعمال کرتا ہے، ایک پنکھا چلاتا ہے، ایک بلب جلاتا ہے اور اس کو 11 ہزار روپے کا بل تھما دیا جاتا ہے۔ کہاں سے لائے وہ؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ آغا صاحب! آپ کے 25 منٹ ہو گئے ہیں۔

سینیٹر کامل علی آغا: میں سمجھتا ہوں کہ ان کی سوچ یہاں پھنس گئی ہے کہ 8 ہزار کمانے والا غریب نہیں ہے۔ وہ ان کی ایسے جیسے مہر لگ گئی ہے اس کے ان کے ذہن کے اوپر۔ اور اگر وہ غریب نہیں ہے تو غریب کون ہے؟ 200 روپیہ دیہاڑی والا بندہ اگر غریب نہیں تو وہ غریب ہے جو رات کو لاکھوں روپیہ کما کرلے کر جاتا ہے اور ٹیکس بھی نہیں دیتا؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آغا صاحب! ٹھیک ہے۔ شکریہ۔

سینیٹر کامل علی آغا: میں سمجھتا ہوں کہ اس کا نوٹس لینا چاہیے۔ یہ بھی اچھا کام کیا ہے کہ Benazir Income Support Programme (BISP) کے اندر انہوں نے اضافہ کیا ہے۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی جو آئیڈیالوجی تھی اس کے اوپر چلنا چاہیے۔ ان کو اس کے اندر کوئی ایسی اسکیمیں لے کے آنی چاہیں جو تھیں لیکن میں سمجھتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ کا time ہم نے آغا صاحب کو دے دیا ہے، اب فوزیہ صاحبہ بات کریں گی۔

سینیٹر کامل علی آغا: اس کے اندر بہتری آنی چاہیے تاکہ لوگ جو ہیں وہ فقیر نہ بنیں۔ وہ کل اسی پروگرام کے تحت ایسے روزگار پر بیٹھیں کہ جس کے ذریعے وہ کل ادا کرنے والے بنیں یعنی وہ دوسروں کی مدد کرنے والے بن سکیں۔ مستقل روزگار کا ذریعہ اس پروگرام کو بنانا چاہیے جو کہ بنیادی طور پر اس پروگرام کی آئیڈیالوجی تھی اور یہی ایک طریقہ ہے کہ اس سے مستقل بنیادوں پر غربت اور بے روزگاری کا خاتمہ ہو سکتا ہے۔ یہ بنیاد بن سکتا ہے اور ایک وسیلہ بن سکتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس کی طرف توجہ دینی چاہیے اور مزید بہت ساری چیزیں ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ 27 منٹ آپ کے ہو چکے ہیں۔ اچھا چلیں شکریہ ادا کریں۔

سینیٹر کامل علی آغا: آپ نہیں چاہتے کہ آپ کا شکریہ ادا کروں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں، ویسے شکریہ ہے۔

سینیٹر کامل علی آغا: وقار مہدی صاحب کہہ رہے ہیں کہ ابھی بات کریں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: وقار مہدی صاحب چونکہ تقریر کر چکے ہیں۔ آغا صاحب! شکریہ۔

سینیٹر کامل علی آغا: میں سمجھتا ہوں کہ سب سے بڑی بات یہ ہے کہ تنخواہ دار طبقے پر مہربانی فرمائی جائے۔ یہ 7 percent اضافہ کوئی اضافہ نہیں، یہ مذاق ہے اور پھر پنشن والوں پر بھی رحم کریں۔ ان کا 7 percent اضافہ وفاق نے کیا ہے، لیکن بڑی افسوسناک خبر یہ ہے کہ پنجاب میں اسے 3.5 percent کر دیا گیا ہے۔ جو ہمارا سب سے بڑا صوبہ ہے، اس کے اندر 3.5 percent پنشن میں اضافہ، میں سمجھتا ہوں کہ ان کے ساتھ مذاق ہے۔ اتنی مہنگائی کے دور میں، جس میں مہنگائی اور بے روزگاری نے عوام کا گلا دبا رکھا ہے، وہاں ان کی تنخواہوں میں 7 percent اور پنشن میں 3.5 percent اضافہ میرے خیال میں انتہائی ظلم ہے۔ میں اس پر شدید احتجاج کرتا ہوں کہ اس میں فی الفور اضافہ کیا جانا چاہیے۔ تنخواہوں میں اضافہ اس مرتبہ کم از کم 25 percent ہونا چاہیے تھا۔ پھر بھی یہ مہنگائی کا مقابلہ نہیں کرتا، پھر بھی بے روزگاری کا مقابلہ نہیں کرتا۔ ایک گھر میں تین تین، چار چار، پانچ پانچ بچے تعلیم یافتہ ہو کر بے روزگار بیٹھے ہوئے ہیں۔ اگر ہم ان کو

روزگار فراہم نہیں کر سکتے تو کم از کم جو گھر کا سربراہ ہے، اس کی تنخواہ میں تو مہنگائی کے مطابق اضافہ کریں۔ اگر مکمل اضافہ نہیں کر سکتے تو کم از کم آدھا اضافہ تو کر دیں۔ اس وقت مہنگائی کی جو حالت ہے، اس میں 25 percent کم از کم اضافہ ہونا چاہیے۔ یہ میری request ہے اور میری سفارش ہے حکومت سے کہ عام آدمی کو relief دینے کے لیے یہ اضافہ یقینی بنایا جائے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: Finance والوں نے نوٹ کر لیا ہوگا۔ آغا صاحب! Finance کے لوگ موجود ہیں۔

سینیٹر کامل علی آغا: جناب چیئرمین! پنشن میں اضافہ بھی اسی ratio سے کیا جائے جس ratio سے تنخواہوں میں اضافہ کیا جا رہا ہے۔ بہت شکریہ۔

Mr. Presiding Officer: Thank you. Miss Fawzia Arshad Sahiba,

آپ کو میں رانا صاحب کی جگہ turn دے رہا ہوں، اس شرط پر کہ آپ بات کر کے پھر بیٹھیں گی اور ان کی تقریر سن کر جائیں گی۔ چلیں، بسم اللہ کریں۔

سینیٹر فوزیہ ارشد: یہ مجھے پتا ہے، مگر اس وقت ساری بات یہ ہے کہ میں نے خود ان سے personally اشاروں میں request کی ہے کہ مجھے موقع دے دیں کیونکہ میں ساڑھے بارہ بجے سے یہاں بیٹھی ہوئی ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں، آپ کا نام آپ کی پارٹی نے لکھ کر دیا ہے۔

سینیٹر فوزیہ ارشد: ہماری party سے صرف تین لوگوں کے نام آئے تھے، اور دیکھ لیجیے میرا نمبر کہاں آیا۔ اس لیے میں آگے اور کچھ نہیں کہنا چاہتی۔ جو میں کہنا چاہتی ہوں you can read.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ کی party سے اپڑو صاحب بول چکے ہیں۔ اعظم سواتی صاحب بول چکے ہیں۔

سینیٹر فوزیہ ارشد: نہیں، میں نے جو آپ سے بات کی ہے۔ جو تین نام ہمارے آئے تھے from the party leadership میں اس کی بات کر رہی ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: چلیں، آپ بات کریں۔

**Senator Fawzia Arshad**

Senator Fawzia Arshad: Assalam-o-Alaikum everyone!

حالانکہ ہمارا ہال خالی ہے۔ بہت شکریہ مجھے debate کرنے کا موقع دیا گیا۔ جی ہاں، میں اس ایوان کو ایک debating club ہی کہوں گی کیونکہ جو کچھ بھی یہاں باتیں ہوتی ہیں، وہ ایک کان سے سن کر دوسرے کان سے نکال دی جاتی ہیں۔ نہ یہاں پر کوئی Minister ہوتا ہے اور نہ یہاں پر Government کی کوئی representation ہوتی ہے۔ جو لوگ وہاں بیٹھے ہوئے ہیں، مجھے نہیں پتا وہ کون ہیں، کہاں سے آئے ہیں، کون سی Ministry کو represent کر رہے ہیں۔ So we really don't know. Since there is no implementation, so I will just call this House, which is the Upper House, a debating club. جب حال یہ ہو کہ 17 seats والے Form-47 کا سہارا لے کر حکومت بنائیں گے تو ہم اس سے زیادہ اور کیا expect کر سکتے ہیں؟ 'مالِ مفت، دلِ بے رحم'۔ اس حکومت کو نہ عوام اور نہ نظام سے کوئی غرض ہے، سوائے یہ لوگ اپنے ذاتی اختیارات اور اپنی ذات کے ساتھ ہیں۔ جب تک ہمارا یہ بجٹ سودی نظام سے نہیں نکلے گا، ہم تباہی کے دہانے پر ہی رہیں گے۔ آپ کو ملک میں جمہوریت لانی ہے یا نہیں لانی؟ میرا یہ سوال ہے۔ جمہوریت یہ ہوتی ہے کہ ہمارے Prime Minister عمران خان نیازی صاحب کو آپ نے اٹھا کر جیل میں ڈال دیا۔ ابھی وہ ایک ہزار سے زیادہ دنوں سے اڈیالہ جیل میں ہیں۔ کیوں ہیں؟ یہ اتنا ظلم ہے۔ یہ اتنا خوف ہے۔ Rather I call it insecurity and victimization. اتنا ہی خوف ہے۔ اگر خوف نہیں ہے تو پھر آپ خان صاحب کو کیوں نہیں نکالتے۔ پھر دیکھیں کہ ہم مقابلہ کرتے ہیں کہ کیا ہوگا؟ میرے حساب سے اور ہماری پارٹی کے حساب سے اور جو عوام ہیں۔ (جاری ہے۔۔۔۔T24)

**T24-17Jun2026 Rafaqat Waheed/Ed: Waqas 4:30 pm**

سینیٹر فوزیہ ارشد: (جاری) میرے حساب سے اور ہماری پارٹی کے حساب سے اور جو عوام ہیں اور جو نظام جس کے اندر ہم رہتے ہیں، ان کے حساب سے Imran Khan sahib is the only one who can help Pakistan from this crisis. The living example is of the Covid time. انہوں نے کووڈ کے وقت کو بہت خوبصورتی سے سنبھالا۔ ہماری economy بھی stable رہی اور پوری دنیا میں پاکستان کو مقبولیت ملی۔ یاد رکھیں کہ پاکستان کسی جرنیل نے نہیں بنایا، یہ قائداعظم محمد علی جناح جو کہ قانون دان اور سیاستدان تھے، انہوں نے بنایا۔

وزیر خزانہ نے خود admit کیا ہے کہ ملک میں بہت مہنگائی ہے اور ان کو بڑے بڑے crises کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے مگر ہم دیکھتے ہیں تو اس بجٹ میں کوئی development agenda تو نظر آ نہیں رہا جس سے ظاہر کیا جائے کہ آنے والے دن کچھ اچھے، خوشگوار اور آسان ہوں

گے اور ان میں کوئی بہتری آئے گی۔ جب تک سود کا نظام ہے، میں دوبارہ کہتی ہوں، ہماری economy کبھی بھی stable نہیں ہوگی۔ We are currently living on a respirator, a ventilator provided by IMF. ہم پی۔ٹی۔آئی اس بجٹ کو مسترد کرتے ہیں۔ اس بجٹ کے اندر نہ کوئی seriousness ہے، نہ کوئی practicality ہے اور incompetence on the part of the Government ہمیں نظر آتی ہے کیونکہ یہ بجٹ عوام دشمن ہے، مزدور دشمن ہے، کسان دشمن ہے، in short یہ ایک غریب مکاؤ بجٹ ہے۔

اس بجٹ کے اوپر treasury benches نے بھی تنقید کی ہے اور اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے۔ بالخصوص میں PPP کے بارے میں کہوں گی کہ انہوں نے اس بجٹ کو بہت criticize کیا ہے yet they are the Government's alliance and sitting on the Government benches. اچھا نہ ہو کہ وہ in real آئیں اور اپوزیشن کا کردار ادا کریں اور people's politics کو for a change اپنا لیں جیسے پچھلے دور میں ان لوگوں نے کیا۔

جب تک ملک کے اندر political stability نہیں ہوگی، economic پہیہ نہیں چلے گا۔ یہاں پر ہم دیکھتے ہیں کہ ایک سخت سیاسی گھٹن ہے کیونکہ ہمارے جتنے PTI کے ورکرز ہیں، لیڈرز ہیں، ان سب کو victimize کیا گیا ہے۔ They are tortured. They are all behind bars. چھوٹے چھوٹے بچوں کو آپ نے ملٹری کورٹس کے ذریعے ملٹری جیلوں میں ڈال دیا ہے۔ چھوٹے بچوں کو آپ نے اتنی سنگین سزائیں دے دی ہیں۔ ہمیں انصاف کی کوئی امید نظر نہیں آتی۔ کوئی ٹرائل، کوئی تاریخ نہیں ہے۔ جب نہ ٹرائل کی date ہو اور نہ اور کچھ ہو تو ان بچوں کی رہائی کیونکر ہوگی، جب اس حکومت کی طرف سے انصاف ہی نہیں مل رہا۔

حکومت اور وزیر خزانہ کا عوام اور غریبوں سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ اگر تعلق ہوتا تو وہ کبھی یہ نہ کہتے کہ 8,500 روپے کمانے والا غریب نہیں ہے۔ وہ اس بات سے لاعلم ہیں کہ 8,500 روپے والا غریب ہے یا نہیں۔ اتنی بے تعلّقی ہے ان کی جبکہ حقائق سے اس بات کا دور تک کوئی واسطہ نہیں ہے۔ Apparently میں تو یہ کہوں گی کہ وزیراعظم کو اتنی کوئی freedom بھی حاصل نہیں ہے اور نہ ان کے پاس کوئی اتھارٹی ہے کہ وہ کچھ کر سکیں۔ جب کبھی ہماری طرف سے کوئی مطالبہ کیا گیا تو انہوں نے ہمیشہ یہی کہا کہ میں اجازت لوں گا تو پھر بتاؤں گا، پوچھ کر بتاؤں گا۔ سوال یہ نہیں کہ مجھے کیوں نکالا، سوال یہ ہے کہ مجھے کیوں لایا گیا۔ یہی تو ہمارے لیے سب سے بڑا المیہ ہے۔ جن لوگوں نے absolutely not کہا، آپ نے ان کو جیل میں ڈال دیا۔

شبلی فراز صاحب، اعجاز چوہدری صاحب، عمر ایوب صاحب، ڈاکٹر یاسمین راشد، ہارون الرشید، عمر چیمہ، زرتاج گل، مراد سعید، صاحبزادہ حامد رضا، بہت سے اور، ایک لمبی لسٹ ہے، یہ تمام کے تمام سیاسی قیدی ہیں جن کو غلط کیسز میں آپ نے جیل میں رکھا ہے اور ان کو پچاس پچاس سال کی سزائیں دی ہیں۔ ان کی جائدادوں کو آپ نے confiscate کر دیا ہے۔ which is not on and which is not fair. اس ملک میں ہمیں کہیں justice نظر نہیں آ رہا۔

حکومت نے FBR کو کہا کہ جہاں سے بھی ہو، revenue اکٹھا کرو۔ Revenue اکٹھا کرنا چاہیے مگر what is a fault in this, they have not come up with the proper method how to collect these revenues. Due to this, another mini-budget is on the way.

میرے حکومت سے کچھ سوالات ہیں۔ سرحدوں پر جو smuggling کی جا رہی ہے، ان کے جو ذمہ دار لوگ ہیں، کیا ان کی کچھ پکڑ ہوئی ہے؟ کیا ان سے کچھ سوالات ہوئے ہیں؟ وہ جو کر رہے ہیں، ان کو کس کا تحفظ حاصل ہے؟ ان کو کیوں نہیں پکڑا جا رہا؟ آپ نے borders کو بند کر دیا ہے مگر terrorism تو ابھی تک ہے۔ حکومت نے پارلیمنٹ کو اور دوسرے اداروں کو بڑا بے توقیر کر دیا ہے۔ مثال کے طور پر عدلیہ ہے۔ عدلیہ انصاف نہیں دے سکتی۔ عوام عدلیہ کی شاہ خرچیوں کو بھی برداشت نہیں کر سکتی۔ ہمارے ملک میں کسی کو justice نہیں ملتا۔ کہیں بھی کسی بھی class کو دیکھ لیں اور خاص طور پر ہم جو ایک سیاسی جماعت ہیں، ہم کو تو پتا نہیں انہوں نے کیا سمجھا ہوا ہے۔ ہم بھگت رہے ہیں اور یاد رکھیں کہ کل آنے والے دنوں میں آپ بھی بھگتیں گے کیونکہ یہ زندگی کا نظام ہے۔ کارما تو سب جانتے ہیں، جیسا کرو گے ویسا بھرو گے۔ یہ بھول نہ جائیں کہ جو بھی بات ایک انسان سوچتا ہے، وہ اس کی نیت ہوتی ہے اور نیت کو دیکھنے والا سوائے خدا کے اور کوئی نہیں ہوتا۔ میں چاہتی ہوں اور میں التجا بھی کرتی ہوں کہ یہ تمام ظلم، ناانصافیاں، victimization اور revenge چھوڑ دیں۔ غریب کے لیے دل میں درد رکھیں۔ ان کی دعائیں لیں نہ کہ ان کی بددعائیں۔ آپ جہاں بھی جائیں، ہر دوسرا شخص ان کو کوس رہا ہے کہ ہمارے ساتھ یہ ہوا اور وہ ہوا۔

ادھر میں ہاؤس کی توجہ ایک striking contrast کی طرف دلانا چاہتی ہوں۔ BISP کو 838 ارب روپے کا بجٹ allocate کیا گیا ہے جبکہ Federal Education Development and Higher Education together is getting around 82 billion. مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے کہ BISP غریب خاندان کو support کرے

But a nation cannot prosper by merely treating the symptoms of poverty while neglecting its cure. Education is the most powerful tool for breaking the cycle of poverty. Social assistance provides relief for today only but education creates opportunity for tomorrow. Pakistan needs both compassion and vision and vision begins with education. Since I am an educationist, I feel that without education, a country can never prosper.

میرا تعلق چونکہ ICT سے ہے، میں ICT کی سینیٹر ہوں تو میں اس حوالے سے تھوڑا سا اور time یعنی چند منٹ آپ سے لینا چاہتی ہوں۔

Islamabad is not just another city, it is the face of Pakistan and the seat of the federation, yet, despite being the federal capital, the people of ICT continue to face shortage in basic services. (Followed by T25)

**T25-17June2026 Abdul Razique/Ed: Waqas Khan 04:40 p.m.**

Senator Fawzia Arshad: (contd…) People of the ICT continue to face shortage in basic services. Why is not there any investment in modern and affordable public transport system? Why are the hospitals over-crowded and rural health centres neglected? Why do many schools in rural ICT still lack adequate facilities and teachers? The capital city suffers from water shortages, inadequate sewerage system, traffic congestion and a growing housing crisis. Rural areas of the ICT remain deprived of roads, clean drinking water, and gas and internet connectivity. As the capital of Pakistan, Islamabad should be a modern, green and smart city. I urge the Government to treat the ICT not merely as an administrative centre but as a living community of citizens, who deserve quality education, healthcare, housing, transport and municipal services. I demand that local government elections should be held as soon as possible. A strong capital reflects a strong federation. Investing in Islamabad and its rural areas is not a luxury but a national necessity. In the end, I

would like to put some words that this budget is a mirror that reflects a state which is reactive, and not proactive. This Government is really scared of the wealthy and powerful lords as no tax collection is fixed on them. They do not pay taxes and utility bills etc. In this budget, we see that tax exemption is given to this class. Lastly, all those who prepared this budget should be held accountable.

جب تک ہمارے ملک میں جزا وسزا کا نظام نہیں آئے گا، پاکستان کبھی ترقی نہیں کر سکتا۔ ہمارے ملک کے اتنے غریب لوگ جن کی کوئی پہنچ اور اثر ورسوخ نہیں ہے، ان کا کوئی سننے والا نہیں ہے، ان کی کوئی سنوائی نہیں ہے، جو اتنے بدترین حالات میں رہ رہے ہیں، وہ اور مرتے جائیں گے۔ میں آپ کو بتا رہی ہوں کہ ہمارے ہاں بہت suicide rate international rate کی نسبت بڑھے گا۔ میں یہ چاہ رہی تھی کہ جو میرے points ہیں، وہاں جو لوگ بیٹھے ہیں، وہ ہنس تو رہے ہیں مگر پتا نہیں انہوں نے میرے points سنجیدگی سے لکھے ہیں اور ان پر کوئی عمل درآمد ہوگا یا نہیں۔ ہم بچپن میں دیکھتے تھے کہ Islamabad, the beautiful city of Pakistan, but now we see Islamabad the most ugly city. پاکستان زندہ باد۔ عمران خان ہمیشہ زندہ باد۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ ویسے اسلام آباد میں حکومت 200 بلین روپے کا ایک اسپتال بنانے جا رہی ہے اور 100 بلین روپے کی ایک اور health facility بھی بنائی جا رہی ہے۔ جو یہ بجٹ ہے، اس میں اسلام آباد کے لیے اس کے علاوہ اور بھی بہت ساری چیزیں reflect ہوئی ہیں اور آپ کی information کے لیے ان کے لیے funds بھی رکھے گئے ہیں۔ جی سینیٹر رانا محمود الحسن صاحب، اظہار خیال کریں۔

**Senator Rana Mehmood-ul-Hassan**

سینیٹر رانا محمود الحسن: اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ ہم سینیٹر محمد عبدالقادر صاحب کو کرسئ صدارت پر خوش آمدید کہتے ہیں۔ ماشاءاللہ آپ بہت seasoned politician ہیں اور وہاں پر بہت پیارے لگ رہے ہیں۔ ایک، دو issues ہیں جن پر میں بات کرنا چاہوں گا۔ بجٹ کے حوالے سے کیا بات کرنی ہے کیونکہ کسی شاعر نے کہا تھا کہ

ہم کو شاہوں کی عدالت سے توقع تو نہیں لیکن
آپ کہتے ہیں تو زنجیر ہلا دیتے ہیں

میں تو سرائیکیوں کی زنجیر ہلانے آیا ہوں اور ان کی بات کرنے آیا ہوں۔ اپنے پاکستان کی بات کرنے آیا ہوں۔ پاکستان کے لوگوں کے جو دکھ درد کے فاصلے ہیں، جو دکھ درد کی داستان ہے، وہ فیض احمد فیض نے کہا تھا کہ

قتل گاہوں سے چھن کر ہمارے علم
اور نکلیں گے عشاق کے قافلے
جن کی راہ طلب سے ہمارے قدم
مختصر کر چلے درد کے فاصلے

دیکھیں ابھی چند دن پہلے بھی ہمارے پاکستان فوج کے جوان اپنی جان، جان آفرین کے سپرد کر دی۔ آئے دن روز یہ خبر ملتی ہے کہ آج بلوچستان میں وہ شہید ہوئے، ڈیرہ اسماعیل خان، بنوں اور افغانستان کے باڈر پر ہمارے Rangers and Police کے جوان اپنی جان، جان آفرین کے سپرد کر دیتے ہیں۔ اس سے کچھ مہینے قبل اس علاقے پر ہندوستان نے بھی اپنی بالادستی قائم کرنے کا خواب دیکھا تھا اور اپنے سے جتنے چھوٹے ممالک پر اپنی بالادستی کا خواب دیکھتے ہوئے پاکستان پر بھی چھڑ دوڑے۔ پاکستان نے پھر انہیں منہ توڑ جواب دیا حالانکہ ہم خود ایک پر امن ملک ہیں اور دہشت گردی کا شکار ہیں۔ ہمارے ہاں بلوچستان میں دہشت گردی ہو رہی ہے اور ہمیں پتا ہے کہ اسے کون، کون سے ممالک کروا رہے ہیں۔ KP میں دہشت گردی ہو رہی ہے اور ہمیں پتا ہے کہ اس میں کون، کون ملوث ہے۔ اس میں روز ہمارے جوان اپنی جان دے رہے ہیں۔ جان دینا کوئی اتنی آسان بات نہیں ہے۔ ہمارے seniors نے بتایا کہ جس رات ہمارے جہاز اڑ کر ہندوستان کی فضاء میں گئے اور انہیں امام ضامن باندھے گئے، Kamikaze بننے کے بعد انہیں ایک، ایک کال کرنے کی اجازت دی گئی کہ وہ اپنے گھر والوں کو کال کرکے بتادیں کہ آپ جا رہے ہیں اور شاید واپس نہ آسکیں، زندگی کا وہ آخری لمحہ آپ کے لیے ہے تو جیسے شاعر نے کہا ہے کہ

جس دھج سے کوئی مقتل میں گیا
وہ شان سلامت رہتی ہے
یہ جان تو آنی، جانی ہے
اس جان کی کوئی بات نہیں

آج ہمارا دفاعی بجٹ جس کا سینیٹر کامل علی آغا صاحب نے ذکر کیا، جب ہمارے نبی کریم حضرت محمد ﷺ اس دنیا سے رخصت ہو رہے تھے تو ان کے گھر سے کوئی خزانہ نہیں ملا تھا بلکہ تلواریں، زرع بکتر اور جنگ کا سامان ملا تھا۔ آج بھی ہمیں اپنے گھوڑے تیار رکھنے ہیں اور آج بھی ہمیں اپنی صفیں مضبوط رکھنی ہیں۔ ہم آج بھی چین کی نیند سو رہے ہیں اور اپنے ہمسائیوں سے تعلقات خراب نہیں رکھنا چاہتے ہیں اور ہندوستان کے ساتھ تو بالکل

بھی خراب نہیں رکھنا چاہتے تھے۔ ظاہر ہے ہزاروں سال تک ہم اکٹھے رہے ہیں۔ میرا آدھا خاندان ہندوستان میں رہتا ہے۔ خود میرے بزرگ اور ابھی میرے دائیں، بائیں جو میرے ساتھی بیٹھے ہیں، ان کے بزرگ بھی وہاں سے migration کرکے یہاں آئے۔ ہم کسی کو مارنا نہیں چاہتے۔ ہم کسی ایک ہندو کو قتل نہیں کرنا چاہتے۔ ہم کسی ایک سکھ کو قتل نہیں کرنا چاہتے۔ ہم کسی ایک کرسچن کو قتل نہیں کرنا چاہتے لیکن جب کوئی ہمارے borders cross کرے گا اور ہمارے ملک میں آکر ہمارے لوگوں کو شہید کرے گا۔۔۔ (جاری T26)

**T26-17JUN2026 Taj/Ed. Waqas 04:50 p.m.**

سینیٹر رانا محمود الحسن: (جاری) ہم کسی ایک کرسچن کو قتل نہیں کرنا چاہتے لیکن جب کوئی ہمارے borders cross کرے گا، ہمارے ملک کے اندر آکر ہمارے لوگوں کو شہید کرے گا، ہماری افواج کو نشانہ بنائے گا، ہمارے پاکستان کے بے گناہ شہریوں کو قتل کرے گا اور پھر وہ آپریشن سندور کے نام سے یہاں پر، حالانکہ پاکستان نے offer کی تھی پوری دنیا کو، ہندوستان کو offer کی کہ جو واقعہ ہوا ہے اس کی آپ کھلی تحقیق کرالیں۔ آپ دنیا کے جس ملک سے چاہیں کرالیں۔ ہندوستان خود کرنا چاہتا ہے تو کرلے۔ ہم ہندوستان کے ساتھ اپنے مثالی تعلقات چاہتے ہیں۔ ہم اپنے ہمسایوں کے ساتھ، دیکھیں، جو آپ سے دور رہتے ہیں، ان کے ساتھ تو جس طرح کے بھی معاملات ہوں چل جاتے ہیں لیکن اگر ہمسایوں کے ساتھ آپ کے معاملات خراب ہوں تو پھر وہ معاملہ خراب ہی چلتا ہے۔ وہ معاملہ جواب چل رہا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ ابھی بھی ہمیں ہوش کے ناخن لینے کی ضرورت ہے۔ ہم ابھی بھی صلح کا پیغام دیتے ہیں لیکن اس قیمت پر نہیں کہ وہ آکر ہماری تنصیبات پر حملہ کرے۔ وہ آکر بی ایل اے کو support کریں، وہ ٹی ٹی پی کو support کریں۔ وہ پاکستان کے بے گناہ شہریوں کا قتل عام کریں۔ اس cost پر ہم بالکل تیار نہیں ہیں اور ان کو اس حوالے سے پھر ہم خبردار کرتے ہیں تاکہ:

پسپائی کا امکان ہی نہ رہے باقی
اک بار پھر سے سفینوں کو جلا دینا ہے
ابھی ہم چپ ہیں ذرا یوم حساب آ لینے دو
ہم کو معلوم ہے کیا لینا ہے کیا دینا ہے

میں آپ کو یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ آپ کے اور ہمارے سامنے یورپ کی مثال موجود ہے۔ بھٹو صاحب! وہ آپس میں ہزاروں سال لڑتے رہے ہیں۔ افنان اللہ صاحب! وہ آپس میں ایک دوسرے سے ہزاروں سال لڑتے رہے ہیں۔ جرمنی انگلینڈ کے ساتھ نبرد آزما، فرانس جرمنی کے ساتھ نبرد آزما، روس پولینڈ کے ساتھ نبرد آزما، ایک دوسرے کے، وہ جو پنجابی میں کہتے ہیں نا، ایک دوسرے کے باپ مارے ہوئے ہیں۔

انہوں نے ایک دوسرے کے باپ مارے ہوئے تھے۔ہم تو ہندوستان سے 78 سال پہلے ہی جداہوئے ہیں۔ پہلے تو ساری عمر ہم اکٹھے رہے ہیں۔میں تو وہاں جاتا ہوں۔ہم نے توالحمد للہ پانچ سو سال پہلے اسلام قبول کیا تھا۔اللہ کا شکر ادا کرتے ہیں کہ ہمارے بزر گوں کو اللہ پاک نے یہ توفیق عطا کی لیکن وہاں پر ہمارے اور دوسرے جوcousins ہیں، جو اور دوسرے داتا کی اولاد ہیں، وہ وہاں پر ہندو ہیں، لیکن اللہ تعالیٰ نے ہمیں سر فراز کر دیا کہ اسلام کی روشنی اللہ تعالیٰ نے ہمیں عطا کر دی اور ہم آج الحمد للہ مسلمان ہیں۔

میں یہ کہتا ہوں کہ یورپ نے اس بات کو سمجھ لیا۔ اب ہندوستان ہمارا پانی بند کرنے کا سوچ رہا ہے۔ وہ کہہ رہا ہے کہ چناب سے وہ tunnel نکالیں گے۔وہ ہمارے آبی ذخائر کو برباد کرنے کے لیے سوچیں گے۔ اچھا یہ تو قدرت کی طرف سے دی ہوئی چیز ہیں نا۔ یہ زمین آغا صاحب! قدرت نے دی ہے۔ یہ جو دریا ہیں، یہ قدرت نے دیے ہیں۔ یہ کوئی ہندوستان نے یا پاکستان نے یا بنگلہ دیش نے نہیں بنائے۔ یہ زمین اللہ نے بنائی ہے اور ہمیں اس کا احترام کرنے کی ضرورت ہے۔ اگر آپ ہمارا پانی روکیں گے اور آپ ہمارے آبی وسائل پر قبضہ کرنا چاہیں گے۔ پانی کا سنگین مسئلہ ہے، سنگین بحران ہے۔ ایک وقت ہوتا ہے کہ پانی اتنا آتا ہے کہ ہم پانی میں ڈوب جاتے ہیں۔ جناب چیئرمین! اس سال جب پانی آیا ہے تو ہمارے ملتان کی دو تحصیلیں، جنوبی پنجاب کی دو تحصیلیں، سرائیکی بیلٹ کی جلال پور پیر والا اور علی پور، دونوں 99 فیصد برباد ہو گئیں۔ بالکل، سوائے چھوٹے چھوٹے جو دو شہر تھے، ان کے علاوہ صفحہ ہستی سے مٹ گئے۔وہاں پر حکومت نے بھی کام کیا، سب لوگ پہنچے لیکن کتنا مداوا ہو سکتا تھا۔ان کے اشکوں کا کیا مداوا ہو سکتا تھا۔ ایک وقت آتا ہے کہ پانی بالکل نہیں ہوتا۔ ان ہی دریاؤں کے اوپر ہمیں بیٹھ کر بات کرنی ہوگی۔ یہ پاکستان کا Upper House ہے۔ اگر ہم بیٹھ کے بات نہیں کریں گے، اگر ہم بیٹھ کے مسائل کا حل نہیں سوچیں گے، ہم بیٹھ کر اپنے معاملات کو طے نہیں کریں گے تو کون کرے گا۔ کیا آسمان سے کوئی فرشتے آئیں گے، جبرائیل امین آئیں گے۔

خدا نے آج تک اس قوم کی حالت نہیں بدلی
نہ ہو جس کو خیال آپ اپنی حالت کے بدلنے کا

ہمیں اپنی حالت کو خود بدلنا ہے۔ ہمیں بیٹھ کر بات کرنی ہے،dialogue کرنا ہے، گفتگو کرنی ہے۔ ایک دوسرے کے ساتھ برداشت کے ساتھ چلنا ہے۔آج جو چین کی نیند سو رہے ہیں، وہ یہ بھی ہے کہ آج افواج پاکستان اتنی مضبوط ہیں کہ آج ہم چین کی نیند سو رہے ہیں ورنہ جس طرح سے وہ دس گنا بڑی قوت ہمارے برابر میں ہے، وہ جس طرح سے ہمارے اوپر چڑھ دوڑے تھے تو اس کا کیا نتیجہ ہم سے برآمد ہوتا۔

میں پھر یہی کہوں گا کہ:

کھلتا کسی پر کیوں میرے دل کا معاملہ
شیروں کے انتخاب نے رسوا کیا مجھے

میں ایوان بالا کے لیے یہ کہوں گا کہ بھائی آپس میں گفتگو کریں، بیٹھ کر بات کریں، بیٹھ کر بات کرکے message دیں اور وہ message, میں نے جیسے کہا کہ ہم کسی ہندو کو نہیں مارنا چاہتے۔ ہم کسی سکھ کو نہیں مارنا چاہتے۔ ہم کسی مسلمان کو نہیں مارنا چاہتے۔ کسی کو ہم نہیں مارنا چاہتے۔ ہم بیٹھ کر بات کرنا چاہتے ہیں۔ آج اللہ پاک نے پاکستان کو سرفراز کیا ہے کہ آج ہم نے امریکہ اور ایران کی ثالثی کرائی ہے۔ ہم لوڈ شیڈنگ سے نبرد آزما ہیں۔ تنخواہیں نہیں ہیں۔ ہمارے پاس بجٹ کا مسئلہ ہے۔ ہمارے پاس پیسے نہیں ہیں۔ ہمارے پاس مسائل کا انبار ہے لیکن اس کے باوجود اللہ تعالیٰ نے ہمیں یہ عزت بخشی ہے کہ ہم نے بیٹھ کر دنیا کے بڑے ممالک کی ثالثی کرائی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں مزید گفتگو کرنے کی ضرورت ہے، آپس میں بھی اور ہندوستان کے ساتھ بھی اور باقی بھی دنیا کے سارے ملکوں کے ساتھ گفتگو کرنی ہے۔ شکیب جیلانی نے کہا تھا کہ:

گفتگو کیجیے یہ فطرت انساں ہے شکیب
جالے لگ جاتے ہیں جب بند مکاں ہوتا ہے

ہم بات کریں گے، dialogue کریں گے تو ہم اپنے مسائل کے حل کی طرف جائیں گے۔ پاکستان میں ہر سال 70 لاکھ بچے پیدا ہو رہے ہیں۔ پاکستان پورے یورپ سے زیادہ بچے پیدا کر رہا ہے۔ جو نوجوان ہمارے آرہے ہیں، ان کے لیے کوئی direction نہیں ہے۔ وہ frustration کا شکار ہیں۔ ان کو راستہ نہیں مل رہا کہ وہ کس طرف جائیں۔ آج سے تیس سال پہلے چین بھی اسی طرح کے crises کا شکار تھا۔ آپ اور ہم اکٹھے چین بھی گئے تھے۔ آپ دیکھیں کیسی انہوں نے ہوشربا ترقی کی ہے۔۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: فوزیہ ارشد صاحبہ! تشریف رکھیں۔ آپ نے کہا تھا کہ میں ان کی تقریر سن کر جاؤں گی۔ جی رانا صاحب۔

سینیٹر رانا محمود الحسن: میں یہ کہہ رہا ہوں کہ ہمیں وہ direction دینے کی ضرورت ہے۔ میں صرف ایک مثال آپ کو دینا چاہ رہا ہوں کہ ہمارے پاس پاکستان میں ایک ادارہ ہے ,NAVTTC وہ ہر سال 80 ہزار بچوں کو ٹریننگ دیتا ہے۔ اگر وہ 80 ہزار بچوں کو ٹریننگ دی جاتی تو ان میں سے اگر آدھے بھی باہر چلے جاتے۔ وزیر صاحب! جتنی exports سے ہمیں آمدنی آرہی ہے، اس سے زیادہ remittance ہمیں دستیاب ہوتے۔ اس میں سنگین بے ضابطگیاں ہو رہی ہیں۔ میں نے بڑی کوشش کی ہے، اس پر Sub-Committee بنائی ہے اور اس میں ان کو سوال کیے ہیں۔ مجھے جنوبی پنجاب سے complaint موصول ہوئی کہ بجائے ڈیڑھ لاکھ روپے فی سٹوڈنٹ جو ایک ادارے کو دیے

جانے تھے، ان کو 1500 روپے دیے جا رہے ہیں۔ اگر وہ information کہیں غلط ثابت ہوئی تو میں آ کر on the floor of the House معافی مانگ لوں گا لیکن اگر وہ بات درست ہے اور وہ پاکستان کے بچوں کے مستقبل سے کھیلا جا رہا ہے تو پھر جناب چیئرمین! ان کے لیے کوئی معافی نہیں ہونی چاہیے۔ ان کے لیے معافی کی کوئی گنجائش نہیں ہونی چاہیے۔ (جاری۔۔۔T27)

T27-17June2026 Ali/Ed: Waqas 05:00 pm

سینیٹر رانا محمود الحسن: (جاری ہے۔۔۔۔۔) جناب چیئرمین! ان کے لیے معافی کی کوئی گنجائش نہیں ہونی چاہیے، ان کی تحقیقات کرائی جانی چاہیں، ان کی تحقیقات آئی بی کرے، ان کی تحقیقات آئی ایس آئی کرے۔ یہ پورے پاکستان کے بچوں کے مستقبل کا مسئلہ ہے، ہمارے بچوں کے مستقبل کا مسئلہ ہے اور آج میں آپ سے اپنے صوبے کی بات بھی کرنا چاہتا ہوں۔ 13 کروڑ کا صوبہ ہے۔ دنیا میں صرف بارہ ملک بڑے ہیں پنجاب سے، 13 نمبر پر پنجاب ہے۔ بھائی! جب کنبہ بڑا ہو جاتا ہے تو بٹوارہ ہوتا ہے، اب ہم نے تخت لاہور کے ساتھ نہیں رہنا، یہ ہمارا جواب ہے (سرائیکی)۔ ہمارا صوبہ ہمیشہ سے تھا، ہزاروں سال سے تھا۔ جب لاہور بھی صوبہ نہیں تھا، تب بھی ملتان صوبہ تھا، ہم نے نہیں رہنا۔ صوبہ پنجاب نے اس میں قرارداد پاس کی ہے، مسلم لیگ (ن) نے بھی پاس کی ہے، پی ٹی آئی نے بھی پاس کی ہے، پیپلز پارٹی نے بھی پاس کی ہے۔ ہم رہنا ہی نہیں چاہتے، ہم چاہتے ہیں کہ ہمارا صوبہ الگ ہمیں کر دیں، ہماری ہائی کورٹ الگ ہو، ہمارا NFC الگ ہو، ہمارے پاس کوئی economic zone نہیں ہے۔ ہمارے بچے دربدر دھکے کھا رہے ہیں، ہمارے بچوں کے پاس روزگار نہیں ہے۔

ایک زمانہ تھا جب ہم Parliament کے member بن کے آئے تھے تو مسرور احسن صاحب اور وقار مہدی صاحب تب کہا جاتا تھا کہ جو ان پڑھ لوگ ہیں، ان کو روزگار نہیں ملتا، ان کو نوکریاں نہیں ملتیں۔ اب وہ بالکل اُلٹا ہو گیا، پڑھے لکھے لوگوں کو روزگار نہیں ملتا۔ اب پڑھے لکھے لوگ دھکے کھا رہے ہیں، پڑھے لکھے لوگوں کے لیے راستہ نہیں ہے، کدھر جائیں گے وہ؟ کہاں جائیں؟ کس کو اپنا دکھڑا سنائیں؟ کس کو اپنا حال دل سنائیں؟ ہم کس کو بتائیں؟ خدارا! 13 کروڑ کا صوبہ ہے اور جس پر سب جماعتیں متفق ہیں۔ جب پاکستان بن رہا تھا تو بہاولپور والوں نے آپ پر احسان کیا تھا، آپ کی تنخواہیں دی تھیں، آپ کے پاس common pin لگانے کے لیے نہیں تھیں، آپ کانٹوں سے پن لگا رہے تھے۔ آج جب جنگ ہوئی ہے، آبی ذخائر کے ماہر ہمارے ساتھ بیٹھے ہوئے ہیں۔ وہ کہہ رہے تھے کہ ہم آبی ذخائر سے بجلی کیوں نہیں بنا رہے؟ کیوں ہم سارا انحصار تیل اور گیس پر کر رہے ہیں؟ جب ہمارے پاس یہ موجود ہے کہ ہم 50000 megawatt یا 100000 megawatt صرف دریائے سندھ سے حاصل کر سکتے ہیں، تو ہمارا focus اس طرف کیوں نہیں کیا جا رہا؟ کیوں ہم کوئلے کی طرف جا کر

ماحول کو بھی pollute کر رہے ہیں اور environment کو بھی خراب کر رہے ہیں؟ بہر حال ہمیں industrial zone چاہیے، ہمیں اپنی ہائی کورٹ چاہیے، ہمیں اپنا NFC چاہیے، ہمیں الگ صوبہ چاہیے۔ ہم نے رہنا ہی نہیں پنجاب کے ساتھ ۔ ہمارا بالکل قطعاً جواب ہے، ہم نے نہیں رہنا۔ ہم نے اپنی پارٹی کے اندر بات کی ہے، Bilawal Bhutto Sahib نے بھی، Zardari Sahib نے بھی کہا ہے کہ جب پنجاب کی Assembly نے قرارداد پاس کر دی ہے، تو آپ اپنے صوبے کے لیے لڑیں۔ جس نے اپنے صوبے کے لیے کوشش کرنی ہے، ان کی Assembly اپنی کوشش کرے۔ ہماری Assembly نے، پنجاب کی Assembly نے قرارداد پاس کر دی کہ صوبہ بنادیا جائے۔ Senate نے بھی پاس کر دی۔ پھر کیا قدغن ہے؟ کیا رکاوٹ ہے؟ کیوں نہیں سرائیکستان بن رہا؟ ہمیں الگ سے ہمارا صوبہ کیوں نہیں دیا جا رہا؟

Mr. Presiding Officer: Thank you, Rana Sahib.

سینیٹر رانا محمود الحسن: میرے پاس دیگر بہت ساری باتیں ہیں، مگر میں صرف آپ سے یہ کہوں گا کہ ہمارے راجن پور میں، ہمارے ڈیرہ غازی خان میں، ہمارے مظفر گڑھ میں، ہمیں Agricultural Universities کی ضرورت ہے، وہاں ہمیں IT Universities کی ضرورت ہے، وہاں ہمیں AI کی ضرورت ہے۔ ڈاکٹر افنان اللہ صاحب خود IT کے expert ہیں۔ ہمیں اپنے بچوں کو train کر کے technology کی طرف لے کر جانا ہے اور جس طرف آپ خود اشارہ کرتے ہیں، سینیٹر عبدالقادر صاحب، آپ خود درد دل رکھنے والے انسان ہیں۔ آپ خود اس طرف اشارہ کرتے ہیں کہ ہمیں اس direction میں جانے کی ضرورت ہے۔ باتیں تو بہت سی تھیں، لیکن میں صرف کپاس کا ذکر ضرور کر دوں کہ ہمارے وہ جو۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آج آپ نے وہ proposal Finance Committee میں بھی بھیجا ہے۔

سینیٹر رانا محمود الحسن: وہاں بھی میں نے بھیجا ہے۔ ایک زمانے میں FBR کو CBR بھی کہتے تھے۔ تو افریقہ سے ایک یہودی یروشلم گیا، وہاں دیوار گریہ ہے، اسے wailing wall کہتے ہیں، جہاں پر وہ گریہ وزاری کرتے ہیں۔ تو اس نے ڈرائیور سے کہا کہ مجھے وہاں لے چلو جہاں پر گریہ وزاری کرتے ہیں، جہاں روتے دھوتے ہیں، اس دیوار پر لے چلو، وہ ڈرائیور عبرانی بولتا تھا، وہ african زبان بولتا تھا۔ ایک گھنٹے بعد اس کو سمجھ آ گئی کہ ہاں یہ دیوار کا کہہ رہا ہے۔ تو وہ اسے لے گیا اور دیوار گریہ کے بجائے یروشلم کے income tax department کی دیوار کے سامنے جا کر کھڑا کر دیا۔ اس نے کہا یہاں رو، یہاں پر سارے روتے ہیں۔ تو بات یہ ہے کہ۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: Minister Sahib note کر رہے ہیں، ٹھیک ہے۔ رانا صاحب کی بڑی interesting گفتگو ہے۔

سینیٹر رانا محمود الحسن: اچھا یہ Law کے ہیں، اچھا وہ انہوں نے کہا کہ یہ افغانستان کے وفاقی وزیر ریلوے ہیں، انہوں نے کہا یہاں تو ریل ہے ہی نہیں تو انہوں نے کہا کہ پاکستان میں بھی تو وفاقی وزیر قانون ہے نا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ گھی میں ڈبو ڈبو کر تیر برسا رہے ہیں۔

سینیٹر رانا محمود الحسن: ہم چھ ارب dollar کا خوردنی تیل منگواتے ہیں۔ میں تو بڑے پیار سے۔

ایہنا ساریاں دے وارث ہین، شاکر

ساکورج کے لٹ ساڈا کوئی کہن نہیں

ہمارا سرائیکیوں کا کوئی نہیں ہے۔ ہم نو کروڑ سرائیکی ہیں، ہم پاکستان کی سب سے بڑی community ہیں۔ نو کروڑ سرائیکی بولنے والے ہیں۔ ہمارا کوئی پرسان حال نہیں، کوئی ہماری اشک شوئی کرنے والا نہیں، کوئی ہمارے آنسو پونچھنے والا نہیں۔ مری میں ہماری ایک bus کو حادثہ پیش آیا ، اس میں سے دس بیچارے مسافر جل کر وہیں مر گئے۔ اللہ بھلا کرے DC Murree کا، Commissioner Rawalpindi کا اور پھر PIMS hospital کے burn unit والوں کا بھی کہ انہوں نے مہربانی کی، لیکن حکومتی عہدیداروں میں سے وہاں ملتان کوئی نہیں گیا۔ اگر وہ کہیں لاہور سے ہوتے، Upper Punjab سے ہوتے، Sialkot سے ہوتے، Gujranwala سے ہوتے، تو سب ان کو پوچھتے، سب ان کی اشک شوئی کرتے، لیکن کوئی نہیں گیا۔ ملتان میں کوئی helicopter نہیں اترا، کوئی جہاز نہیں گیا، کوئی وزیر اعظم نہیں گیا، کوئی وزیر اعلیٰ نہیں گیا۔ کسی نے جا کر نہیں پوچھا کہ تم پر کیا گزری ہے؟ تمہارا کیا حال ہوا ہے؟

South Africa میں ایک بڑا سنگین مسئلہ چل رہا ہے، وہاں اغوا برائے تعاوان ہو رہے ہیں، وہاں قتل عام ہو رہا ہے۔ چیئرمین صاحب میں آپ کے ذریعے وزارت خارجہ کو دوبارہ یہ استدعا کروں گا کہ وہ اس معاملے کی سنگینی کو دیکھیں۔ وہ پاکستان کے Ambassadors ہیں، جو پاکستان کے لیے remittances لے کر آتے ہیں اور پاکستان کے سفیر ہیں۔ ان کے لیے ان کی اشک شوئی کریں، وہاں ان کے جو مسائل حل کیے جائیں۔ اسی طرح سے ڈاکٹر صفدر راجپوت میرے ایک عزیز ہیں، ان کا دادو میں قتل ہوا ہے، ابھی تک ملزمان trace

نہیں ہو سکے۔ اب ہم اس معاملے کو Interior Ministry میں لے کر جا رہے ہیں۔ ہم IG Sindh سے بھی مطالبہ کریں گے، IG Sindh سے بھی میں خود بات کروں گا۔

آخر میں، میں آپ سے صرف یہی کہہ رہا ہوں کہ جو خوردنی تیل ہے، وہ ہم پاکستان میں چھ ارب dollar کا منگواتے ہیں۔ چھ ارب dollar کا ہم کھانے کا تیل استعمال کرتے ہیں اور پاکستان کے اندر جو سورج مکھی پیدا ہوتی ہے، سرسوں پیدا ہوتی ہے، اور جو بھی olives ہوتے ہیں، ان کے اوپر 17.5% sales tax ہے۔۔ (جاری ہے۔۔۔۔۔T-28)

**T28–17June2026 Imran/ED: Shakeel 05:10 pm**

سینیٹر رانا محمود الحسن: (جاری۔۔۔۔۔) پاکستان میں جو سورج مکھی پیدا ہوتی ہے، سرسوں پیدا ہوتی ہے، زیتون ہوتا ہے اور دیگر پر ساڑھے سترہ فیصد sales tax ہے۔ بھائی وہ sales tax یہاں کی local crops کے اوپر تو ختم کرو تاکہ یہاں کے کسان کی حوصلہ افزائی ہو۔ یہاں کا کسان ویسے ہی مارا گیا ہے۔ کسان کے ساتھ وہ ظلم ہوا ہے کہ رہے خدا کا نام۔ کوئی اُنہیں بتانے والا نہیں اور ہر سال کبھی آلو زیادہ ہو جاتا ہے تب رُل گیا، کبھی ٹماٹر زیادہ ہو گیا تب رُل گیا، کپاس کا ہم نے کیا حشر کر دیا ہے؟ کسان کا کوئی پُرسانِ حال نہیں۔ بس آپ سے باتیں تو بہت ساری کرنی تھیں لیکن پتا نہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ رانا صاحب۔ آپ نے ابھی بھی کافی باتیں کیں ہیں۔

سینیٹر رانا محمود الحسن: وہاں لاہور میں ایک بچہ احمد جاوید قتل ہوا ہے اُس کے اوپر ایک سو سینتیس گولیاں ماری گئی ہیں اور ایک عدالت نے اُس کی ضمانت لے لی ہے۔ کوئی اللہ بھی اوپر بیٹھا ہے، کوئی خدا کا خوف کریں۔ چکوال میں ایک بچی انعم جاوید کو مار دیا ہے جس میں آسٹریلیا کے Prime Minister نے مداخلت کر دی ہے۔ بس آپ سے اجازت چاہتے ہوئے اور یہ کہتے ہوئے کہ

حامی بھی نہ تھے منکر غالبؔ بھی نہیں تھے
ہم اہل تذبذب کسی جانب بھی نہیں تھے
اس بار بھی دنیا نے ہدف ہم کو بنایا
اس بار تو ہم شہ کے مصاحب بھی نہیں تھے
مٹی کی محبت میں ہم آشفتہ سروں نے
وہ قرض اتارے ہیں کہ واجب بھی نہیں تھے

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر:** رانا صاحب آپ کی اس speech پر treat ہے۔آپ بڑی زبردست شاعری کرتے ہیں۔ بہت شکریہ جی۔

The proceedings of the House stands adjourned to meet again on Thursday the 18th June, 2026 at 12:30 p.m.

------------------

*[The House was then adjourned to meet again on Thursday, 18th June, 2026 at 12:30 p.m.]*

------------------